Presented By: https://jafrilibrary.com

وظائف الصّالحین

تعقیبات اور دعاؤں کا مجموعہ

ملنے کا پتہ

نظامی پریس بکڈپو، وکٹوریہ اسٹریٹ، لکھنؤ

وظائف الصّالحین

نظامی پریس بکڈپو، لکھنؤ

Printed by :
NIZAMI PRESS BOOK DEPOT
Victoria Street, Lucknow.
Tel.: 0522-2267964 + 0522-2240672
Office Resi.
Mob.: 9935983520

وظائف الصالحین

تعقیبات اور دعاؤں کا مجموعہ

برائے ایصال ثواب
سید نثار حسین ابن رمضان علی
اختر النساء بنت علی جان
سید علی انصر ابن شبیر حسن
سیدہ حسنٰی بنت اخلاق حسین

ملنے کا پتہ

نظامی پریس بکڈپو، وکٹوریہ اسٹریٹ، لکھنؤ

نگرانیٔ اِمام میں ہو گا یہ نیک کام
اچھا ہے وقت خواب کی تعبیر کے لئے
محشر میں فاطمہؑ تجھے کر دیں گی سرخرو
اٹھ جنّت البقیع کی تعمیر کے لئے
آصف لکھنوی

JANNATULBAQI PDF
Join us for Pdf Books @ Telegram Link
http://t.me/jannatulbaqii
App:- JANNATUL BAQI on Google Play Store
Please intsall & registered your Condemn

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

☆ نام کتاب : **وظائف الصالحین**

☆ مؤلف : سید آصف حسن رضوی

☆ مطبوعہ : نظامی پریس لکھنؤ

☆ سن اشاعت : September 2010

☆ ہدیہ مجلد : Rs.

ملنے کا پتہ

نظامی پریس بکڈپو، وکٹوریہ اسٹریٹ، لکھنؤ

Ph.: 0522-2267964 (O), 0522-2240672 (R)
Mobile : 9935983520, 9044851355

فہرست کتاب وظائف الصالحین

نمبر شمار	عنوان	صفحہ	نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۱		۶	۱۷	دعا کے دیر میں قبول ہونے کی وجہ	۳۸
۲	سورۂ ملک				
۳		سے	۱۸	حضرت آدمؑ کی دعا	۳۹
۴		۱۵	۱۹	حضرت نوحؑ کی دعا	۴۰
۵	تلاوت قرآن کے آداب	۱۶	۲۰	حضرت ابراہیمؑ کی دعا	۴۱
۶	تلاوت کی فضیلت	۱۶	۲۱	حضرت موسیٰؑ کی دعا	۴۱
۷	درود و سلام کی برکتیں	۲۰	۲۲	دعاء یستشیر	۴۲
۸	حدیث کساء کی فضیلت	۲۴	۲۳	دعاء صحیفہ	۴۲
۹	عظمت والدین	۲۵	۲۴	تسبیحات	۴۲
۱۰	دعاؤں کی اہمیت	۲۷	۲۵	دعاء بیت المعمور	۴۲
۱۱	دعا کے متعلق ارشادات الٰہی	۲۹	۲۶	دعاء اویس قرنی	۴۲
۱۲	دعا کے متعلق معصومینؑ کے ارشادات	۳۲	۲۷	دعاء توسل کے اسناد	۴۳
			۲۸	دوسری دعاء توسل	۴۳
۱۳	دعائیں اور ان کے طریقہ و اوقات	۳۳	۲۹	دردطوسی	۴۴
			۳۰	دعاء جوشن صغیر کے اسناد	۴۴
۱۴	مقامات قبولیت دعا	۳۶	۳۱	دعاء مجب کے اسناد	۴۴
۱۵	دعا پڑھنے کے فوائد	۳۶	۳۲	دعاء صد سبحان کے اسناد	۴۵
۱۶	وہ گروہ جن کی دعا قبول نہیں ہوتی	۳۷	۳۳	دعاء جوشن کبیر	۴۵
			۳۴	دعاء مجیر	۴۶

نمبر شمار	عنوان	صفحہ	نمبر شمار		صفحہ
۳۵	دعاء صحیفہ کے اسناد	۴۶	۵۳	عملیات نادعلیؑ	۶۷
۳۶	اسناد دعاء بیت المعمور	۴۷	۵۴	نادعلیؑ کبیر	۷۲
۳۷	دعاء بیت المعمور	۴۸	۵۵	ہفتے کے دنوں کی دعائیں	۷۳
۳۸	دعاء معراج	۴۹	۵۶	دعاء ہلال	۷۵
۳۹	دعاء طوسی	۵۲	۵۷	سفر پہ جانے کی دعائیں	۷۹
۴۰	دعاء برائے حفاظت و دفع دشمنان	۵۳	۵۸	تعقیبات نماز پنجگانہ	۸۳
			۵۹	تعقیبات نماز فجر	۸۳
۴۱	تسبیحات اربعہ	۵۵	۶۰	تعقیبات نماز ظہر	۸۷
۴۲	دعاء نور صغیر	۵۶	۶۱	تعقیبات نماز عصر	۸۹
۴۳	تسبیح حضرت زہراؑ کی فضیلت	۵۸	۶۲	تعقیبات نماز مغرب	۹۰
۴۴	دوسری دعاء	۶۰	۶۳	تعقیبات نماز عشاء	۹۱
۴۵	تیسری دعاء	۶۰	۶۴	دعاء وحدت و تعقیبات	۹۳
۴۶	نماز فریضہ کے بعد پڑھنے کی دعا	۶۰	۶۵	دیگر تعقیبات نماز صبح	۹۵
			۶۶	دعا برائے حاجات و کامیابی	۹۷
۴۷	سونے وقت کی دعاء	۶۱			
۴۸	سال کے آغاز کی دعاء	۶۱	۶۷	روزانہ دیکھنے کے نقوش	۹۸
۴۹	نماز و دعاء صاحب الزمانؑ	۶۳	۶۸	مولف کی مطبوعہ و غیر مطبوعہ کتب	۱۰۴
۵۰	صاحب الزمانؑ کے لئے دعا	۶۴			
۵۱	طریقہ ورد اسماء الٰہی ایام ہفتہ	۶۵	۶۹	نماز شب کا بیان	۱۰۵
			۷۰	نماز شب کی اہمیت اور فوائد	۱۰۸
۵۲	نقش نادعلیؑ	۶۶			

نمبر شمار	عنوان	صفحہ	نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۷۱	نماز شب کے آداب و فضیلت	۱۱۰	۸۰	عمل دفع مصائب	۱۴۷
			۸۱	نماز قضائے عمری	۱۵۱
۷۲	نماز شب کا وقت	۱۱۴	۸۲	سفر پر جانے کی دعا	۱۵۲
۷۳	نماز شب پڑھنے کا طریقہ	۱۱۵	۸۳	مناجات حضرت عباسؑ	۱۵۴
۷۴	نماز شب کے متعلق ائمہ اطہارؑ کے ارشادات	۱۱۸	۸۴	مناجات حضرت موسیٰ کاظمؑ	۱۵۸
			۸۵	نماز ہدیہ والدین	۱۶۲
۷۵	نماز شفع کے بعد پڑھنے کی دعا	۱۲۰	۸۶	خیرات برائے اعزاء	۱۶۳
			۸۷	نماز وحشت قبر	۱۶۴
۷۶	نماز وتر کے قنوت میں پڑھنے کی دعا	۱۲۰	۸۸	قبروں کی زیارت	۱۶۵
			۸۹	اموات پر سلام	۱۶۶
۷۷	انبیاءؑ کی دعائیں	۱۲۱	۹۰	زیارت جامعہ صغیرہ	۱۶۷
۷۸	دعا برائے حفاظت	۱۳۳	۹۱	امام موسیٰ کاظمؑ کی دعا	۱۶۸
۷۹	ائمہ معصومینؑ کی دعائیں	۱۴۰	۹۲	نماز شب کی فضیلت	۱۶۹
			۹۳	سورۂ یٰسین	
			۹۴	حدیث کساء	
			۹۵	سورۂ رحمٰن	
			۹۶	دعائے ندبہ	
			۹۷	اعمال عاشورہ	

برائے ایصال ثواب
سید نثار حسین ابن رمضان علی
اختر النساء بنت علی جان
سید علی انصر ابن شبیر حسن
سیدہ حسنیٰ بنت اخلاق حسین

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



سُورۃ ملک کے محاسن

حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السّلام سے روایت ہے کہ جناب رسول خدا نے فرمایا جو شخص اس سورے کو پڑھے گا وہ قیامت کے روز نجات پائے گا، ملائکہ کے پروں پر اڑے گا اور جناب یوسف جیسا حسن پائے گا" اور امام محمدّ باقر علیہ السّلام نے فرمایا ہے کہ سورۂ ملک سورہ مانعہ ہے اس لیے کہ بچاتا ہے اپنے پڑھنے والوں کو عذاب قبر سے اور توریت میں بھی اس کا نام سورۂ ملک ہے جو شخص اس سورے کو بوقت شب پڑھے تو صاحب برکت قرار پائے گا اور خوش رہے گا اور میں اس سورے کو عشاء کے بعد پڑھتا ہوں۔

اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام فرماتے ہیں جو شخص تبارک الذی پڑھے گا۔ خاص کر سونے سے پہلے تو وہ ہمیشہ خدا کی امان میں رہے گا اور قیامت کے روز خدا کی پناہ

میں ہوگا اور اس سورے کو منجیہ بھی کہتے ہیں کیونکہ یہ عذاب قبر سے محفوظ رکھنے والا ہے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "انها واقية من عذاب القبر"

(۶۷) سُوْرَةُ الْمُلْكِ مَكِّيَّةٌ (۷۷)
اٰيَاتُهَا ۳۰ رُكُوْعَاتُهَا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
ابتدا اللہ کے نام سے، جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنیوالا ہے۔

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ
جس (خدا) کے قبضہ میں (سارے جہان کی) بادشاہت
وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرُ (۱)
ہے وہ بڑی برکت والا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے
الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَ الْحَيٰوةَ
جس نے موت اور زندگی کو پیدا کیا تاکہ تمہیں
لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا
آزمائے کہ تم میں سے کام میں سب سے اچھا کون
وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ (۲) الَّذِيْ
ہے اور وہ غالب (اور) بڑا بخشنے والا ہے، جس
خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا مَا
نے سات آسمان تلے اوپر بنا ڈالے بھلا تجھے

تَرٰى فِيْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ
خدا کی آفرینش میں کوئی کسر نظر آتی
تَفٰوُتٍ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ
ہے تو پھر آنکھ اٹھا کر دیکھ بھلا تجھے کوئی
تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ (۳) ثُمَّ ارْجِعِ
شگاف نظر آتا ہے، پھر دوبارہ آنکھ اٹھا
الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ
کر دیکھ تو (ہر بار تیری) نظر ناکام اور
الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ (۴)
تھک کر تیری طرف پلٹ آئے گی،
وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا
اور ہم نے نیچے والے (پہلے) آسمان کو (تاروں کے)
بِمَصَابِيْحَ وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا
چراغوں سے زینت دی ہے اور ہم نے ان
لِّلشَّيٰطِيْنِ وَاَعْتَدْنَا لَهُمْ
کو شیطانوں کے مارنے کا آلہ بنایا اور ہم نے
عَذَابَ السَّعِيْرِ (۵) وَلِلَّذِيْنَ
ان کے لیے دہکتی ہوئی آگ کا عذاب تیار کر رکھا ہے اور جو

كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ
لوگ اپنے پروردگار کے منکر ہیں ان کے لیے جہنم کا
وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ (۶) اِذَآ اُلْقُوْا
عذاب ہے اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے، جب یہ لوگ اس میں
فِيْهَا سَمِعُوْا لَهَا شَهِيْقًا وَّهِيَ
ڈالے جائیں گے تو اس کی بڑی چیخ سنیں گے اور وہ
تَفُوْرُ (۷) تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ
جوش مار رہی ہوگی، بلکہ گویا مارے جوش کے پھٹ پڑے گی
كُلَّمَآ اُلْقِيَ فِيْهَا فَوْجٌ سَاَلَهُمْ
جب اس میں (ان کا) کوئی گروہ ڈالا جائے گا تو ان سے داروغۂ
خَزَنَتُهَآ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَذِيْرٌ (۸)
جہنم پوچھے گا کیا تمہارے پاس کوئی ڈرانے والا (پیغمبر) نہیں آیا تھا؟
قَالُوْا بَلٰى قَدْ جَآءَنَا نَذِيْرٌ
وہ کہیں گے ہاں ہمارے پاس ڈرانے والا ضرور
فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ
آیا تھا مگر ہم نے اس کو جھٹلا دیا اور کہا
مِنْ شَيْءٍ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ
کہ خدا نے کچھ نازل نہیں کیا تم تو بڑی (گمراہی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

ضَلٰلٍ كَبِيْرٍ ۝٩ وَقَالُوْا لَوْ كُنَّا
گمراہی میں (پڑے) ہو، اور (یہ بھی) کہیں گے کہ اگر
نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِيْٓ
(ان کی بات) سنتے یا سمجھتے تو (آج) دوزخیوں
اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ۝١٠ فَاعْتَرَفُوْا
میں نہ ہوتے ....غرض
بِذَنْۢبِهِمْ ۚ فَسُحْقًا لِّاَصْحٰبِ
وہ اپنے گناہوں کا اعتراف کرلیں گے، تو دوزخیوں
السَّعِيْرِ ۝١١ اِنَّ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ
کو خدا کی رحمت سے دوری ہے، بے شک جو لوگ اپنے
رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ
پروردگار سے بے دیکھے بھالے ڈرتے ہیں ان کے
وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝١٢ وَاَسِرُّوْا
لیے مغفرت اور بڑا بھاری اجر ہے، اور تم لوگ
قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ۭ اِنَّهٗ
اپنی بات چھپا کر کہو یا کھلم کھلا وہ
عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝١٣
تو دل کے بھیدوں تک سے خوب واقف ہے

اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ۭ وَهُوَ
بھلا جس نے پیدا کیا وہ بے خبر ہے، وہ تو
اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ۝١٤ هُوَ الَّذِيْ
بڑا باریک بیں اور واقف کار ہے، وہی تو ہے
جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ ذَلُوْلًا
جس نے زمین کو تمہارے لیے نرم (وہموار) کر دیا
فَامْشُوْا فِيْ مَنَاكِبِهَا وَكُلُوْا
تو اس کے اطراف و جوانب میں چلو اور اس کی (دی ہوئی)
مِنْ رِّزْقِهٖ ۭ وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ ۝١٥
روزی کھاؤ اور پھر اسی کی طرف (قبر سے) اٹھ کر جانا ہے،
ءَاَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَاۗءِ
کیا تم اس شخص سے (جو آسمان میں) حکومت کرتا ہے
اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمُ الْاَرْضَ
اس بات سے بے خوف ہو کہ تم کو زمین میں دھنسا دے
فَاِذَا هِيَ تَمُوْرُ ۝١٦ اَمْ اَمِنْتُمْ
پھر وہ یکبارگی الٹ پلٹ کرلیں گے، یا تم اس بات سے
مَّنْ فِي السَّمَاۗءِ اَنْ يُّرْسِلَ
بے خوف ہو کہ جو آسمان میں (سلطنت کرتا) ہے

عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ۭ فَسَتَعْلَمُوْنَ
کر تم پر پتھر بھری آندھی چلائے تو تمہیں عنقریب
كَيْفَ نَذِيْرِ ۝١٧ وَلَقَدْ كَذَّبَ
ہی معلوم ہو جائے گا کہ میرا ڈرانا کیسا ہے؟ اور جو لوگ ان
الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ
سے پہلے تھے انھوں نے جھٹلایا تھا تو (دیکھو) کہ
كَانَ نَكِيْرِ ۝١٨ اَوَلَمْ يَرَوْا
میری ناخوشی کیسی تھی؟ کیا لوگوں نے اپنے سروں پر
اِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صٰۗفّٰتٍ
چڑیوں کو اڑتے نہیں دیکھا جو پروں کو پھیلائے
وَّيَقْبِضْنَ ڼ مَا يُمْسِكُهُنَّ
رہتی ہیں اور سمیٹ لیتی ہیں کہ خدا کے
اِلَّا الرَّحْمٰنُ ۭ اِنَّهٗ بِكُلِّ
سوا انہیں کوئی نہیں روکے رہ سکتا بے شک
شَيْءٍۢ بَصِيْرٌ ۝١٩ اَمَّنْ هٰذَا
وہ ہر چیز کو دیکھ رہا ہے بھلا خدا کے سوا ایسا کون
الَّذِيْ هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ يَنْصُرُكُمْ
ہے جو تمہاری فوج بن کر تمہاری مدد کرے

مِّنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ۭ اِنِ الْكٰفِرُوْنَ
کافر لوگ تو دھوکے ہی دھوکے
اِلَّا فِيْ غُرُوْرٍ ۝٢٠ اَمَّنْ هٰذَا
میں ہیں، بھلا خدا اگر اپنی (دی ہوئی)
الَّذِيْ يَرْزُقُكُمْ اِنْ اَمْسَكَ
روزی روک لے تو کون ایسا ہے........ جو
رِزْقَهٗ ۚ بَلْ لَّجُّوْا فِيْ عُتُوٍّ وَّ
نہیں رزق دے مگر یہ کفار تو سرکشی اور
نُفُوْرٍ ۝٢١ اَفَمَنْ يَّمْشِيْ مُكِبًّا عَلٰي
نفرت (کے بھنور) میں پھنسے ہوئے ہیں، بھلا جو شخص
وَجْهِهٖٓ اَهْدٰٓى اَمَّنْ يَّمْشِيْ
اوندھا اپنے منہ کے بل چلے وہ زیادہ ہدایت
سَوِيًّا عَلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝٢٢
یافتہ ہوگا یا وہ شخص جو سیدھا برابر راہ راست پر چل رہا ہو،
قُلْ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ وَ
(اے رسول) تم کہہ دو کہ خدا تو وہی ہے جس
جَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ
نے تم کو نت نیا پیدا کیا اور تمہارے واسطے کان اور

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۲۳﴾

آنکھیں اور دل بنائے (مگر) تم بہت کم شکر ادا کرتے ہو،

قُلْ هُوَ الَّذِىْ ذَرَاَكُمْ فِى

کہہ دو کہ وہی تو ہے جس نے تم کو زمین میں

الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۴﴾

پھیلا دیا اور اسی کے سامنے جمع کیے جاؤ گے،

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ

اور (کفار) کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو (آخر) یہ

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۵﴾ قُلْ

وعدہ کب پورا ہوگا، (اے رسولؐ) تم کہہ دو کہ

اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۪ وَاِنَّمَاۤ

(اس کا) علم تو بس خدا کو ہے اور میں تو صرف

اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲۶﴾ فَلَمَّا رَاَوْهُ

صاف صاف (عذاب سے) ڈرانے والا ہوں۔ تو جب یہ

زُلْفَةً سِيْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِيْنَ

لوگ اسے قریب دیکھ لیں گے تو (خوف کے مارے

كَفَرُوْا وَقِيْلَ هٰذَا الَّذِىْ

کافروں کے چہرے بگڑ جائیں گے اور ان سے کہا

كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ ﴿۲۷﴾ قُلْ

جائے گا یہ وہی ہے جس کے تم خواستگار تھے (اے رسولؐ)

اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِىَ اللّٰهُ

تم کہہ دو بھلا دیکھو تو کہ اگر خدا مجھ کو اور میرے

وَمَنْ مَّعِىَ اَوْ رَحِمَنَا ۙ فَمَنْ

ساتھیوں کو ہلاک کر دے یا ہم پر رحم فرمائے

يُّجِيْرُ الْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ

تو کافروں کو دردناک عذاب سے کون پناہ

اَلِيْمٍ ﴿۲۸﴾ قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا

دے گا، تم کہہ دو کہ وہی (خدا) بڑا رحم کرنے والا

بِهٖ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ

ہے جس پر ہم ایمان لائے اور ہم نے اسی پر بھروسہ

مَنْ هُوَ فِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۹﴾ قُلْ

کر لیا ہے تو عنقریب ہی تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ کون صریح گمراہی میں (پڑا) ہے

اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا

(اے رسولؐ) تم کہہ دو کہ بھلا دیکھو تو کہ اگر تمہارا پانی زمین

فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ﴿۳۰﴾ ع

کے اندر چلا جائے تو کون ایسا ہے جو تمہارے لیے پانی کا چشمہ بہا لائے!

آدابِ تلاوتِ کلامِ پاک اور اس کی فضیلت

قرآن مجید کی تلاوت کے وقت ایسے آداب کا خیال رکھنا کہ پاکیزگی کے ساتھ باوضو اُس کو چھوئیں اور رُجوع قلب، خشوع و خضوع سے قبلہ رُخ بیٹھ کر پاک جگہ پر تلاوت کریں۔

قرآن شریف پڑھنے سے پہلے شیطان پر لعنت بھیجے اور کہے اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ یہ استعاذہ کہلاتا ہے۔ اس کا حکم قرآن شریف میں آیا ہے۔ اور اس کے دو طریقے ہیں۔

(۱) اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ اور بعض روایات میں:

(۲) اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ بھی وارد ہوا ہے۔

تلاوتِ قرآن پاک کی فضیلت

قرآن شریف کو دیکھ کر پڑھنے کا بہت ثواب ہے جس گھر میں تلاوتِ قرآن شریف ہوتی ہے اس گھر میں ملائکہ آسمان سے برابر نازل ہوتے رہتے ہیں اور شیاطین دُور ہوتے ہیں اور اہل آسمان کو وہ گھر ایسے روشن نظر آتے ہیں جیسے اہل زمین کو ستارے آسمان پر چمکتے نظر آتے ہیں۔

بسند معتبر جناب رسالت مآب صلعم سے منقول ہے جو شخص ایک شب میں دس آیات پڑھے وہ غافلوں میں نہ لکھا جائے گا۔ اگر دو سو آیات کی تلاوت کرے گا تو خاشعین میں لکھا جائے گا۔ اگر تین سو آیات پڑھے تو فائزین میں لکھا جائے گا۔ اگر پانچ سو آیات پڑھے تو اس جماعت میں شمار ہوگا جنھوں نے عمر بھر عبادت کی ہوگی۔ اگر ہزار آیات پڑھے تو اس کے نام ایک قنطار نیکی تحریر

کی جائے گی اور ایک قنطار پندرہ ہزار مثقال سونے کا وزن ہے اور ایک مثقال چوبیس قیراط کا جو سب سے چھوٹا ہو وہ کوہِ اُحد کے برابر ہوتا ہے۔ اور سب سے بڑا اتنا کہ زمین اور آسمان کے درمیان فضا کے برابر۔

امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص مکہ معظمہ میں قرآن شریف ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک یا کم و بیش عرصہ میں ختم کرے اُس کے لئے ایسا ہی ثواب ہے جیسا کہ مندرجہ بالا حضرت رسولِ خدا کے قول کے مطابق ہے۔

جناب رسول خدا صلعم سے کسی نے پوچھا کہ میں حافظ قرآن ہوں قرآن کی تلاوت بحفظ بہتر ہے یا دیکھ کر؟ آنحضرت نے فرمایا دیکھ کر پڑھنا بہتر ہے کیونکہ قرآن شریف پر نظر ڈالنا بھی ثواب ہے۔ پھر فرمایا کہ چھ چیزیں ایسی ہیں جو بعد مرگ فائدہ بخش ثابت ہوں گی۔

(۱) فرزند صالح جو بعد موت استغفار کرے۔

(۲) وہ قرآن جس کو اس کے بعد دوسرے تلاوت کریں۔

(۳) وہ کنواں جو عوام کے فائدے کے لئے بنایا جائے۔

(۴) وہ درخت جو دوسروں کے فائدے کے لئے لگایا جائے۔

(۵) نہر یا آب رواں کا سلسلہ قائم کرنا۔

(۶) وہ نیک سُنّت جس پر لوگ اس کے مرنے کے بعد بھی عمل کریں۔

(۷) آنحضرتؐ نے فرمایا کہ علیؑ ابن ابیطالبؑ کے چہرے پر نظر ڈالنا عبادت ہے۔

(۸) ماں باپ کے چہرے پر مہربانی کی نظر ڈالنا عبادت ہے۔

(۹) خانۂ کعبہ پر نظر کرنا عبادت ہے۔

(۱۰) قرآن مجید پر نظر کرنا بھی عبادت ہے۔

جناب امیر المومنین حضرت علیؑ ابن ابیطالبؑ نے ارشاد فرمایا کہ اگر کوئی شخص ایک آیتِ قرآنی جس جگہ سے چاہے پڑھے اور بعد میں " اَللّٰهُمَّ اكْشِفْ عَنِّىْ بَلَاۗءً " تین بار یہی فقرہ پڑھے تو خداوند عالم بلا کو اُس سے دُور

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

فرماتا ہے

مزید مومنین علی ابن ابیطالبؑ کا فرمان ہے کہ جو کوئی قرآن شریف کا ایک لفظ بھی رغبت سے سُنے گا - حق تعالیٰ اس کے عوض ایک نیکی اس کے نامۂ اعمال میں لکھنے کا حکم دیتا ہے اور گناہ محو فرماتا ہے - اور ایک درجہ بلند فرماتا ہے - اور جو ایک حرف بھی قرآن شریف سے یاد کرتا ہے حق تعالیٰ دس نیکیاں اس کے لئے لکھتا ہے - اور دس گناہ محو فرماتا ہے دس درجات اس کے بلند فرماتا ہے جو شخص کھڑے ہو کر نماز میں قرآن شریف کی تلاوت کرتا ہے - اللہ تعالیٰ ایک سَو نیکیاں اس کے حق میں لکھتا ہے اور سَو گناہ معاف فرماتا ہے - اگر کوئی شخص ایک سَو آیات قرآنی کہیں سے بھی پڑھے اور بعد میں سات مرتبہ یَا اَللّٰہُ کہہ کر اگر تپھر کو شگافتہ ہونے کا حکم دے تو وہ بھی بنام خدا ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے گا -

مستند حدیث میں ہے کہ تین چیزیں خداوند عالم سے شکایت کریں گی -

(۱) وہ قرآن شریف جو گرد آلود گھر میں رکھا ہوا ہو اور کوئی اس کی تلاوت نہ کرتا ہو

(۲) وہ عالِم جو جاہلوں میں ہو اور کوئی اس کی عزّت نہ کرتا ہو -

(۳) وہ مسجد جس میں لوگ نماز پڑھنے نہ جاتے ہوں -

رسول خدا صلعم سے منقول ہے کہ اگر سینہ میں درد ہو تو قرآن شریف سے مدد لو - اس لئے کہ خداوند تعالیٰ نے وعدہ کیا ہے کہ قرآن شریف سینوں کو شفاء بخشتا ہے -

علاوہ اُن آداب اور اعمال کے جو کہ پہلے بیان کئے جا چکے ہیں - قرآن شریف پڑھنے کے آداب میں سے یہ بھی فرمایا ہے کہ قرآت یا تلاوت قرآن پاک میں پہلی شرط ترتیل ہے یعنی حروف کو ان کے مخارج سے ادا کرنا فصل و وصل کا خیال رکھنا ہے -

جناب امام علی ابن ابیطالب علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ترتیل سے مطلب حروف کا مخارج سے ادا کرنا - ان کا واضح طور پر ادا کرنا ، آہستہ آہستہ سمجھ کر اور سمجھا کر پڑھنا - اتنا تیز نہ پڑھنا کہ سمجھ میں نہ آئے - دوسری شرط تدّبر اور تفکّر سے پڑھنا

چاہئے معانی قرآن شریف پر نظر رکھنی چاہئے - آیات رحمت پر خدا سے طلب رحمت کرے - اور آیاتِ عذاب پر استغفار بجالائے - حضرت امام رضا علیہ السّلام جب قرآن مجید کی تلاوت فرماتے تھے تو حُزن و اندوہ کے ساتھ اور ذکر بہشت و دوزخ آتا تو گریہ فرماتے تھے اور خداوند عالم سے سوال بہشت اور دوزخ سے استغفار فرماتے تھے -

جب نماز میں سورہ اخلاص پڑھتے تو ختم سورہ کے بعد تین مرتبہ کہتے

" کَذَالِكَ اللّٰهُ رَبِّیْ "

جب سورہ قُلْ یَا اَیُّهَا الْکَافِرُوْن پڑھتے تو اس کے ختم پر تین مرتبہ فرماتے " رَبِّیَ اللّٰهُ دِیْنِیَ الْاِسْلَامُ -

جب سورہ وَالتِّیْنِ وَالزَّیْتُوْنِ پڑھتے تو بعد ختم سورہ فرماتے -

بَلٰی وَاَنَا عَلٰی ذَالِكَ مِنَ الشَّاهِدِیْنَ "

جب سورہ لَآ اُقْسِمُ بِیَوْمِ الْقِیَامَةِ پڑھتے تو فرماتے -

" سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ بَلٰی "

جب سورہ فاتحہ (اَلْحَمْدُ) سے فارغ ہوتے تو فرماتے -

" اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ "

اور قرآن شریف میں جہاں بھی یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا پڑھتے تو آہستہ سے فرماتے " لَبَّیْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّیْكَ "

درود و سلام کی برکتیں و فضیلت اور اہمیت

درود و سلام کا فلسفہ

افضل الذکر " لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ " کہا گیا ہے کیونکہ اس کلمہ میں " اَللّٰه " اور " مُحَمَّد " دونوں مبارک اسم اعظم ایک ساتھ استعمال ہوئے ہیں - اِسی طرح درود شریف میں بھی دونوں اسم مبارک ایک ساتھ آئے ہیں -

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

یہ ایسی دُعاء ہے کہ جس میں خود ربِّ جلیل اور خالق کائنات شریک ہے جو خود محمدؐ و آلِ محمدؐ علیہم السّلام کی سلامتی اور ان کے درجات کی بلندی کے لئے دعاء کر رہا ہے اور یہی الفاظ اس کے فرشتے مقرّبین بھی ادا کر رہے ہیں - اور انہیں الفاظ کو مومنین کو ادا کرنے کے لئے تاکید کی جا رہی ہے بلکہ عبادت کا درجہ دیا جا رہا ہے ، اب ہم اگر محمدؐ و آلِ محمدؐ علیہم السّلام پر درود بھیجتے ہیں تو احکامِ خداوندی کی تکمیل کرتے ہیں -

درود پڑھنے کا طریقہ

حدیث میں ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ سلام کا طریقہ تو ہمیں معلوم ہو چکا ہے یعنی التحیات میں جو پڑھا جاتا ہے " اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ " اور اب آپ ہم لوگوں کو صلواۃ کا طریقہ بھی ارشاد فرمائیں - اس بات پر اللہ کے رسول نے صلواۃ پڑھنے کا طریقہ بھی ارشاد فرمایا - جس کو اہل علم حضرات نے مختلف طریقہ سے حدیثوں کی کتابوں میں تحریر کیا ہے -

(۱) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

(بحوالہ کتاب فضائل درود شریف از مولانا محدث محمد زکریا صفحہ نمبر - ناشر دارالاشاعت کراچی)

(۲) صحیح بخاری کتاب التفسیر ابی سعید نے قرآن مجید کی اِس آیت مبارکہ کے ذیل میں رسول خدا سے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ ہم آپ پر کس طرح درود بھیجیں ؟ تو اللہ تعالیٰ کے رسول نے کہا کہ اِس طرح کہو -

" اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ "

اس حدیث کو نسائی نے اپنی صحیح میں ج ۱ صفحہ ۱۹۰ پر تحریر کیا ہے -

امام احمد بن حنبل نے اپنی مسند ج ۲ صفحہ ۴۷ پر اور طحاوی نے مشکل الآرج ۳ صفحہ ۷۳ پر بھی اِسی حدیث کی روایت کی ہے - اسکے علاوہ صحیح بُخاری کتاب الصلوٰۃ علی النبی میں ابی مسعود انصاری سے روایت ہے کہ بشیر بن سعید نے پوچھا کہ اے اللہ کے رسول ہم آپ پر کس طرح درود پڑھیں ؟ سرکار رسالت مآب کچھ دیر خاموش رہنے کے بعد گویا ہوئے پڑھو -

" اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ فِی الْعَالَمِیْنَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ "

اس حدیث کو صحیح ترمذی نے جلد ۲ صفحہ ۲۱۲ پر بھی تحریر کیا ہے -

(۳) حاکم نیشاپوری نے المستدرک میں جلد ۱ صفحہ ۲۶۹ پر درود کے الفاظ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

اس طرح تحریر کئے ہیں۔

"اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّآلَ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ وَبَارَکْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ"۔

اس کے علاوہ مختصراً درود یہ ہے جو ہر کوئی آسانی سے پڑھ سکتا ہے۔

"اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ"۔

(۴) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

درود کے فضائل اور تاکید

رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود و سلام کا تاکیدی حکم اور اس کے فضائل و برکات جس طرح قرآن مجید اور شریعتِ اسلام میں آئے ہیں پچھلی کسی اُمّت و شریعت یا پیغمبر کے لئے نہیں آئے۔ یہ حکم ہمارے نبی کی ان خصوصیات میں سے ہے جن میں اللہ تعالیٰ نے آپ کو تمام انبیائے کرام میں امتیازِ خاص عطا فرمایا ہے۔

درود کے فضائل اور برکتیں

۱۔ جناب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے۔ جو کوئی مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے حق تعالیٰ اُس پر دس مرتبہ درود بھیجتا ہے۔

۲۔ سرکارِ رسالت مآب کا ارشاد ہے یا علیؑ جو ہر روز یا ہر شب مجھ پر درود بھیجا کرے اِس کیلئے مجھ کو شفاعت کرنا واجب ہوگی۔ اگرچہ اس نے

گناہِ کبیرہ ہی کیوں نہ کئے ہوں

۳۔ امیرالمومنین حضرت علی ابنِ ابیطالب علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنا غلام آزاد کرنے سے افضل ہے۔

۴۔ دنیا کے تختہ پر درود جیسی کوئی نعمت نہ پیدا ہوئی ہے اور نہ ہوگی۔

۵۔ لاعلاج مرض کا سو فیصد کامیاب علاج ہر وقت درود پڑھنا ہے۔

۶۔ حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے جو شخص کسی ایسے عمل پر قادر نہ ہو جو اس کے گناہوں کا کفّارہ ہو جائے تو وہ محمد و آلِ محمد علیہم السّلام پر کثرت سے درود بھیجا کرے کیونکہ درود گناہوں کو منہدم کر دیتا ہے۔

۷۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا ارشاد ہے کہ سب سے اچھا آدمی میرے نزدیک وہ ہے جو سب سے زیادہ درود کی تلاوت کرتا ہے۔

۸۔ فرض القدیر جلد ۵ صفحہ ۱۹ پر مولائے کائنات حضرت علیؑ سے روایت ہے کہ کوئی دُعاء قبول نہیں ہوتی جب تک کہ محمد و آل محمد علیہم السلام پر درود نہ پڑھا جائے۔

۹۔ حضور نبی اکرمؐ نے ارشاد فرمایا ہے کہ جب کوئی میرے اوپر درود بھیجتا ہے تو وہ پردہ جو کہ اللہ تعالیٰ اور دُعا کے درمیان میں ہوتا ہے وہ ہٹ جاتا ہے۔ اور وہ دُعا درود کے ہمراہ بارگاہ الہی میں قبولیت کے درجہ پر پہنچتی ہے۔ اگر درود نہیں پڑھتا ہے تو وہ دعا واپس پلٹ آتی ہے۔

۱۰۔ حضرت ابو سلیمانؒ فرماتے ہیں کہ جو کوئی چاہے کہ اُس کی حاجتیں پوری ہوں تو دعا میں زیادہ سے زیادہ درود پڑھے۔ اللہ تعالیٰ درود کو فوراً قبول کرتا ہے۔

۱۱۔ حضرت امام حسینؑ کا ارشاد ہے کہ رسولِ خداؐ نے فرمایا کہ تم جہاں کہیں ہو مجھ پر درود پڑھتے رہا کرو بیشک تمہارا درود ہمارے پاس پہنچتا رہتا ہے۔

۱۲۔ درود پڑھنے والے کے گناہ تین دن تک نہیں لکھے جاتے۔

۱۳۔ امام شافعی کے نزدیک التحیات کے بعد نماز میں درود پڑھنا فرض ہے۔

۱۴۔ مصائب اور آفات کے وقت کثرت سے درود پڑھنا مسنون اور سب مشکلات کا حل ہے۔

۱۵۔ آنحضرتؐ کا ارشاد ہے جس نے مجھ پر درود نہیں پڑھا اور بھول گیا وہ جنّت کی راہ بھول گیا۔

۱۶۔ سرکار رسالت مآبؐ کا ارشاد ہے کہ جو بھی دُعا ہو اس کے اور آسمان کے درمیان حجاب اور رکاوٹ رہتی ہے جب تک کہ محمد و آل محمد علیہم السّلام پر درود نہ بھیجا جائے۔ درود اِن حجابوں کو دور کر دیتا ہے۔ اور دُعا کو آسمان کی سمت اُبھار دیتا ہے جو مُستجاب ہو جاتی ہے۔

حدیث کساء پڑھنے کی فضیلت و برکتیں

حدیث کساء کے مستند ہونے میں کسی کو کلام نہیں۔ آیۂ تطہیر "اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَیُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْرًا" یہ اہل بیت عصمت و طہارت، کی شان میں نازل ہوئی ہے۔ (سورہ احزاب آیت ۳۳)

جناب شیخ فخر الدین احمد بن علی بن احمد بن طریح نجفی اعلی اللہ مقامہ کتاب منتخب فی المراثی والخطب مشہور بہ بیاض فخری اور دیگر علما و مفسرین نے احادیث و روایات کثیرہ و متواترہ سے نقل فرمایا ہے۔ مومنین کی خدمت میں گذارش ہے کہ اس حدیث شریف کو نہایت خلوص سے بعد تین مرتبہ درود شریف پڑھنے کے شروع کریں اور آخر میں بھی تین مرتبہ محمدؐ اور آل محمدؐ پر درود شریف پڑھ کر ختم کریں۔ خشوع و خضوع دل سے جو مُراد مانگیں گے۔ پائیں گے۔ شب جمعہ اس کے پڑھنے کی بہت فضیلت ہے۔ اور ہر مومن اور مومنہ کو

پڑھنا چاہئے ہے۔ خصوصاً بڑی برکت کا باعث ہوتا ہے۔ طلب حاجات برائے دین و دنیا کے مجرّب ہے۔

عظمتِ والدین

عظمتِ والدین کے متعلق اَللّٰہ سُبحَانَہٗ تعالیٰ کا ارشاد کلام پاک میں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَقَضٰی رَبُّکَ اَلَّا تَعْبُدُوْآ اِلَّآ اِیَّاہُ وَبِالْوَالِدَیْنِ اِحْسَانًا ط اِمَّا یَبْلُغَنَّ عِنْدَکَ الْکِبَرَ اَحَدُھُمَآ اَوْ کِلٰھُمَا فَلَا تَقُلْ لَّھُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْھَرْھُمَا وَقُلْ لَّھُمَا قَوْلًا کَرِیْمًا۔

(سورہ بنی اسرائیل ۱۷۔ آیت نمبر ۲۳)

(اور تیرے پروردگار نے قطعی حکم دیا ہے کہ اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو۔ اور اپنے ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرو اگر ان دونوں میں سے ایک یا دونوں ہی تیرے پاس بڑھاپے کی (عمر) کو پہنچ جائیں تو اِن دونوں کو اُف بھی نہ کہو۔ اور ان کو جھڑکو نہیں اور ان کے لئے بہت اچھی بات کہا کرو)

وَاخْفِضْ لَھُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْھُمَا کَمَا رَبَّیٰنِیْ صَغِیْرًا ○

(سورہ بنی اسرائیل ۱۷۔ آیت نمبر ۲۴)

(اور ان دونوں کے لئے رحمت سے عاجزی کا بازو جھکا دو اور کہو اے میرے پروردگار ان دونوں پر رحم کر جیسا کہ انہوں نے بچپن میں میری پرورش کی تھی)

خداوند عالم نے مقام شکر پر اپنے ذکر کے ساتھ ساتھ والدین کا ذکر بھی کیا ہے۔ اس سے والدین کی عظمت کا اندازہ ہوتا ہے۔ فرماتا ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

اِنِ اشْکُرْلِیْ وَلِوَالِدَیْكَ ط (سورۂ لقمان، آیت: ۱۴)
(میرا شکریہ ادا کرو اور اپنے والدین کا بھی شکر ادا کرو)

سورہ قُلْ یٰاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ۝ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِیْنُكُمْ وَلِیَ دِیْنِ ۝

(اے رسول تم کہہ دو کہ اے کافرو! تم جن چیزوں کو پوجتے ہو میں اُن کا پوجنے والا نہیں۔ اور جس کی (خدا) کی میں عبادت کرتا ہوں اس کی تم عبادت نہیں کرتے اور جنھیں تم پوجتے ہو میں ان کا پوجنے والا نہیں اور جس کی میں عبادت کرتا ہوں تم اس کی عبادت کرنے والے نہیں۔ تمھارے لئے تمھارا دین اور میرے لئے میرا دین۔

سورہ تَبَّتْ یَدَاۤ اَبِیْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۝ کی تلاوت ہر طرح کے بدن کے درد اور عضو کی چوٹ کے درد اور تکلیف کو دور کرتا ہے۔ اس کی تلاوت کر کے دم کرے اور ہاتھوں کو بدن پر ملے مجرّب ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

تَبَّتْ یَدَاۤ اَبِیْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۝ مَاۤ اَغْنٰی عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ۝ سَیَصْلٰی نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۝ وَّامْرَاَتُهٗ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۝ فِیْ جِیْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝

(ابولہب کے ہاتھ ٹوٹ جائیں اور وہ خود ستیاناس ہو جائے۔ (آخر) نہ اُس کا مال ہی اس کے ہاتھ آیا اور (نہ) اُس نے کمایا، وہ بہت

بھڑکتی ہوئی آگ میں داخل ہوگا۔ اور اس کی جورو بھی جو سر پر ایندھن اٹھائے پھرتی ہے اور اُس کے گلے میں بٹی ہوئی رسّی بندھی ہے)

سورۂ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝ وَرَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۝ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ط اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝

(اے رسول جب خدا کی مدد آ پہنچے گی اور فتح (مکّہ) ہو جائے گی اور تم لوگوں کو دیکھو گے کہ غول کے غول خدا کے دین میں داخل ہو رہے ہیں تو تم اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرنا اور اسی سے مغفرت کی دعا مانگنا وہ بیشک بڑا معاف کرنے والا ہے)

دُعاؤں کی اہمیت کا بیان

لفظ دُعا کا مادّہ دَعَوَ ہے جس کے معنی پکارنے، مطالبہ کرنے یا مانگنے کے ہیں۔ اسلام کے ظہور کے بعد عربی کے بہت سے الفاظ نے مخصوص مذہبی، روحانی، اخلاقی معنی اختیار کر لئے اور اِس طرح لفظ دعا، اسلامی اصطلاح میں ان مخصوص کلمات یا عبادات کا نام ہو گیا جن کے ذریعہ انسان اپنے نفسیاتی کیفیات اور مذہبی جذبات کا اظہار کرتا ہے اس سے مشکلات میں استعانت و مدد طلب کرتا ہے۔

اِنسان کی تاریخ ارتقا بہت پیچیدہ اور پُر اسرار ہے اور اس کے تمدّن کا ارتقا ہزاروں یا شاید لاکھوں سال پر پھیلا ہوا ہے۔ پہلے انسان سے لے کر آج کے انسان تک مختلف ادوار میں انسان اپنی صلاحیتوں اور مراتب کے

اعتبار سے غریب و امیر، کمزور و طاقتور، حاکم و محکوم، غلام و آقا، سردار و ماتحت اور بادشاہ و شہنشاہ بنتا رہا ہے۔ لیکن چاہے وہ انتہائی مجبور و مفلس، بے کس اور کمزور انسان ہو یا عظیم ترین فاتح و شہنشاہ، اپنی اپنی ضروریات و خواہشات سے بے نیاز نہ ہو سکا۔

جو چیز انسان کو تمام طرح کی اخلاقی، معاشرتی خرابیوں، بُرائیوں اور پھر تباہیوں تک لے جاتی ہے وہ اُس کا غرور و تکبّر ہے۔ یہ خیال کہ وہ ہر چیز پر قادر ہے جو چاہے کر سکتا ہے۔ اسی طرح کے غرور اور تکبّر نے ہر دور میں فرعون، نمرود اور یزید پیدا کئے جب اقرار و احساس عبدیت کے ساتھ ہوتا ہے تو معراج انسانیت بن جاتا ہے۔

قرآن مجید نے بحیثیت مجموعی اس شعور انسانیت اور احساس عبدیت کے ادراک کو اُجاگر کرنے کی مختلف اندازو پیراؤں میں کوشش کی اور غالباً یہی وہ موضوع ہے جو اوّل سے آخر تک پورے قرآن مجید میں دیا ہوا ہے۔ توحید، رسالت قیامت اور عبادات کی تمام آیات اِسی بُنیادی تصوّر کو اجاگر کرتی ہیں۔ اس کے علاوہ قرآن مجید کا بڑا حصّہ انبیاء ماسبق کے تذکروں پر مشتمل ہے جن میں انبیاء و رسل کو مثالی انسان کے طور پر پیش کیا گیا ہے وہ اپنے اپنے دور کے انسان کامل ہیں۔

آپ شروع سے آخر تک قرآن مجید پڑھتے چلے جائیں حضرتِ آدمؑ سے سرکار خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک ہر نبی و رسول کو دعائیں مانگتے ہوئے پیش کیا گیا ہے۔ حضرت ابراہیمؑ، حضرت نوحؑ، حضرت موسیٰؑ، حضرت شعیبؑ، حضرت ایوبؑ، حضرت زکریاؑ حضرت عیسیٰ علیہم السلام غرض جن جن انبیا، کا تذکرہ خاص طور پر نام لے کر کیا گیا ہے۔ بارگاہِ ایزدی میں دعائیں مانگتے ہوئے پیش کئے گئے ہیں۔ انبیاء کی یہی دُعائیں ہیں جو آیات قرآنی کے الفاظ میں ائمہ معصومینؑ نے اپنی دُعاؤں میں شامل کی ہیں۔ اور ہم انھیں دعاؤں کا ورد کرتے ہیں۔

دُعا، اللہ اور بندے، خالق اور مخلوق، عبد و معبود کے درمیان ایک براہ راست رشتے کے قائم کرنے کا نام ہے۔ یہ رشتہ فرضی۔ رسمی عبادات کے ذریعہ بھی قائم ہوتا ہے۔ دُعا۔ وہ طریقہ اظہار بندگی عبدیت ہے جس میں تمام عبادات کی روح سمٹ کر آجاتی ہے، دُعا، تمام رسمیات، مخصوص انداز و شرائط و طریقوں کی قیود سے آزاد ہے۔

سرور کائنات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور امیر المومنین حضرت علیؑ کی ادعیۂ ماثورہ جن کا بہت بڑا ذخیرہ صاحبان درد دل کے لئے اعلان بشریت اور اقرار ربوبیت کا بیش بہا سامان مہیا کرتا ہے۔ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی ادعیہ مبارکہ صحیفہ کاملہ یا زبور آلِ محمدؐ کے نام سے تڑپتے دلوں کو سامان سکون و اطمینان بخشتی ہیں۔ اسی طرح دوسرے ائمہ اطہارؑ کی ادعیۂ مبارکہ بھی مومنین کے وظائف کا حصّہ ہیں۔ زیر مطالعہ کتاب وظائف الصالحین میں چند دعائیں مومنین کے لئے پیش کی گئی ہیں۔ تمام کوششوں کے باوجود غلطیوں کا امکان ہے مومنین سے درخواست ہے کہ اغلاط کی تصحیح کے لئے ناچیز کو مندرجہ پتہ پر مطلع فرمائیں۔ اور اعمال کی تشریح کے لئے کنیڈا کے پتہ پر رجوع کریں۔

دعاء کے متعلق ارشاداتِ الٰہی

دعاء کرنے کو عبادت رکھا ہے اور اُس کے ترک کو غرور سے تعبیر کیا ہے اور اُس کے ترک پر جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہونے سے ڈرایا ہے۔

دعاء کے متعلق ارشاد الٰہی ہے۔

(۱) وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ۔

(جب میرے بندے میرے بارے میں تم سے پوچھیں تو کہہ دو

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

کہ میں اُن کے پاس ہی تو ہوں اور جب کوئی مجھ سے دُعا مانگتا ہے۔ تو میں، دُعا کرنے والے کی دُعا کو سنتا اور (مناسب ہوتا ہے تو) قبول کرتا ہوں)

(۲) اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ

(وہ کون ہے کہ جب مضطر و لاچار اُسے پکارے تو وہ سنتا ہے اور ہر دُکھ درد کو دور کرتا ہے۔

(۳) وَقَالَ رَبُّکُمُ ادْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ

(کہ مجھ سے دُعا مانگو میں تمہاری دُعا قبول کروں گا۔)

تمہارا پروردگار فرماتا ہے کہ مجھ سے دُعا مانگو میں تمہاری دُعا قبول کرونگا

(۴) اُدْعُوْا رَبَّکُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْیَةً۔

(تم اپنے پروردگار کو تضرع و عاجزی کے ساتھ اور چپکے چپکے پکارو)

(۵) هُوَ الْحَیُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ۔

(وہی تو ہمیشہ رہنے والا ہے جس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں لہٰذا تم صدقِ نیت سے عبادت کر کے اُس سے دُعا مانگو)

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے۔

اَلدُّعَاءُ سِلَاحُ الْمُؤْمِنِ وَعَمُوْدُ الدِّیْنِ۔

("دعا مومن کا ہتھیار اور دین کا ستون ہے")

امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام کا ارشاد ہے۔

الدُّعاء ترس المومن ومتیٰ تکثر قرع الباب یفتح لک

("دعا مومن کی سپر ہے۔ جب تم بار بار دروازہ کھٹکھٹاؤ گے تو وہ تمہارے لئے کھول دیا جائے گا")

امام زین العابدین علیہ السلام کا ارشاد ہے۔

اِنَّ الدُّعَاءَ یَرُدُّ الْبَلَاءَ (دُعا بلا و مصیبت کو ٹال دیتی ہے)

امام محمد باقر علیہ السلام کا ارشاد ہے۔

افضل العبادۃ الدعاء۔ (بہترین عبادت دعا ہے)

امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے۔

اَلدُّعَاءُ اَنْفَذُ مِنَ السِّنَانِ الْحَدِیْدِ

(دعا تیز دھار والی انی سے بھی زیادہ مؤثر و کارگر ہوتی ہے)

امام محمد باقرؑ کا فرمان دعاؤں کے متعلق

شرائط قبولیتِ دُعاء

یاد رکھنا چاہئے کہ سب سے مقدم شرط یہ ہے کہ قبولیتِ دعاء کے لئے لباس پاک۔ جگہ جائز اور پاک۔ غذا حلال ذریعہ معاش سے حاصل کی گئی ہو۔ دل میں اطمینان و رجاء پیدا کرے کیونکہ رجاء دُعاء کی محرک ہوتی ہے۔ ہمیشہ خلوصِ نیّت اور رقّتِ قلب اور تضرع و الحاح کے ساتھ بار بار دُعا، التجا کرے۔ چنانچہ امام حضرت محمد باقرؑ کا ارشاد ہے۔

"وَاللهِ لَا یُلِحُّ عَبْدٌ مُؤْمِنٌ عَلَی اللهِ تَعَالٰی فِیْ حَاجَةٍ اِلَّا قَضَاهَا لَهٗ"

(یعنی خدا کی قسم! جب بھی بندۂ مومن اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں الحاح و زاری کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی حاجت کو برلاتا ہے")

دعاء کے آغاز اور ختم کے آداب

جب دعاء کے لئے ہاتھ اُٹھائے اُس کی ابتدا حمد و تقدیس الٰہی سے کرے۔ اور اُن الفاظ میں کرے جو معبود کے شایان شان ہوں۔ اور اُن الفاظ میں حمد و ستائش کرے جو معصومین سے مروی ہیں۔ چنانچہ کتاب علی سے یہ کلماتِ حمد منقول ہیں جنھیں دُعا سے قبل پڑھنا چاہئے۔

یَا مَنْ هُوَ اَقْرَبُ اِلَیَّ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ یَا فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ، یَا مَنْ یَحُوْلُ بَیْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ یَا مَنْ هُوَ بِالْمَنْظَرِ الْاَعْلٰی یَا مَنْ لَیْسَ کَمِثْلِهٖ شَیْءٌ۔

(یعنی وہ ذات جو شہ رگ سے بھی زیادہ مجھ سے نزدیک ہے! اے وہ کہ جو وہی کرتا ہے جو چاہتا ہے۔ اے وہ کہ جو آدمی اور اس کے دل میں حائل ہو جاتا ہے۔ اے وہ کہ جو بلند و بالا شان والا ہے، اے وہ کہ جس کی کوئی مثل و نظیر نہیں ہے)

پھر اس کی دی ہوئی نعمتوں کا شکر ادا کرے تاکہ " لَئِنْ شَکَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّکُمْ۔ "اگر تم میرا شکر کرو گے تو میں یقیناً تمھیں زیادہ دوں گا" پھر نبی اکرمؐ کی آل پر درود بھیجے تاکہ اِس درود کی قبولیت کی ضمن میں دُعا بھی قبول ہو جائے۔ پھر اپنے گناہوں کا اعتراف کرے تاکہ احتسابِ نفس کا جذبہ پیدا ہو۔

دعاء کے متعلق ارشادات ائمہ اطہار علیہم السّلام

امام موسیٰ کاظم علیہ السّلام کا ارشاد ہے

عَلَیْکُمْ بِالدُّعَاءِ فَاِنَّ الدُّعَاءَ وَالطَّلَبَ اِلَی اللهِ یَرُدُّ الْبَلَاءَ۔

(تمھیں لازماً دُعاء مانگنا چاہئے کیونکہ اللہ سے طلب و دُعاء بلا و مصیبت کو برطرف کر دیتی ہے)

امام رضا علیہ السلام کا ارشاد ہے۔

عَلَیْکُمْ بِسِلَاحِ الْاَنْبِیَاءِ فَقِیْلَ وَمَا سِلَاحُ الْاَنْبِیَاءِ؟ قَالَ الدُّعَاءُ۔

(تمھیں انبیاء کے ہتھیار سے آراستہ ہونا چاہئے پوچھا گیا کہ وہ ہتھیار کیا ہے؟ فرمایا، دُعاء!

امام محمد تقی علیہ السلام کا ارشاد ہے۔

بِالدُّعَاءِ تَرْفَعُ الْبَلَاءَ "دُعاء ردِّ بلا کا ذریعہ ہے"

ارشاد الٰہی باری تعالیٰ:۔

اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ سَیَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِیْنَ۔

(سورۃ المومن ۴۰، آیت ۶۰)

(مجھ سے دعا مانگو میں قبول کروں گا۔ وہ لوگ جو غرور و تکبّر کی وجہ سے میری عبادت سے منہ موڑ لیتے ہیں وہ ذلیل ہو کر جہنم واصل ہوں گے")

دعائیں اور ان کا طریقہ و اوقات

پھر توبہ و استغفار کرے تاکہ گناہوں کی کثافت مانع قبولیت نہ ہونے پائے پھر واضح الفاظ میں اپنی حاجت طلب کرے اور آخر میں درود پڑھے۔

امام موسیٰ کاظمؑ سے مروی ہے کہ آپ نے سماعہ سے فرمایا! حاجت طلب کرنے سے پہلے یہ کلماتِ توسّل پڑھو تاکہ اللہ تعالیٰ تمھاری دُعاء کو جلد قبول کرے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّعَلِیٍّ فَاِنَّ لَهُمَا عِنْدَكَ شَانًا مِّنَ الشَّانِ وَقَدْرًا مِّنَ الْقَدْرِ فَبِحَقِّ ذَالِكَ الشَّانِ وَبِحَقِّ ذَالِكَ الْقَدْرِ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ۔

(یہ دعاءِ وسیلہ بھی کہلاتی ہے)

اوقاتِ دُعاء

سحر سے لیکر طلوع آفتاب تک، زوال آفتاب کے وقت، صبح، ظہر اور

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

مغرب کی نماز کے بعد، نمازِ وتر میں، شب ہائے قدر میں، جمعہ کے دن خطبہ اور نماز کے درمیان میں، جمعہ کے دن جب کہ سورج آدھا ڈوب چکا ہو۔ اذان اور اقامت کے درمیانی وقفہ میں، تلاوتِ قرآن پاک کے موقع پر، بارش برسنے اور ہواؤں کے چلنے کے وقت اور علی الخصوص نصف شب کے بعد وہ دُعا کا بہترین وقت ہے۔

چنانچہ حضرت امیرالمومنین علی ابن ابیطالبؑ رات کے ایک حصّہ میں اُٹھے اور ستاروں پر نظر کرنے کے بعد نوف بن فضالہ بکالی سے فرمایا۔

یا نوفَ اَنَّ دَاوٗدَ عَلَیْہِ السَّلَامُ قَامَ فی مثل ھٰذِہِ السَّاعَةِ مِنَ اللَّیْلِ فَقَالَ اِنَّھَا سَاعَةٌ لَا یَدْعُوْ فِیْھَا اِلَّا اُسْتُجِبَ لَہٗ اِلَّا اَنْ یَّکُوْنَ عشارًا اَوْ عدیقا او شرطیا اَوْ صَاحِبُ عَرْطَبَةٍ اَوْ صَاحِبُ کَوْبَةٍ۔

وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ ط اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ۔ (سورۂ بقرہ آیت ۱۸۶)

(اے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) جب میرے بندے تم سے میرے بارے میں پوچھیں تو ان سے کہہ دو کہ میں ان کے قریب ہی ہوں اور یہ کہ جب کوئی مجھ سے دعاء مانگتا ہے تو میں اس کی دعاء کو سنتا ہوں اور قبول کرتا ہوں)

دعاء کے لئے یہاں پر پیغمبر اسلام حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے۔

اَلدُّعَاءُ سِلَاحُ الْمُؤْمِنِ وَعَمُوْدُ الدِّیْنِ وَنُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔ یعنی دعاء مومن کا ہتھیار ودین کا ستون اور زمین وآسمان کا اجالا ہے۔

دُعاء ومناجات پر توجہ دِلانے کے لئے شیعہ عالموں نے دُعاء کے قاعدوں، طریقوں کے متعلق جو اہل بیتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہیں کتابیں لکھیں ہیں۔ اِن کتابوں میں دُعاء ومناجات پر ختم المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ائمۂ طاہرین علیہم السّلام کی گہری توجّہ اور خصوصی تاکیدوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ اور اِن کے قول بھی بیان کئے گئے ہیں۔

امام علی ابن ابیطالب علیہ السلام نے فرمایا۔

(۱) اَلدُّعَاءُ تُرْسُ الْمُؤْمِنِ وَمَتٰی تُکْثِرْ قَرْعَ الْبَابِ یُفْتَحْ لَكَ۔ دُعا مومن کی سپر ہے، جب تم بار بار دروازہ کھٹکھٹاؤ گے تو وہ تمھارے لئے کھول دیا جائے گا۔ (اصولِ کافی کتاب الدُعا)

(۲) اَفْضَلُ الْعِبَادَةِ الدُّعَاءُ۔ یعنی دُعا بہترین عبادت ہے۔

(۳) اَحَبُّ الْاَعْمَالِ عِنْدَ اللهِ عَزَّوَجَلَّ فِی الْاَرْضِ الدُّعَاءُ یعنی دُعاء ومناجات سب سے پسندیدہ اعمال ہیں جو روے زمین پر خدا کے سامنے پیش کئے جاتے ہیں۔

(۴) اِنَّ الدُّعَاءَ یَرُدُّ الْقَضَاءَ وَالْبَلَاءَ یعنی دُعا ناخوشگوار حادثوں اور بلاؤں کو دُور کرتی ہے۔

(۵) اِنَّ الدُّعَاءَ شِفَاءٌ مِّنْ کُلِّ دَاءٍ یعنی دُعاء ہر درد کی دوا ہے۔ پھر قرآن شریف میں اسلام میں دعاء کی اہمیت واندازہ اِس آیۂ مبارکہ سے نکالا جا سکتا ہے جس میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

وَقَالَ رَبُّکُمُ ادْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ ط اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ سَیَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِیْنَ۔

(سورۂ مومن آیت ۶۰)

(یعنی تمھارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دُعاء مانگو میں اُسے قبول کروں گا۔ جو لوگ اپنے گھمنڈ اور غرور کی وجہ سے میری

عبادت سے منہ موڑتے ہیں وہ رسوا ہو کر جہنم واصل ہوں گے۔"

خداوند عالم نے دعاء کو عبادت سے تعبیر کیا ہے۔ چنانچہ حضرت امام زین العابدینؑ صحیفۂ کاملہ میں فرماتے ہیں۔

فَسَمَّیْتَ دُعَآئَكَ عِبَادَةً وَّتَرْکَہٗ اِسْتِکْبَارًا وَّتَوَعَّدْتَ عَلٰی تَرْکِہٖ دُخُوْلَ جَهَنَّمَ دَاخِرِیْنَ۔

مقامات قبولیت دُعاء

مندرجہ ذیل مقامات استجابت دعاء کے لئے مخصوص ہیں۔

۱۔ مسجد الحرام
۲۔ عرفات
۳۔ مشعر الحرام
۴۔ مسجد نبوی
۵۔ مسجد کوفہ
۶۔ مزاراتِ ائمہ واہل بیت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم
۷۔ خصوصاً روضۂ سید الشہداء جناب امام حُسینؑ
۸۔ مسجد اقصاء دیگر مقامات متبرکہ و جاء نماز

دعاء پڑھنے کے فوائد

اوقات قبولیت دُعاء

کتاب کافی میں حضرت رسول خداؐ نے فرمایا ہے۔ بہترین وقتِ دعاء وقتِ سحر ہے۔

اور حضرت امام علیؑ ابن ابیطالبؑ فرماتے ہیں کہ دعاء کے لئے چار اوقات

غنیمت ہیں۔

۱۔ تلاوت کلام پاک کے بعد، ۲۔ ہنگام اذان کے وقت، ۳۔ جبکہ بارش ہو رہی ہو۔ ۴۔ وقت جہاد جبکہ دونوں صفیں آپس میں ملیں۔

حضرت امام علیؑ ابن ابیطالبؑ نے فرمایا ہے کہ جس وقت تم کو رِقّت طاری ہو تو اس وقت دعاء کرو۔ کیونکہ جب تک خلوص نہ ہو رقت طاری نہیں ہوتی ہے۔

حضرت امام جعفر صادقؑ کا قول ہے کہ خداوند عالم نے نمازہائے یومیہ عمدہ ترین اوقات میں فرض کی ہیں۔ لہٰذا اپنی حاجتیں بعد نمازہائے فریضہ طلب کرو حضرت امام علی الرضاؑ سے منقول ہے کہ ہر شب ثلث آخر میں اور شب جمعہ اوّل شب سے آخر شب تک دُعا قبول ہوتی ہے۔

مقاماتِ قبولیتِ دعاء

کتاب نجتہ الدعوات میں ہے کہ دُعاء کی قبولیت کے بہترین مقامات مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ مسجد الحرام۔ ۲۔ عرفات۔ ۳۔ مشعر الحرام۔ ۴۔ مسجد نبوی اور مدینہ منوّرہ۔ ۵۔ مسجد کوفہ۔ ۶۔ بیت المقدس۔ ۷۔ تمام مساجد۔ ۸۔ مقابر صلحاء والدین۔ ۹۔ تمام ائمہ معصومین صلوات اللہ علیہم اجمعین کے روضے خصوصاً روضۂ حضرت امام حسین علیہ السلام۔

وہ جماعت جس کی دعاء قبول ہوتی ہے۔ کافی میں حضرت رسولؐ خدا نے ارشاد فرمایا ہے۔

وہ گروہ جن کی دعائیں قبول نہیں ہوتی

اُصول کافی میں حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ چار آدمیوں کی دعائیں مستجاب نہیں ہوتیں۔

(۱) وہ شخص جو اپنے گھر بیٹھا رہے اور اللہ تعالیٰ سے روزی کا سوال کرے جواب میں حق تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ میں نے تجھ کو طلب روزی کا

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

حکم نہیں دیا ہے۔

(۲) وہ شخص جو اپنی زوجہ کے حق میں بَددُعاء کرے اُس سے کہا جاتا ہے کہ ہم نے تجھے زوجہ کو طلاق دینے کی اجازت نہیں دی ہے۔

(۳) جو شخص صاحبِ مال ہو اور مال کو ضائع کرے اور پھر کہے کہ مجھے اور روزی عطا ہو تو ارشاد باری ہوتا ہے کہ کیا ہم نے تجھ کو میانہ روی کا حکم نہیں دیا تھا۔

(۴) وہ شخص جس کے پاس مال ہو اور اُس میں سے کسی کو قرض دے اور اُس پر کوئی گواہی نہ لے اور قرض لینے والا منکر ہو جائے اور یہ شخص اُس کے حق میں بَددعا کرے تو حق سُبحانہٗ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ آیا میں نے تجھ کو گواہ ٹھہرانے کا حکم نہیں دیا تھا۔

(۵) علّامہ باقر مجلسیؒ ارشاد فرماتے ہیں (عین الحیات) میں کہ امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ خدا اس کی دعاء قبول نہیں فرماتا ہے جس کا دل سخت ہو۔

(۶) اُس کی دعاء قبول نہیں ہوتی جو کہ غفلت اور سُستی سے مانگی گئی ہو۔ دل کو متوجہ رکھے اور یقین کرے۔

دعاء کے دیر میں قبول ہونے کی وجہ

بعض اوقات دعاء قبول ہونے میں دیر ہوتی ہے۔

اُس تاخیر میں کوئی خاص مصلحت ہوتی ہے اور بندہ اس سے واقف نہیں ہے چنانچہ باری تعالیٰ عزّ اسمہٗ قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے۔

"وَعَسٰىٓ اَنْ تُحِبُّوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ" (سورہ بقرہ آیت)

"یعنی شاید کہ دوست رکھتے ہو تم کسی چیز کو اور حالانکہ وہ تمھارے لئے بد ہے اور خدا ہر چیز کی نیکی اور بدی سے واقف ہے۔ اور تم نہیں جانتے"

اصول کافی میں حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جس وقت

مومن اپنی حاجت بر آنے کے لئے دعاء کرتا ہے تو حق تعالیٰ ملائکہ کو ارشاد فرماتا ہے کہ اِس کی حاجت بر لانے میں دیر کرو کیونکہ میں اِس کی آواز اور دعاء کا مشتاق ہوں پس جب روزِ قیامت ہوگا تو خداوند عالم ارشاد فرمائے گا اے میرے بندے تو نے دُعا کی اور میں نے قبول کرنے میں دیر کی لہٰذا جو ثواب میں تجھ کو دیتا ہوں وہ یہ ہے۔ اس کے بعد وہ ثواب اُس کو آخرت میں دکھایا جائے گا۔ اُس وقت یہ بندہ مومن آرزو کرے گا کہ کاش کہ میری کوئی دعاء دنیا میں قبول نہ ہوتی اور مجھے زیادہ ثواب ملتا۔

امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ ایک وہ بندہ ہے کہ جس وقت دعا کرتا ہے حق تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ اِس کی حاجت جلد پوری ہو کہ میں اِس شخص کی آواز کو دوست نہیں رکھتا اور نہ سُننا پسند کرتا ہوں۔

دُعاء مانگنے والے کی روزی حلال ہونا چاہئے اور شرط صِدقِ مقال بھی ہے تب دُعاء قبول ہونے کا امکان ہے۔

حضرت آدم علیہ السلام کی دُعاء

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اِيْمَانًا تُبَاشِرُ بِهٖ قَلْبِيْ وَيَقِيْنًا صَادِقًا حَتّٰى اَعْلَمَ اَنَّهٗ لَنْ يُصِيْبَنِيْ اِلَّا مَا كَتَبْتَ لِيْ وَ رَضِّنِيْ مِنَ الْعَيْشِ بِمَا قَسَمْتَ لِيْ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

مندرجہ بالا دُعاء سے متعلق روایت ہے کہ کفعمی نے نقل کیا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام نے رُکنِ یمانی کی طرف دو رکعت نماز ادا کی اور یہ دعاء پڑھی۔ حضرت کو وحی ہوئی کہ جو شخص تیری ذُرّیت سے اس دُعا کو پڑھے تو وہ مجھ سے جو چیز چاہے اس کو عطا کروں گا اور جس چیز سے چاہے دور رکھوں گا اور

اس کے دل سے دُنیا کی مُحبّت زائل کروں گا اور اس کے سینہ کو حکمت اور دانش سے بھر دوں گا۔

حضرت نوح علیہ السلام نے جب طوفان کے پانی اور اس کی موجوں کی طرف نگاہ کی تو جناب نوح علیہ السلام پر ہول طاری ہوا تب حق سبحانہٗ و تعالیٰ نے حضرت نوحؑ پر وحی بھیجی کہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ہزار بار کہو تو نجات ملے گی چنانچہ انھوں نے بموجب حکم باری تعالیٰ عمل کیا اور اُن کو حق تعالیٰ نے طوفان سے نجات دی۔

حضرت نوح علیہ السلام کی دعاء

یہ دعاء حضرت نوح علیہ السّلام نے اللہ سبحانہٗ تعالیٰ سے مانگی جب کہ لوگوں نے ان کا کہنا نہیں مانا۔ اور اللہ سبحانہٗ تعالیٰ سے معافی مانگی۔ اور اپنے والدین کی بخشش کی دعاء مانگی۔ والدین کے لئے نماز کی دعاء قنوت میں یہ دعاء پڑھئے۔ بِسْمِ اللّٰهِ تعالیٰ

رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا۔

(سورۃ نمبر ا، نوح آیت نمبر ۲۹)

("اے میرے پروردگار تو مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو بھی اور اس کو بھی جو میرے گھر میں مومن ہو کر داخل ہو۔ اور مومن مردوں اور مومنہ عورتوں کو بھی۔ اور نہ بڑھا ظالموں کی مگر بربادی")

جب حضرت نوحؑ کو معلوم ہوا کہ لوگوں کی بد اعمالی کے نتیجہ میں اللہ سبحانہٗ تعالیٰ طوفان کے ذریعہ دنیا کے لوگوں کو تباہ کرنے والا ہے۔ تو حضرت نوحؑ نے اپنے بیٹے کو بچانے کے لئے یہ دُعاء پڑھی اور اپنے بیٹے کو کہا کہ حفاظت کے لئے کشتی میں سوار ہو جاؤ مگر اس نے جواب دیا تھا کہ وہ اونچے پہاڑ پر جائے گا اور طوفان سے

بچ جائے گا۔ اُس وقت حضرت نُوحؑ نے یہ دُعاء پڑھی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رَبِّ اِنَّ ابْنِيْ مِنْ اَهْلِيْ وَاِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَاَنْتَ اَحْكَمُ الْحٰكِمِيْنَ۔ (سورہ الہود نمبر ۱۱۔ آیت نمبر ۴۵)

("حضرت نوحؑ نے اپنے پروردگار کو پکارا اور عرض کی) "اے میرے پروردگارا اس میں تو شک نہیں کہ میرا بیٹا میرے اہل میں شامل ہے اور تو نے وعدہ کیا تھا کہ (تیرے اہل کو بچا لوں گا) اور اس میں تو شک نہیں کہ تیرا وعدہ سچّا ہے اور تو سارے جہان کے حاکموں سے بڑا حاکم ہے"

حضرت ابراہیمؑ کی دعاء ہے

رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ۔

("یعنی اے ہمارے پالنے والے! جس دن اعمال کا حساب ہوگا، مجھے اور میرے ماں باپ اور تمام ایمان لانے والوں کو بخش دے")

حضرت موسیٰؑ کی دعاء ہے

رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِاَخِيْ وَاَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ۔

("یعنی میرے پروردگار! مجھے اور میرے بھائی کو بخش دے اور ہمیں اپنی رحمت میں داخل کر لے")

اہل ایمان کی دعاء ہے۔ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ۔

("اے ہمارے پروردگار! تو ہمیں اور ہمارے ان بھائیوں کو ایمان میں ہم سے سابق تھے بخش دے")

رسول خدا محمد مصطفٰےؐ کی تعلیم فرمائی ہوئی دعائیں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

۱ - دعائے یستشیر جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جناب امیرالمومنین علی ابن ابیطالبؑ کو یہ دعا تعلیم فرمائی ہے - ہر سختی و مشکل میں اِس دعا کو پڑھو اور اپنے خلیفہ کو جو میرے بعد ہو اُس کو سکھاؤ اور اس وقت تک نہ چھوڑو جب تک خدا سے ملاقات نہ کرلو اور فرمایا اے علیؑ اس دعا کو ہر صبح و شام پڑھو دنیا اور آخرت کی ہر حاجت خدا سے طلب کرے گا قبول ہوگی اس دُعا کے فوائد بے شمار ہیں - وارد ہے کہ چالیس شب جمعہ بوجہ اللہ پڑھے ہر حاجت روا ہوگی - یہ دُعاء مولا مشکل کشا علیؑ کی تعلیم فرمائی ہوئی دعاؤں کے حصّہ میں شامل ہے -

۲ - دعائے صحیفہ جناب رسولؐ خدا نے فرمایا ہے کہ اس دُعاء میں اسم اعظم ہے - ہر حاجت کے لئے اس کا پڑھنا باعث ثواب و برکت ہے - یہ دُعا مولا علی ابن ابیطالبؑ کی دعاؤں کے حِصّہ میں شامل ہے -

۳ - تسبیحات ایام رمضان میں اِس دعا کا پڑھنا بڑی برکت کا باعث ہے - اِس دعاء کی برکت سے فرشتہ روح قبض کرتا ہے - اس دعا کی برکت سے جبرائیل امین زمین پر آتے ہیں اور عرش پر جاتے ہیں پڑھنے والے کا چہرہ نورانی ہوگا - روزی میں خیر و برکت ہوگی - اور با وضو دعا کو پڑھ کر سو جائے تو خواب میں آنحضرتؐ کی زیارت کرے گا - دشمنوں سے حفاظت میں رہے گا - مولیٰ علیؑ ابن ابیطالبؑ کی دعاؤں کے حِصّہ میں ہے -

۴ - دعائے بیت المعمور یہ دعاء عرش کے خزانے میں محفوظ ہے - دُعاء پڑھنے کا ثواب آسمان و زمین اور تمام فرشتے بیان کریں تو ہزارویں حصّہ کا بھی بیان کرنا ممکن نہیں ہے - جو مومن یہ دُعاء پڑھے گا اللہ تعالیٰ اُس کے گناہوں کی معافی دے گا اور آخرت کے عذاب سے محفوظ رہے گا - پیغمبروں کی بزرگی عطا ہوگی اور دنیا کی ہر چیز عطا ہوگی -

۵ - دعائے اویس قرنی مولا مشکل کشا حضرت امام علیؑ ابن ابیطالبؑ نے

تعلیم فرمائی ہے - مولا مشکل کشا علیؑ ابن ابیطالبؑ کی تعلیم فرمائی ہوئی دعاؤں کے حصّہ میں شامل ہے -

امام حسن عسکری کی دُعاء

دُعائے توسُّل کے اسناد بعض آیات اور نفع دینے والی دُعاؤں کے ذکر میں کہ جسے معتبر کتابوں سے نقل کرنے کیلئے منتخب کیا ہے - پہلی سیّد اجّل سید علی خاں شیرازی رضوان اللہ علیہ نے کتاب کلم طیّب میں نقل کیا ہے - کہ خدائے تعالیٰ کا اسم اعظم کا افتتاح اللہ سے اور اختتام "ہو" پر ہے اس کے حروف بغیر نقطوں کے ہیں - اس کی قرائت میں کوئی تغیر نہیں آتا ہے خواہ اس پر اعراب دیا جائے یا نہ اور وہ قرآن مجید کی پانچ سورتوں کی پانچ آیتوں میں موجود ہے -

(۱) سورۃ بقرہ میں اور آل عمران میں - اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ آخر آیۃ الکرسی تک

(۲) اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرَاةَ وَالْاِنْجِيْلَ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ -

(۳) اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا -

(۴) اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى -

(۵) اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ -

دعائے توسُّل دوسری شیخ ابوجعفر طوسی نے اپنی کتاب مصباح المتہجد میں روایت کی ہے کہ ۲۵۵ھ میں ابو محمّد نام کا ایک شخص حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور

عرض کی یابن رسول اللہ اپنے آباء کرام پر درود بھیجنے کا طریقہ مجھے تعلیم فرمائیے - پس حضرت نے اُس کی استدعا قبول کی اور یہ صلواۃ اُس کے واسطے تحریر فرمائی، یہ درود جمیع مطالب دینی اور دُنیوی کے لئے نافع ہے -

درودِ طوسی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - یہ درود شریف علامہ باقر مجلسی کے فرمان کے مطابق معتبر کتابوں میں محمد بن بابویہ سے نقل کیا گیا ہے ہر مطالب کے لئے اِس کو مجرّب اور زود اثر پایا ہے - یہ درود شریف وظائف الابرار میں دیا گیا ہے - اور مفاتیح الجنان (اردو ترجمہ) کے صفحہ ۱۰۰ پر مذکور ہے - (شیخ عباس قمیؒ مؤلف مترجم مولانا اختر عباس - ناشر امامیہ کتب خانہ، مغل حویلی لاہور - پاکستان) کتاب کی ضخامت کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ دعاء یہاں نقل نہیں کی گئی ہے - (وظائف الابرار صفحہ ۳۵۵)

دعائے جوشن صغیر کے اسناد معتبر کتابوں میں ایک مبسوط شرح سے نقل ہوئی ہے کفعمی نے بلدالامین کے حاشیہ میں ذکر فرمایا ہے - یہ دعاء رفیع الشان عظیم المنزلت ہے جب موسیٰ ہادیؔ عباسی نے جناب امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کے قتل کا ارادہ کیا تو امام کاظمؑ نے اس دعا کو پڑھا تو حضرت امام موسیٰ کاظمؑ نے آنحضرت جناب رسول خدا محمّدؐ کو خواب میں دیکھا کہ انھوں نے فرمایا کہ خدا تیرے دشمن کو ہلاک کر دے گا - یہ دُعاء سیّد بن طاؤس کی کتاب مہج الدعوات میں بھی موجود ہے - کفعمی کے نسخہ میں اختلاف ہے ہم نے بلدالامین کفعمی سے نقل کیا ہے - یہ دعاء مفاتیح الجنان میں - وظائف الابرار میں اور تحفۃ العوام میں مذکور ہے - دعاء کی ضخامت کی بناء پر یہ دعائیں اس کتاب میں نقل نہیں کی گئی ہیں -

دعائے حُجُب کے اسناد کتاب مہج الدعوات میں مرقوم ہے - کہ حضرت محمد حنفیہ نے اپنے پدر بزرگوار امیرالمومنین حضرت علی ابن ابیطالبؑ سے روایت کی ہے کہ حضرت رسولؐ اللہ نے فرمایا جو شخص اس

دُعاء کو پڑھے گا اُس کی دُعا مقبول ہوگی اگر لوہے پر پڑھے تو وہ بھی نرم ہو جائے گا۔ بھوک و پیاس میں پڑھیں تو دور ہو جائے پہاڑ پر پڑھیں اس میں راستہ نمودار ہو جائے گا - اگر حاملہ پر پڑھیں تو وضع حمل میں آسانی ہوگی - اگر کوئی شخص چالیس شبِ جمعہ اسے پڑھے تو تمام گناہ اُس کے معاف ہو جائیں گے اور غم اور رنج سے نجات پائے گا - یہ دُعاء "تسکین روح" میں صفحہ ۱۵۱ پر مرقوم ہے -

دعائے صد سُبحان کے اسناد سیّد ابن طاؤس نے کتاب مہج الدعوات میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے اس کے بہت سے فضائل و خواص روایت کئے ہیں - اگر کوئی شخص اپنی عمر میں ایک مرتبہ اس دعاء کو پڑھے تو اللہ تعالیٰ حج وعمرہ کا ثواب اس کے نامۂ اعمال میں تحریر فرمائے گا - حاجت براری کے لئے بھی وارد ہوا ہے - پڑھنے والے کو جوار جناب پیغمبر خدا اور حضرت ابراہیمؑ میں جگہ عنایت فرمائے گا - اور ہرگز عذاب میں مبتلا نہ کرے گا - یہ دعاء وظائف الابرار میں مرقوم ہے -

دعائے جوشن کبیر کتاب تحفۃ النجاح میں لکھا ہے - بلدالامین اور مصباح کفعمی میں امام زین العابدین علیہ السلام نے اپنے پدر بزرگوار سے اور انھوں نے اپنے جدّ جناب رسول خداؐ سے روایت کی ہے کہ اس دعاء کو جبرائیلؑ بعض جنگوں میں اس وقت لائے جب انکے بدن پر وزنی زرہ تھی جبرائیل نے عرض کی کہ زرہ کو اتار دیجئے اور اس دُعاء کو پڑھنے سے آپ کو اور آپ کی اُمت کو امان ہے - جو شخص ایک مرتبہ پڑھے اللہ کی جانب سے ستر ہزار فرشتے اللہ کی تسبیح و تقدیس کریں گے جس کا ثواب پڑھنے والے کے لئے ہوگا رمضان کی پہلی شب میں پڑھے تو اس کو شب قدر نصیب ہوگی - اس دعاء میں اسم اعظم ہے - اس کو اپنے کفن پر لکھوائے - پاک صاف ہو کر اپنے پاس رکھے اور اپنے بازو پر باندھے ہر بلا سے محفوظ رہے گا اگر رمضان میں تین مرتبہ پڑھے اس پر جنّت واجب اور دوزخ حرام کردے گا -

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

علامہ مجلسی نے اپنی کتاب زاد المعاد میں شب قدر کے اعمال میں اسے ذکر کیا ہے۔

دُعائے مُجیر

مروی ہے کہ یہ رفیع الشان دُعاء حضرت جبرائیل نے جناب رسولؐ خدا کو اس وقت تعلیم دی تھی جب آپ مقام ابراہیمؑ میں نماز میں مشغول تھے۔ کفعمی نے کتاب بلد الامین اور مصباح میں اس دُعاء کو ذکر کیا ہے اور اس کے حاشیہ میں اس کی فضیلت کی طرف اشارہ کیا ہے۔ ان میں سے یہ ذکر کیا کہ جو شخص اس دُعاء کو ماہ مبارک کے ایام بیض میں پڑھے تو اس کے گناہ بخشے جائیں گے اگرچہ بارش کے قطرات درختوں کے پتے، ریگستان کی ریت کے برابر ہوں۔ مریض کی شفاء، قضاء دین، تونگری، غم کا دور ہونے کے لئے نافع ہے۔ یہ دعاء مفاتیح کے صفحہ ۶، پر مذکور ہے۔ (مفاتیح اردو ترجمہ دیکھئے)

دعائے صحیفہ کے اسناد

صاحب نہج الدّعوات نے اپنی کتاب میں نقل کیا ہے کہ روایت ہے ابن عباس سے وہ کہتے ہیں کہ ایک روز میں جناب رسولؐ خدا کی خدمت میں حاضر ہوا، میں نے دیکھا کہ آنحضرتؐ نہایت شاد و خنداں ہیں۔ میں نے عرض کی یا رسولؐ اللہ کوئی خوشخبری ہے۔ آپ نے فرمایا کہ ہمارے پاس ابھی جبرائیل امین آئے تھے۔ انھوں نے ایک صحیفہ دیا ہے۔ اِس دُعاء کے پڑھنے والے کو جس قدر ثواب ہوگا سوائے خداوند تعالیٰ کے اور کوئی نہیں جانتا ہے کہ جو کوئی اس کو پڑھے خداوند عالم اس کو چار پیغمبروں کا ثواب عطا فرمائے گا اور ثواب چار ملائکہ کا کہ ایک اِن میں سے جبرائیل۔ اسرافیل، عزرائیل اور میکائیل ہیں۔ تین مرتبہ پڑھے تو ہر حاجت پوری ہوگی۔ بیماری دور ہوگی، جنگلی جانوروں کی گزند سے محفوظ رکھے گا۔ دُنیا اور آخرت کی بلائیں دور ہوتی ہیں۔

حسن بصری کہتے ہیں کہ پیغمبرِ خدا کے بعد اس دعاء جلیلہ سے بزرگ تر سوائے قرآن و آلِ پاکِ رسولؐ کے کوئی چیز نہیں۔ اگر اس دُعاء کو پہاڑ پر پڑھا

جائے تو وہ اپنی جگہ سے ہٹ جائے گا۔ اس دعاء میں اسم اعظم ہے۔ اس کی تاثیر میں شک نہ کرنا۔ اگر اس کو بہ نیت خالص آبِ جاری پر پڑھے تو پانی جم جائے گا اگر پانچ مرتبہ سونے سے پہلے باوضو پڑھے تو خواب میں آنحضرتؐ جنّت فردوس کی بشارت دیں گے۔ پڑھنے والے کے لئے روز حشر بین حساب کتاب کے بعد اس کو براق پر سوار کر کے داخل جنّت کیا جائے گا۔

حضرت محمدؐ مصطفےٰ کی تعلیم فرمائی ہوئی دعائیں۔

۱- اسناد دعائے بیت المعمور

عمدة الداعی میں منقول ہے کہ ایک روز جبرائیل امینؑ انتہائی خوشی کے عالم میں جناب حضرت رسولؐ خدا کی خدمت بابرکت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا حبیب اللہ! اللہ بعد تحفۂ درود و سلام ارشاد فرماتا ہے کہ آپ کیلئے ہدیہ بھیجتا ہوں، جو مخصوص ہے آپ کی ذات سے اور آپ کی اُمت سے۔ اور وہ ہدیہ یہ دعا ہے جو عرش کے خزانے میں محفوظ تھی۔

جو مومن یہ دعاء یا صرف اس کے یہ الفاظ پڑھے۔ "یَامَنْ اَظْهَرَ الْجَمِيْلَ وَسَتَرَ الْقَبِيْحَ" تو خداوندِ عالم اُس کے گناہوں کی پردہ پوشی کرے گا اور آخرت میں عذاب سے محفوظ رکھے گا۔

اور اگر کوئی بندۂ مومن یہ پڑھے گا "يَامَنْ لَمْ يُؤَاخِذْ بِالْجَرِيْرَةِ وَلَمْ يَهْتِكِ السِّتْرَ" تو اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اُس سے حساب کو محو فرمائے گا یہ وہ دن ہوگا جب سب کے عیوب عیاں ہوگئے ہونگے مگر اُس کی پردہ پوشی کی جائے گی۔ اور جب کہے "يَا عَظِيْمَ الْعَفْوِ" تو دریا کے جھاگ کے برابر بھی گناہ ہوں گے تب بھی معاف کر دیئے جائیں گے۔ پھر جب "يَا حَسَنَ التَّجَاوُزِ" کہے گا تو اس کے سارے اعمال قبیح معاف ہو جائیں گے اور اگر "يَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ" زبان پر جاری کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس طرح اپنی رحمت سے نوازے گا کہ دنیا سے جانے کے بعد بھی رحمتِ ایزدی اُس کے ساتھ ہوگی اور جس وقت

يَا بَاسِطَ الْيَدَيْنِ تک آئے گا تو خدا اپنی رحمت کا ہاتھ اُس کے لئے بڑھا دے گا۔ جب "يَا صَاحِبَ كُلِّ نَجْوٰى يَا مُنْتَهٰى كُلِّ شَكْوٰى" پڑھے تو اللہ تعالیٰ اُسے آزمائش میں مُبتلا ہونے والوں کے برابر ثواب عطا فرمائے گا اور پھر "يَا كَرِيْمَ الصَّفْحِ" تک پہنچے گا تو تمام دنیا کی جو چیز چاہے گا عطا کی جائے گی اور جب بندۂ مومن کہے گا۔ "يَا مُبْتَدِءًا بِالنِّعَمِ قَبْلَ اسْتِحْقَاقِهَا" تک پہنچے گا تو خدا کی نعمتوں کا شکر ادا کرنے والوں کے برابر ثواب حاصل کرے گا اور پھر جب "يَا رَبَّنَا وَسَيِّدَنَا" کہے گا تو حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے فرشتو! گواہ رہنا کہ میں نے اس بندے کو معاف کیا اور تمام گناہ اس کے محو کر دیئے۔ اور جب "يَا مَوْلَانَا" زبان سے ادا کرے گا تو خدا اُس کے دل کو نورِ ایمان سے بھر دے گا اور پھر جب "يَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا" کہے گا تو وہ جو چاہے گا قیامت کے روز اُس کو عطا فرمائے گا۔ اور جب "اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ اَنْ لَا تُشَوِّهَ خَلْقِيْ بِالنَّارِ" کہے گا۔ تو خدا تعالیٰ فرشتوں سے فرمائے گا کہ فرشتو! گواہ رہو کہ اس شخص نے دوزخ کی آگ سے نجات پائی اور ساتھ اس کے والدین، بھائی بہن اور جملہ اہل خانہ نیز پڑوسیوں کی خطائیں معاف کر کے دوزخ کی آگ سے چھٹکارا دے دیا گیا۔

اِس کے بعد جبرائیلؑ نے فرمایا کہ آپ صرف مُتّقین کو اس کی تعلیم دیں اور منافقین کو اِس کی تعلیم نہ دیں۔ کیونکہ یہ دعا پڑھنے سے دِلی مُرادیں پوری ہوتی ہیں۔

یہ دعاء بیت المعمور میں رہنے والوں کی ہے۔

دعائے بیت المعمور

يَامَنْ اَظْهَرَ الْجَمِيْلَ وَسَتَرَ الْقَبِيْحَ يَامَنْ لَمْ يُؤَاخِذْ بِالْجَرِيْرَةِ وَلَمْ يَهْتِكِ السِّتْرَ يَا عَظِيْمَ الْعَفْوِ يَا حَسَنَ التَّجَاوُزِ

يَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ يَا بَاسِطَ الْيَدَيْنِ بِالرَّحْمَةِ يَا صَاحِبَ كُلِّ نَجْوٰى يَا مُنْتَهٰى كُلِّ شَكْوٰى يَا كَرِيْمَ الصَّفْحِ يَا عَظِيْمَ الْمَنِّ يَا مُبْتَدِءًا بِالنِّعَمِ قَبْلَ اسْتِحْقَاقِهَا يَا رَبَّنَا يَا سَيِّدَنَا وَ مَوْلَانَا يَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ اَنْ لَا تُشَوِّهَ خَلْقِيْ بِالنَّارِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

(اے وہ جس نے اچھائی کو نمایاں کیا اور بُرائی کو چھپایا۔ اے گناہوں کا بدلہ نہ لینے والے۔ اے پردہ پوشی کرنے والے۔ اے سب سے بڑے معافی دینے والے۔ اے حُسن و خوبی سے درگذر کرنے والے اے بیحد بخشنے والے۔ اے دستِ کرم بڑھانے والے۔ اے ہر بھید کے جاننے والے۔ اے ہر شکایت کی آماجگاہ۔ اے درگذر کرنے والے۔ اے سب سے بڑے احسان کرنے والے۔ اے استحقاق سے قبل نعمتوں سے نوازنے والے۔ اے ہمارے پالنے والے۔ اے ہمارے سردار اور ہمارے آقا۔ ہماری منتہائے آرزو! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ اے اللہ اے اللہ یہ کہ تو ہمارے جیسے کو آگ سے نہ خراب کر تیری رحمتوں کا واسطہ اے سب سے بڑے رحم کرنے والے۔

دعائے معراج

کفعمی علیہ الرحمہ نے مصباح میں اس دُعاء کو امیرالمومنینؑ سے نقل کیا ہے۔ آپ نے جناب رسالتمآبؐ سے بہت زیادہ فضائل کے ساتھ نقل فرمایا ہے جن کا خلاصہ یہ ہے کہ جو شخص اس دُعاء کو پڑھے خداوندِ عالم اُس پر رحمت نازل فرماتا ہے اور اُس کے تمام گناہوں کو بخش دیتا ہے بلکہ اُس کے ماں باپ اور پڑوسیوں کی بھی مغفرت فرماتا ہے اور اس شخص کو ستّر ہزار سال کی عبادت کا ثواب کرامت فرماتا ہے۔ نیز ہر قسم کے غم دُور ہوتے ہیں، قرض ادا ہوتا ہے جو کوئی اس دُعا کو مُشک و زعفران سے لکھ کر

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

بیمار کو پلائے مریض شفایاب ہوگا۔ جو کوئی اس دُعا اپنے پاس رکھے ہر قسم کے شر سے محفوظ رہے۔ وسعت رزق ہو اور گھر سے تمام آفتیں دور ہوں۔ وہ دُعاء یہ ہے۔

دُعاء معراج

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ یَامَنْ اَقَرَّ لَهٗ بِالْعُبُوْدِیَّةِ كُلُّ مَعْبُوْدٍ ۝ یَامَنْ یَحْمَدُهٗ كُلُّ مَعْبُوْدٍ ۝ یَامَنْ یَحْمَدُهٗ كُلُّ مَحْمُوْدٍ یَامَنْ یَفْزَعُ اِلَیْهِ كُلُّ مَجْهُوْدٍ ۝ یَامَنْ یَطْلُبُ عِنْدَهٗ كُلُّ مَفْقُوْدٍ ۝ یَامَنْ سَآئِلُهٗ غَیْرُ مَرْدُوْدٍ ۝ یَامَنْ بَابُهٗ عَنْ سُؤَالِهٖ غَیْرُ مَسْدُوْدٍ ۝ یَامَنْ هُوَ غَیْرُ مَوْصُوْفٍ وَّلَا مَعْدُوْدٍ ۝ یَامَنْ عَطَآءُهٗ غَیْرُ مَمْنُوْعٍ وَّلَا مَنْكُوْدٍ ۝ یَامَنْ هُوَ لِمَنْ دَعَاهُ لَیْسَ بِبَعِیْدٍ ۝ وَهُوَ نِعْمَ الْمَقْصُوْدُ ۝ یَامَنْ رَجَآءُ عِبَادِهٖ بِحَبْلِهٖ مَشْدُوْدٍ ۝ یَامَنْ شِبْهُهٗ وَمِثْلُهٗ غَیْرُ مَوْجُوْدٍ ۝ یَامَنْ لَیْسَ بِوَالِدٍ وَّلَا مَوْلُوْدٍ یَامَنْ كَرَمُهٗ وَفَضْلُهٗ لَیْسَ بِمَعْدُوْدٍ ۝ یَامَنْ حَوْضُ بِرِّهٖ لِلْاَنَامِ مَوْرُوْدٍ ۝ یَامَنْ لَّا یُوْصَفُ بِقِیَامٍ وَّلَا قُعُوْدٍ ۝ یَا مَنْ لَّا تَجْرِیْ عَلَیْهِ حَرَكَةٌ وَّلَا جُمُوْدٌ ۝ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا وَدُوْدُ یَا رَاحِمَ الشَّیْخِ الْكَبِیْرِ یَعْقُوْبَ ۝ یَا غَافِرَ ذَنْبِ دَاؤٗدَ ۝ یَامَنْ لَّا یُخْلِفُ الْوَعْدَ وَیَعْفُوْ عَنِ الْمَوْعُوْدِ ۝ یَامَنْ رِزْقُهٗ وَسِتْرُهٗ لِلْعَاصِیْنَ مَمْدُوْدٍ ۝ یَامَنْ هُوَ مَلْجَاءُ

كُلِّ مُقْصًی مَّطْرُوْدٍ ۝ یَامَنْ دَانَ لَهٗ جَمِیْعُ خَلْقِهٖ بِالسُّجُوْدِ ۝ یَامَنْ لَیْسَ عَنْ نَیْلِهٖ وَجُوْدِهٖ اَحَدٌ مَسْدُوْدٌ ۝ یَامَنْ لَّا یَحِیْفُ فِیْ حِكَمِهٖ وَیَحْلُمُ عَنِ الظَّالِمِ الْعَنُوْدِ ۝

اِرْحَمْ عُبَیْدًا خَاطِئًا لَمْ یُوْفِ بِالْعَهْدِ اِنَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا تُرِیْدُ یَا بَارُّ یَا وَدُوْدُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَیْرِ مَبْعُوْثٍ دَعَا اِلٰی خَیْرِ مَعْبُوْدٍ وَّعَلٰی اٰلِهِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ اَهْلِ الْكَرَمِ وَالْجُوْدِ وَافْعَلْ بِنَا مَا اَنْتَ اَهْلُهٗ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یَا اَكْرَمَ الْاَكْرَمِیْنَ۔

ترجمہ: اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں، اے وہ ذاتِ اقدس جس کی بندگی کا ہر جھوٹے معبود کو بھی اقرار ہے۔ اے وہ ذات جس کی حمد وہ بھی کرتے ہیں جن کی دنیا مدح کرتی ہے۔ اے وہ ذات جس کی طرف ہر کوشش کرنے والا پناہ حاصل کرتا ہے۔ اے وہ ذاتِ اقدس جس کے پاس ہر وہ طالب ملتا ہے جس کو مفقود کر دیا گیا ہو۔ اے وہ ذات جس کے در کا گدا (نامراد) نہیں پلٹایا جاتا۔ اے وہ ذات جس کا دروازہ، مانگنے والوں پر کبھی بند نہیں کیا جاتا۔ اے وہ ذات جس کی واقعی توصیف وتعریف ہو ہی نہیں سکتی۔ اے وہ ذات جو اپنی عطا سے محروم نہیں کرتا اور کسی کو بے نیل ومرام نہیں پلٹاتا۔ اے وہ ذات جو پکارنے والے سے دور نہیں ہے اور وہ بہترین مقصود ہے۔ اے وہ ذات اقدس جس کے بندوں کی امیدیں اُس کی (رحمت) کی رسّی سے بندھی ہوئی ہیں۔ اے وہ ذاتِ پاک جس کی نہ شبیہ ہے اور نہ مثل ونظیر ہے۔ اے وہ ذات جو نہ کسی کا باپ ہے اور نہ کسی سے پیدا ہوا ہے۔ اے وہ ذات جس کے کرم وفضل کا شمار ممکن نہیں ہے۔ اے وہ ذات جس کے عطا کا حوض (گھاٹ) ہر ایک کے لئے کھلا ہوا ہے۔ اے وہ پاک ذات جو نہ اٹھنے سے متصف ہے اور نہ بیٹھنے سے اے وہ ذات جس پر حرکت کا اطلاق ہو سکتا ہے۔ اور سکون کا۔ اے اللہ اے بہت بڑے مہربان، اے

بہت زیادہ رحم کرنے والے، اے چاہنے والے اے رحم کرنے والے بوڑھے وکبیر حضرت یعقوبؑ پر اے داؤد کی فروگذاشت کو نظر انداز کرنے والے۔ اے وہ جو ثواب کے وعدہ سے نہیں پھرتا، لیکن وعید وعذاب سے درگذر فرماتا ہے۔ اے وہ جس کا رزق اور اس کی پردہ پوشی گنہگاروں کے بھی شامل حال ہے۔ اے وہ جس کے در پر اس کو بھی پناہ ملتی ہے جو بھگا دیا گیا ہو۔ اے وہ جس کے سامنے اس کی تمام تر مخلوق سجدہ ریز ہے۔ اے وہ جس کی عطا سے کسی کو کبھی بھی نہیں روکا گیا۔ اے وہ جس کے فیصلے انصاف وحکمت سے خالی نہیں ہوتے اور سرکش ظالم کے ساتھ بھی بردباری فرماتا ہے تو رحم فرما اس خطا کار بندے (مجھ) پر بھی جس نے اپنے عہد بندگی کو پورا نہیں کیا۔ بلاشبہ تو، جو چاہتا ہے وہی کرتا ہے۔ اے مہر والے اے الفت والے بہترین نبی حضرت محمدؐ پر درود ورحمت نازل فرما، کہ جنہوں نے بہترین معبود کی طرف لوگوں کو دعوت دی اور ان کی آل طیبین وطاہرین پر بھی رحمت فرما، کہ جو کرم وجود والے ہیں، اور تو ہم پر وہی کرم فرما جس کا تو اہل ہے۔ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے سب رحم کرنے والوں میں۔ اے سب کرم کرنے والوں سے زیادہ کرم کرنے والے۔

دعائے طوسی

شیخ طوسیؒ علیہ الرحمہ نے کتاب المجالس میں تحریر فرمایا ہے کہ جناب رسولِ خداؐ بعد نمازِ صبح باآواز بلند اس دُعا کو تین بار پڑھتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ جَعَلْتَهٗ لِیْ عِصْمَةً

پھر تین بار اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دُنْیَایَ الَّتِیْ جَعَلْتَ مِنْهَا مَعَاشِیْ پھر تین بار کہے اَللّٰهُمَّ جَعَلْتَ اِلَیْهَا مَرْجِعِیْ (پھر تین بار کہے) اَللّٰهُمَّ اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَاَعُوْذُ بِعَفْوِكَ مِنْ نِقْمَتِكَ۔ (پھر تین بار کہئے) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ لَا مَانِعَ

لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا یَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ ۝

ترجمہ: اے اللہ! میرے دین کو درست فرما دے ایسا دین جس کو میرے لئے تو نے قرار دیا ہے پاکدامنی کا ذریعہ

اے اللہ! میرے لئے اصلاح کر میری دُنیا کی جس میں تو نے میرے لئے معاش (روزی) قرار دیا ہے۔

اے اللہ! اس کی طرف میرا مرجع قرار دے (مجھے رجوع کر)

اے اللہ! میں پناہ چاہتا ہوں تیری خوشنودی کے لئے تیرے غصے سے اور پناہ مانگتا ہوں معافی کے ساتھ تیرے غضب سے۔

اے اللہ! میں تجھ سے پناہ چاہتا ہوں جو چیز تو نے دی اس کا کوئی روکنے والا نہیں۔ اور جس چیز کو تو نے روک لیا اس کا کوئی دینے والا نہیں اور کوئی کوشش کام نہ دے گی تیرے سامنے۔

دعاء برائے حفاظت جان و مال، دفع دُشمنان

روایت بیان کی گئی ہے کہ ایک بزرگ اس دعاء جلیلہ کی تلاوت روزانہ صبح وشام کیا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ کا واقعہ ہے کہ ہندوستان کے بٹوارے کے وقت بہت سے گاؤں اور آبادیاں ہندوؤں کے حملے کی شکار ہوئی تھیں۔ اسی زمانہ کا یہ واقعہ بیان کیا گیا ہے کہ جب ہندوؤں نے اس گاؤں پر حملہ کیا جس میں یہ بزرگ رہتے تھے تو وہ ہندو لوگ جب اُن بزرگ کے پاس پہنچے تو کہنے لگے آپ بتائیے ہم آپ کو کس جگہ پہنچا دیں کیونکہ ہم یہ قسم کھا کر آئے ہیں کہ یہاں اس گاؤں میں کسی کو زندہ نہیں چھوڑیں گے۔ اور اُن بزرگ کو کسی دوسرے گاؤں میں پہنچا دیا گیا۔ وہ مجرب دُعاء مندرجہ ذیل ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا مَنْ لَّا یَعْلَمُ الْغَیْبَ اِلَّا هُوَ ط یَا مَنْ لَّا یُدَبِّرُ الْاَمْرَ اِلَّا هُوَ ط یَا مَنْ لَّا یَصْرِفُ السُّوْٓءَ اِلَّا هُوَ ط یَا مَنْ لَّا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا هُوَ ط یَا مَنْ لَّا یُحْیِی الْعِظَامَ الْمَوْتٰی اِلَّا هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ط وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا وَبِحَقِّ کٓهٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ وَبِحَقِّ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ الصَّمَدِ الْفَرْدِ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ۔

ترجمہ: اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں) مہربان ہے نہایت رحم والا ہے۔

اے وہ جس کے سوا غیب کا علم کوئی نہیں جانتا۔ اے وہ جس کے سوا کاموں کی تدبیر عمدہ طریقہ پر کوئی انجام نہیں دے سکتا۔ اے وہ (اللہ) جس کے سوا بلاؤں کو کوئی نہیں بھگا سکتا۔ اے وہ (اللہ) جس کے سوا کوئی گناہوں کو معاف نہیں کر سکتا۔ اے وہ (اللہ) جس کے سوا مُردے کی ہڈیوں میں کوئی جان نہیں ڈال سکتا۔ وہ (اللہ اوّل سے ہے اور آخر تک رہے گا۔ اور وہ ظاہر ہے اور پوشیدہ بھی ہے اور وہی ہر چیز کو اچھی طرح جانتا ہے۔ اور ہم نے اُس (قرآن) کو حق کے ساتھ نازل فرمایا اور حق کے ساتھ ہی وہ نازل ہوا۔ اور ہم نے (رسولؐ کو) تم کو بشارت دینے والا اور ڈرانے

والا بنا کر بھیجا۔ اور کٓھٰیٰعٓصٓ کے حق کا واسطہ، اور حٰمٓعٓسٓقٓ کے حق کے واسطہ اور حق کا واسطہ تیری یکتائی کا، یگانیت کا، بے نیازی کا، انفرادیّت کا، تو وہ ہے جس نے کسی کو نہیں جَنا، اور نہ وہ کسی سے جَنا گیا، اور نہ کوئی اُس کا ہمسر (ثانی) ہے۔

یا اللہ! رحمت نازل فرما تا رہ حضرت محمدؐ اور آل محمدؐ پر۔

حضرت فاطمہ زہراؑ کی تعلیم فرمائی ہوئی چند دعائیں اور تسبیحات۔

تسبیحات اربعہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ

حضرت فاطمہ زہراؑ کا فرمان ہے کہ اگر کوئی شخص کوئی حاجت رکھتا ہو تو اس کو چاہیئے کہ تسبیحات اربعہ کو مندرجہ ذیل طریقہ پر پڑھا جائے وہ حاجت فوراً حل ہوگی۔

ایک سَو دانے والی تسبیح پہلی تسبیح سبحان اللہ کی پڑھئے۔

دوسری تسبیح (۱۰۰ مرتبہ) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

تیسری تسبیح (۱۰۰ مرتبہ) لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

چوتھی تسبیح (۱۰۰ مرتبہ) اَللّٰهُ اَکْبَرُ

پانچویں تسبیح درود شریف اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ۔ پڑھئے۔ اس کے جو بھی دِلی مقاصد ہوں بیان کیجئے وہ اللہ تعالیٰ اِنْشَآءَ اللّٰهُ مُراد پوری کرے گا۔

حضرت رسول اللہؐ کا فرمان ہے کہ جب وہ معراج میں عرش پر تشریف لے گئے۔ حضرت جبرائیل امین ان کے ساتھ تھے۔ کچھ لوگ محل بنانے میں

مصروف تھے حضرت رسول اللہؐ نے دریافت کیا کہ یہ فرشتے کِس کے لئے بنا رہے ہیں؟ جبرائیلؑ نے کہا کہ ان لوگوں کے لئے یہ فرشتے محل بناتے ہیں جو تسبیحات اربعہ پڑھتے ہیں جب پڑھنا چھوڑ دیتے ہیں تو یہ فرشتے محل بناتے بناتے رُک جاتے ہیں۔ یہ بھی منقول ہے کہ جس گھر میں قرآن مجید کی تلاوت ہوتی ہے اور ذکرِ الٰہی ہوتا ہے وہ گھر عرش پر اس طرح چمکتا ہے جیسے عرش پر ستارے جگمگاتے نظر آتے ہیں۔

دُعائے حضرت فاطمہ زہراؑ۔ دُعائے نُورِ صَغِیر۔

دعائے نُورِ صغیر

سید بن طاؤسؒ نے مہج الدعوات میں حضرت سلمان فارسیؓ صحابی رسولؐ اللہ سے روایت نقل کی ہے اس کے آخر میں ایک بیان ہے جس کے مطابق یہ ثابت ہوتا ہے کہ رسولؐ اللہ کی وفات کے بعد بھی حضرت فاطمہ زہراؑ کے گھر پر عرش سے فرشتوں کی آمد و رفت ہوتی تھی۔ حضرت سلمان فارسی یوں بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں حضرت امیر المومنین علیؑ ابن ابی طالبؑ کے ہمراہ خانۂ فاطمہ زہراؑ پر حاضر ہوا حضرت فاطمہ زہراؑ نے چند رُطب مجھے کھانے کے لئے دیئے۔ اس وقت میرا روزہ تھا تو میں نے لے لئے کہ اُن سے میں روزہ افطار کروں گا۔ انھوں نے فرمایا کہ ان رُطب کی گٹھلی مجھے لا کر دینا۔ حضرت حضرت سلمان فارسی نے روزہ افطار کیا مگر اُن رُطب میں گٹھلی نہ نکلی۔ انھوں نے آکر حضرت فاطمہ زہراؑ سے بیان کیا۔ اُس پر حضرت فاطمہ زہراؑ نے فرمایا کہ یہ طبق جنّت کی حوریں سَلمہ نام کی اور غفاری نام کی لائی تھیں۔ یہ جنّت کے ایک نُور کے درخت کے میوے ہیں۔ ان میں گٹھلیاں نہیں ہوتی ہیں۔ اس وقت دعائے نورُ حضرت فاطمہ زہراؑ نے اُن کو تعلیم فرمائی اور کہا کہ ہر محب اہلبیتؑ کو یہ دعا سکھا دینا خصوصاً جس کسی کو بخار ہو اور یہ پڑھ کر دم کیا جائے تو بخار بحکم

اللہ تعالیٰ جاتا رہے گا۔ اور مریض کو اُس سے شفاء ہوگی۔ وہ دعا مندرجہ ذیل ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ النُّوْرِ بِسْمِ اللّٰهِ النُّوْرِ النُّوْرِ بِسْمِ اللّٰهِ نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ هُوَ مُدَبِّرُ الْاُمُوْرِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ النُّوْرَ مِنَ النُّوْرِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ النُّوْرَ مِنَ النُّوْرِ وَاَنْزَلَ النُّوْرَ عَلَی الطُّوْرِ وَالْبَیْتِ الْمَعْمُوْرِ وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ فِیْ کِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ فِیْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ بِقَدَرٍ مَّقْدُوْرٍ عَلٰی نَبِیٍّ مَّحْبُوْرٍ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هُوَ بِالْعِزِّ مَذْکُوْرٌ وَّبِالْفَخْرِ مَشْهُوْرٌ وَّعَلَی السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ مَشْکُوْرٌ وَّصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ ○

دعائے نور صغیر کا اردو ترجمہ

نام اللہ کے شروع کرتا ہوں جو نہایت بخشش کرنے والا اور مہربان ہے۔

ہم اپنے مقصدوں کو اُس معبود کے نام سے مانگتے ہیں۔ جو نور محض ہے۔ اُس اللہ کے نام سے جو نورِ مُجسّم کو نورِ مُجسّم بنانے والا ہے اور اس اللہ کے نام سے جو نور کے چہرے کو جگمگانے والا ہے اور اُسی اللہ کے نام سے شروع کرتے ہوئے اپنے تمام بگڑے ہوئے کاموں کو سنوارنے کی آرزو کرتے ہیں۔ جو سارے کاموں کا بنانے والا ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

اُس اللہ کے نام سے اپنے دِل کی نورانیت کے خواہشمند ہیں۔ جس نے نور کو نور سے خلق کیا ہے۔ تمام حمد وثنا اُس خالق کے لئے ہے جس نے نور کو نور سے بنایا اور کوہ طور اور بیت المعمور جو کعبہ کے سامنے فرشتوں کا قبلہ ہے۔ اور اس آسمان پر جو کتاب (لوح محفوظ) کے اوراق میں مذکور ہے۔ اپنے نبی صلعم پر نور کو نازل فرمایا۔ تمام حمد وثنا اُس خالق کے لئے ہیں جو عزّت اور بزرگی وعظمت میں زباں زد ہے اور فخر میں مشہور زمانہ ہے۔ اور سارے بندوں پر ہر غم ومسرّت کے دینے پر قابلِ تشکّر ہے۔ اے خدا حضرت محمد مصطفےٰؐ اور ان کی پاک وپاکیزہ آل واَولاد پر صلوٰۃ بھیج اور ان کے صدقے میں ساری حاجت پوری کر۔

نوٹ: مؤلف کا تجربہ ہے کہ علاوہ بخار کے جس مشکل کو حل کرنے کے لئے یہ دُعاء پڑھ کر حاجت قاضیِ حاجات سے طلب کی گئی وہ پوری ہوئی ہے۔

تسبیحِ حضرت فاطمۃ الزہراؑ کی فضیلت

جنابِ رسول اللہؐ نے اپنی لختِ جگر کو مشکلات سے نجات دلانے کے لئے تعلیم فرمائی تھی۔ سرکارِ رسالت مآبؐ نے مزید تاکید فرمائی کہ اس تسبیح کو ہمیشہ پڑھتی رہنا اور کبھی ترک نہ کرنا۔

اصول کافی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السّلام نے فرمایا ہے کہ "تسبیح فاطمہؑ سے بڑھ کر کوئی عبادت اور خداوند عالم کی حمد سے بڑھ کر کوئی ذکر نہیں ہے"۔

ابوالورد بن شماعہ سے روایت ہے کہ امیرالمومنینؑ نے بنی سعد کے کسی شخص سے فرمایا کہ "میں تم کو فاطمہؑ بنتِ رسول اللہؐ کا حال سناتا ہوں کہ چکّی پیستے پیستے اُن کے ہاتھوں میں گھٹّے پڑ گئے ہیں اس وقت میں نے یہ دیکھ کر ان سے کہا کہ آپ اپنے بابا جان کے پاس جائیے اور اُن حضرت سے اپنے کام کی پریشانی بیان کیجئے۔ آنحضرتؐ آپ کو ایک خادمہ عطا فرمادیں گے اس طرح

آپ کو گھر کے کاموں سے نجات مل جائے گی۔ چنانچہ وہ خدمت نبوی میں تشریف لے گئیں مگر ان کی ہمّت نہ پڑی کہ آنحضرت سے مشکل بیان کریں واپس آگئیں۔ دوسرے دن آنحضرتؐ خود حضرت فاطمہؑ کے گھر تشریف لائے۔ دریافت فرمایا۔ "اے لختِ جگر! کل تم میرے پاس کس مقصد سے آئی تھیں"؟ اس وقت حضرت علیؑ نے فرمایا ان کے ہاتھ میں گھٹّے پڑ گئے ہیں۔ کوئی کنیز عنایت فرمادیجئے۔

کتاب شیرازی میں مرقوم ہے کہ "یہ سننے کے بعد آنحضرتؐ کچھ دیر خاموش کھڑے رہے پھر آنکھیں نم ہوگئیں" پھر فرمایا۔ اے میری لختِ جگر! اُس ذاتِ والا صفات کی عظمت وجلالت کی قسم جس نے مجھ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے۔ اِس وقت مسجد میں چار سَو افراد ایسے ہیں جن کے پاس نہ کھانے کو ہے نہ پینے کو میں تم کو بجائے کنیز کے ایسی تسبیح تعلیم کئے دیتا ہوں جو پریشانی اور تکالیف سے تم کو نجات دے گی۔ وہ تسبیح یہ ہے:۔

اَللّٰہُ اَکْبَرُ	۳۴ مرتبہ پڑھو	بعد نماز فریضہ اور ایک تسبیح سونے سے پہلے پڑھ لیا کرو۔
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ	۳۳ مرتبہ پڑھو	
سُبْحَانَ اللّٰہِ	۳۳ مرتبہ	

۱۔ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے اپنے ایک صحابی کے سوال کے جواب میں مندرجہ ذیل دعاء تعلیم فرمائی جو کہ دنیا اور آسمانوں کی کنجیاں ہیں۔ حصولِ حاجات کے لئے پڑھنا چاہئے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝

۲۔ دوسری دُعاء

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ کثرت سے پڑھئے مصائب سے نجات ہوگی۔

۳۔ تیسری دُعاء

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْرًا عَلٰی کُلِّ حَالٍ

کثرت سے پڑھئے۔ کارہائے آخرت بہتر ہوں۔ دنیا میں راحت ہو۔

۴۔ ہر نماز فریضہ کے بعد تین مرتبہ پڑھنے کی دُعاء ہر حاجت پوری ہوگی۔

یَا مَنْ یَّفْعَلُ مَا یَشَآءُ وَلَا یَفْعَلُ مَا یَشَآءُ غَیْرُہٗ۔

ترجمہ: (اے وہ اللہ جو جیسا چاہتا ہے کرتا ہے اور اُس کا غیر جو چاہے وہ نہیں کرسکتا)

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تعلیم فرمائی ہوئی دعائیں۔

۱۔ یہ دعاء حضرت رسولؐ اللہ نے غار میں حفاظت کے لئے پڑھی تھی تو وہ کفّار کے شر سے محفوظ رہے۔ جو شخص اس دعاء کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کی اعانت اور مدد کرے گا۔ جس طرح اس نے حضرت رسول اللہؐ کی مدد فرمائی تھی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا مُوْنِسَ الْمُسْتَوْحِشِیْنَ یَا اَنِیْسَ الْمُتَفَرِّدِیْنَ وَیَا ظَھْرَ الْمُنْقَطِعِیْنَ وَیَا مَالَ الْمُقِلِّیْنَ وَیَا قُوَّۃَ الْمُسْتَضْعَفِیْنَ وَیَا کَنْزَ الْفُقَرَآءِ وَیَا مَوْضِعَ شَکْوَی الْغُرَبَآءِ وَیَا مُنْفَرِدًا بِالْجَلَالِ وَیَا مَعْرُوْفًا بِالنَّوَالِ وَیَا

کَثِیْرَ الْاَنْفَالِ اَغِثْنِیْ عِنْدَ کُرْبَتِیْ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ۔

سوتے وقت پڑھنے کی دُعاء

اِلَیْکَ وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَیْکَ وَاَلْجَاْتُ ظَھْرِیْ اِلَیْکَ وَتَوَکَّلْتُ عَلَیْکَ رَھْبَۃً مِّنْکَ وَرَغْبَۃً اِلَیْکَ لَا مَلْجَاَ وَمَنْجَا مِنْکَ اِلَّا اِلَیْکَ اٰمَنْتُ بِکِتَابِکَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ وَبِرَسُوْلِکَ الَّذِیْ اَرْسَلْتَ۔

اس کے بعد تسبیح حضرت زہرا سلامُ اللہ علیہا السلام پڑھے۔

سال کے آغاز کی دُعا

حضرت امام رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ حضرت رسول خداؐ ہر نئے سال کی پہلی تاریخ پہلی شب میں دو رکعت نماز ادا فرماتے تھے۔ اور ہاتھ اٹھا کر مندرجہ ذیل دعا پڑھا کرتے تھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْاِلٰہُ الْقَدِیْمُ وَھٰذِہٖ سَنَۃٌ جَدِیْدَۃٌ

یا اللہ تو قدیم ہے اور ہم اس جدید سال میں داخل ہو رہے ہیں

فَاَسْئَلُکَ فِیْھَا الْعِصْمَۃَ مِنَ الشَّیْطَانِ وَالْقُوَّۃَ عَلٰی

میں چاہتا ہوں کہ مجھے اس سال شیطان سے بچالے۔ مجھے قوت عطا فرما

ھٰذِہِ النَّفْسِ الْاَمَّارَۃِ بِالسُّوْءِ وَالْاِشْتِغَالَ بِمَا

اس نفس امارہ پر جو مجھے برائی کی طرف لے جاتا ہے جب کہ میں سخت جد وجہد

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

يُقَرِّبُنِي اِلَيْكَ يَا كَرِيْمُ يَا ذَوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا عِمَادَ
کرتا ہوں تیرا تقرّب حاصل کرنے کے لئے۔ یا کریم یا ذوالجلال والاکرام اے اُن کے
مَنْ لَّا عِمَادَ لَهٗ يَا ذُخْرَ مَنْ لَّا ذُخْرَ لَهٗ يَا حِرْزَ مَنْ لَّا حِرْزَ
مددگار جن کا کوئی مددگار نہیں ہے۔ اے ان کے لئے خزانہ جن کے پاس کوئی پناہ
لَهٗ يَا كَنْزَ مَنْ لَّا كَنْزَ لَهٗ يَا حَسَنَ الْبَلَاءِ يَا عَظِيْمَ
دینے والا نہیں ہے۔ اے ان کو سہارا دینے والا جن کا کوئی سہارا دینے والا نہیں۔ اے
الرَّجَاءِ يَا عِزَّ الضُّعَفَاءِ يَا مُنْقِذَ الْغَرْقٰى يَا مُنْجِيَ
اُن کے ضامن جن کو ضمانت دینے والا کوئی نہیں۔ اے سب سے بہتر امتحان۔ سب سے بڑی
الْهَلْكٰى يَا مُنْعِمُ يَا مُجْمِلُ يَا مُفْضِلُ يَا مُحْسِنُ اَنْتَ
اُمید اے کمزوروں کے لئے طاقت اے وہ جو ڈوبنے والوں کو بچالیتا ہے۔ اے وہ تباہ ہونے
الَّذِيْ سَجَدَ لَكَ سَوَادُ اللَّيْلِ وَنُوْرُ النَّهَارِ وَضَوْءُ
سے بچالیتا ہے اے نعمتیں عطا فرمانے والے۔ اے سب سے زیادہ اچھے۔ مہربان تو ہے جس کے
الْقَمَرِ وَشُعَاعُ الشَّمْسِ وَدَوِيُّ الْمَاءِ وَحَفِيْفُ
سامنے رات کی تاریکی اور دن کا اُجالا سجدہ ریز ہوتے ہیں چاند اور سورج کی شعاعیں پانی کی موجیں
الشَّجَرِ يَا اَللّٰهُ لَا شَرِيْكَ لَكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا خَيْرًا
درختوں کی پھرتیلی شاخیں۔ اے اللہ تیرا کوئی شریک نہیں اے اللہ مجھے اس سے اچھا بنادے
مِمَّا يَظُنُّوْنَ وَاغْفِرْ لَنَا مَا لَا يَعْلَمُوْنَ وَلَا تُؤَاخِذْنَا
جیسا کہ لوگ میرے بارے میں سوچتے ہیں۔ میری وہ غلطیاں معاف فرمادے جن کا کسی کو علم
بِمَا يَقُوْلُوْنَ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ
نہیں ہے اور جو کچھ لوگ کہتے ہیں اس کی ذمہ داری مجھ پر نہ ڈال کافی ہے میرے اللہ کوئی خدا نہیں
وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اٰمَنَّا بِهٖ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ
اس کے جو عرش معلیٰ کا مالک ہے ہمارا یہ ایمان ہے کہ جو کچھ ہے وہ ہمارے رب

رَبِّنَا وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّا اُولُوا الْاَلْبَابِ ؕ
کی جانب سے ہے اور کوئی قابل ذکر نہیں ہے سوائے اُن کے جنھیں حکمت عطا کی گئی ہے۔

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدینۂ منوّرہ کی ہجرت کے وقت اللہ سبحانہٗ تعالیٰ نے جب حضرت جبرائیل اور میکائیل کو بھیجا کہ آنحضرتؐ کے مکان پر جاؤ جہاں حضرت علی ابن ابی طالبؑ بستر رسول اللہ پر آرام فرما رہے تھے کہ دشمنانِ دین سے اُن کی حفاظت کرو۔ خداوند عزّ وجل فخر و مباحات فرماتا ہے۔ چنانچہ حق سُبحانہٗ وتعالیٰ نے اپنے رسولؐ مقبول پر جبکہ وہ مدینے جا رہے تھے حضرت علیؑ کی شان میں مندرجہ ذیل آیت نازل فرمائی۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ۔

ترجمہ: ”لوگوں میں ایسے نیک بندے بھی ہیں جو خُدا کی رضاجوئی کے لئے اپنی جان تک دیدیتے ہیں اور خدا اپنے بندوں پر بڑا شفقت فرمانے والا ہے“ (تاریخ احمدی صفحہ ۹۸)

نماز و دعاء صاحب الزّمان امام مہدیؑ عج

جو بھی شخص اللہ تعالیٰ سے کسی مشکل کے وقت مدد چاہتا ہو اور کوئی حاجت رکھتا ہو تو وہ شب جمعہ آدھی رات کے وقت غسل کر کے دو رکعت نماز مندرجہ ذیل طریقہ سے پڑھے جس میں سورۃ الحمد کے پڑھتے وقت اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ایک سَو مرتبہ پڑھے۔ رکوع میں سات بار سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ اور سجدہ میں سات بار سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى وَبِحَمْدِهٖ پڑھے۔ دوسری رکعت بھی اِسی طرح بجالائے بعد نماز ایک سو بار درود شریف پڑھے اور مندرجہ ذیل دُعاء پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

اِلٰهِيْ عَظُمَ الْبَلَاءُ وَبَرِحَ الْخَفَاءُ وَانْكَشَفَ الْغِطَاءُ وَانْقَطَعَ الرَّجَآءُ وَضَاقَتِ الْاَرْضُ وَمُنِعَتِ السَّمَآءُ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَاِلَيْكَ الْمُشْتَكٰى وَعَلَيْكَ الْمُعَوَّلُ فِي الشِّدَّةِ وَالرَّخَاءِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اُولِي الْاَمْرِ الَّذِيْنَ فَرَضْتَ عَلَيْنَا طَاعَتَهُمْ وَعَرَّفْتَنَا بِذٰلِكَ مَنْزِلَتَهُمْ فَفَرِّجْ عَنَّا بِحَقِّهِمْ فَرَجًا عَاجِلًا قَرِيْبًا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ يَا مُحَمَّدُ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا مُحَمَّدُ اِكْفِيَانِيْ فَاِنَّكُمَا كَافِيَانِ وَانْصُرَانِ فَاِنَّكُمَا نَاصِرَانِ يَا مَوْلَانَا يَا صَاحِبَ الزَّمَانِ اَلْغَوْثَ اَلْغَوْثَ اَلْغَوْثَ اَدْرِكْنِيْ اَدْرِكْنِيْ اَلسَّاعَةَ السَّاعَةَ السَّاعَةَ اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ ؕ

دعاء تمام کرنے کے بعد پھر باری تعالیٰ سے جو حاجت رکھتا ہو طلب کرے۔ اللہ سبحانہٗ دعا مُستجاب کرے گا۔

حضرت امام آخر الزمان کیلئے دعا

حضرت رسول خدا کا فرمان ہے کہ جو شخص امام وقت کو نہ پہچانتے ہوئے مرگیا وہ کفر کی موت مرا۔ لہٰذا یہ ہمارا فرض ہے کہ اپنے موجودہ

امام کو جانیں اور اچھی طرح پہچانیں۔ اگر ہم ان کی خدمت میں سلام پیش کریں اور ان کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا کریں تو پھر وہ بھی ہم کو پہچانیں گے۔ اسی لئے ہم اللہ تعالیٰ سے ان کے توسط سے مدد مانگتے ہیں۔ اور ان کی سلامتی کے لئے دعا کرتے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ كُنْ لِّوَلِيِّكَ الْحُجَّةِ ابْنِ الْحَسَنِ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰبَآئِهٖ فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ وَفِيْ كُلِّ سَاعَةٍ وَّلِيًّا وَّحَافِظًا وَّقَائِدًا وَّنَاصِرًا وَّدَلِيْلًا وَّعَيْنًا حَتّٰى تُسْكِنَهٗ اَرْضَكَ طَوْعًا وَّتُمَتِّعَهٗ فِيْهَا طَوِيْلًا۔

ترجمہ یا اللہ! ہوجا اپنے ولی حضرت حُجّتؑ ابن حسن (العسکریؑ) اُن حضرت پر درود ہو تیرا اور اُن کے آبائے کرام پر بھی، ان کے لئے اس وقت بلکہ ہر وقت (اُن کا) سرپرست اور محافظ اور سردار اور مددگار اور رہنما اور نگہبان (ہوجا) یہاں تک کہ وہ حضرت تیری زمین پر بخوشی سکونت پذیر ہوں اور طویل عرصہ تک اِس میں حکومت کریں۔

طریقۂ وردِ اسماء الٰہی۔ ایّام ہفتہ

- بروز جمعہ اَلنُّوْرُ ۲۵۶ مرتبہ صبح کی نماز کے بعد پڑھے۔ لوگوں کی نظر میں عزّت ملے۔
- بروز شنبہ (ہفتہ) اَلْغَنِيُّ ۱۰۶۰ بار پڑھے۔ اللہ محفوظ اور بے پرواہ بنادے گا۔
- بروز یکشنبہ (اتوار) اَلْفَتَّاحُ ۴۸۹ مرتبہ پڑھے۔ ہر مشکل آسان ہوگی۔
- بروز دوشنبہ (پیر) اَللَّطِيْفُ ۱۲۹ مرتبہ پڑھے۔ اللہ تعالیٰ کا بیحد

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

لُطف وکرم رہے گا۔

بروز سہ شنبہ (منگل) یَاقَابِضُ ۱۰۰۳ مرتبہ پڑھے خواہشات پوری ہوں گی۔

بروز چہارشنبہ (بدھ) یَامُتَعَالِیُ ۵۴۱ بار پڑھے۔ حاجات پوری ہوں گی۔

بروز پنجشنبہ (جمعرات) اَلرَّزَّاقُ ۳۰۸ مرتبہ پڑھے۔ روزی میں اضافہ کرے گا۔

نقش نادِ علیؑ

نَادِ	عَلِیًّا	مَظْهَرَ	الْعَجَائِبِ	تَجِدْهُ	عَوْنًا لَكَ	فِی النَّوَائِبِ	كُلُّ هَمٍّ
عَلِیًّا	مَظْهَرَ	الْعَجَائِبِ	تَجِدْهُ	عَوْنًا لَكَ	فِی النَّوَائِبِ	كُلُّ هَمٍّ	وَغَمٍّ
مَظْهَرَ	الْعَجَائِبِ	تَجِدْهُ	عَوْنًا لَكَ	فِی النَّوَائِبِ	كُلُّ هَمٍّ	وَغَمٍّ	سَيَنْجَلِی
الْعَجَائِبِ	تَجِدْهُ	عَوْنًا لَكَ	فِی النَّوَائِبِ	كُلُّ هَمٍّ	وَغَمٍّ	سَيَنْجَلِی	بِنُبُوَّتِكَ
تَجِدْهُ	عَوْنًا لَكَ	فِی النَّوَائِبِ	كُلُّ هَمٍّ	وَغَمٍّ	سَيَنْجَلِی	بِنُبُوَّتِكَ	يَا مُحَمَّدُ
عَوْنًا لَكَ	فِی النَّوَائِبِ	كُلُّ هَمٍّ	وَغَمٍّ	سَيَنْجَلِی	بِنُبُوَّتِكَ	يَا مُحَمَّدُ	بِوَلَايَتِكَ
فِی النَّوَائِبِ	كُلُّ هَمٍّ	وَغَمٍّ	سَيَنْجَلِی	بِنُبُوَّتِكَ	يَا مُحَمَّدُ	بِوَلَايَتِكَ	يَا عَلِیُّ
كُلُّ هَمٍّ	وَغَمٍّ	سَيَنْجَلِی	بِنُبُوَّتِكَ	يَا مُحَمَّدُ	بِوَلَايَتِكَ	يَا عَلِیُّ	يَا عَلِیُّ

۱۔ بزرگان دین سے منقول ہے کہ نادِ علی کو بصورت بالا مربع لکھ کر جو شخص اپنے پاس رکھے گا یا ہر روز اس کو دیکھے گا وہ تمام بلاؤں اور آفتوں سے محفوظ رہے گا۔ اگر جنگ پر جائے گا تو دشمن پر فتح پائے گا۔ اور خداوند تعالیٰ سے جو مطلوب چاہے گا بر آئے گا۔ سحر وجادو اس پر اثر نہ کرے گا۔

عملیاتِ نادِ علی

۲۔ انبیاء وائمہ علیہم السلام کی خواب میں زیارت۔

اگر کوئی شخص جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم یا ائمہ اطہار علیہم السلام کی زیارت کرنا چاہتا ہے تو شب جمعہ شروع ماہ زائد النور میں بوقتِ شب ہزار مرتبہ نادِ علی پڑھے اور بعد نماز عشاء دو رکعت نماز نافلہ کے بعد غسل کر کے نیا اور پاک لباس پہنے اور خوشبو لگائے بفضلہٖ تعالیٰ خواب میں زیارات سے مشرف ہوگا اوّل اور آخر گیارہ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔ نادِ علی کو اعتصام واختتام کے ساتھ پڑھنا چاہئے۔ اعتصام یہ ہے۔ کہ جب نادِ علی شروع کرنا مقصود ہو تو پہلے یہ اعتصام پڑھے۔

"یَا اللّٰہُ صَمَدِیْ مِنْ عِنْدَكَ مَدَدِیْ وَعَلَیْكَ مُعْتَمَدِیْ"

اور اختتام مندرجہ ذیل ہے۔

نادِ علی کے ختم کرنے کے بعد پانچ مرتبہ کہے۔

یَا اَبَا الْغَیْثِ اَغِثْنِیْ یَا عَلِیُّ اَدْرِكْنِیْ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

۳۔ حصولِ علم وحکمت۔ جو شخص ہر روز ستّر مرتبہ نادِ علی پڑھے تو ابوابِ علوم وحکمت اُس پر ظاہر ہوں گے۔

اگر ہر صبح ایک سو چالیس۱۴۰ مرتبہ نادِ علی پڑھے تو علم وحکمت اس کے دل میں پیدا ہوں گے۔

ہر روز ستّر مرتبہ نادِ علی پڑھنے سے اسرار ظاہر ہوں گے۔ اور امور غیب اُس پر ظاہر ہوں گے۔

۴۔ دفع امراض کے لئے۔ کوئی شخص ایسی بیماری میں مُبتلا ہو کہ ڈاکٹر علاج سے عاجز ہو گئے ہوں تو اس کے لئے بارش کا پانی یا کنویں کے پانی پر ستّر مرتبہ نادِ علی پڑھ کر مریض کو پلایا جائے۔ بفضلہٖ تعالیٰ اس کو شفاء ہوگی۔

دفع امراض کے لئے نادِ علی

جو شخص بیماری کے باعث ضعیف وناتواں ہو گیا ہو اور ضعف بدن دور نہ ہوتا ہو۔ روزانہ ستّر مرتبہ نادِ علی پڑھے تو اس کا ضعف وکمزوری دور ہو جائے گی۔

ہر روز نادِ علی دس مرتبہ پڑھنے سے لاعلاج مرض دور ہوتے ہیں۔

نماز عصر کے بعد ہر روز پچیس۲۵ مرتبہ نادِ علی پڑھنے سے مرض قریب نہیں آئیں گے۔

نماز مغرب کے بعد ہر روز اٹھائیس۲۸ مرتبہ نادِ علی پڑھنے سے جسم کی تمام بیماریوں سے نجات ہوتی ہے۔

مریض کو جب بھی پانی پلایا جائے تو اس پر نادِ علی پڑھ کر پھونک دی جائے۔ شفاء ہوگی۔

۵۔ قضائے حاجات کے لئے

نادِ علی کی تلاوت ہمیشہ کرے کم از کم چالیس۴۰ مرتبہ تو پڑھنے والے کی حاجات پوری ہوں گی۔

٦۔ ردِ سحر جادو وغیرہ

کے اثر سے بچنے کے لئے روزانہ نماز پنجگانہ کے بعد سات مرتبہ نادِ علی کا ورد کرے تو اثر اس جادو کا باطل ہو جائے گا۔

اگر کسی شخص کو یہ گمان ہو کہ اُس پر جادو کیا گیا ہے تو وہ ستّر مرتبہ پانی پر پڑھ کر دم کرے اور پلائے پھر اسی پانی سے غسل کرے انشاءاللہ اثر اس کا جاتا رہے گا۔

۷۔ دشمنوں سے نجات اور ان کے شر سے

محفوظ رہنے کے لئے۔ نادِ علی کا وِرد۔

اگر کوئی شخص دشمنوں سے خائف ہو اور اُن میں پھنس گیا ہو تو ایک مُٹھی پاک مِٹّی پر نادِ علی سات مرتبہ پڑھ کر دم کر کے ان کی طرف ہوا میں اڑا دے تو بحکم خدا ان کا کوئی ضرر اُس کو نہ پہنچے گا۔ ان سے نجات پائے گا۔

اگر کسی شخص کے علم میں اس کے دشمن زیادہ ہوں تو وہ ہر صبح ستّر مرتبہ نادِ علی پڑھ کر دم کرے تو ان کے شر سے محفوظ رہے گا۔ اور دشمنوں پر خدا کا قہر نازل ہوگا۔

ستّر روز تک نادِ علی ہر روز پڑھنے والے کے دشمن اس کے مطیع ہوں گے (ڈیڑھ سو۱۵۰ بار روز پڑھنا)

دشمنوں سے نجات اور ان کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے نادِ علی کا ورد

اگر کسی شخص کو ضرورت ہو تو ستّر مرتبہ نادِ علی پڑھنے سے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

دشمنوں کی نظروں سے پوشیدہ ہو جائے گا۔

ایک ہزار مرتبہ روزانہ دس روز تک نادِ علی پڑھنے سے دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔

ہر روز ستّر[۷۰] مرتبہ پڑھنے سے خبیثوں اور حاسدوں پر قہر نازل ہوگا۔

ہمیشہ نادِ علی پڑھنے والے کے دشمن اُس کے مطیع ہوں گے اور اس سے ڈریں گے۔

ایک ہزار ساٹھ[۱۰۶۰] مرتبہ پڑھ کر نادِ علی پانی پر دم کر کے اپنے دشمن کو پلائے تو وہ خدا کی قدرت سے کوئی بدی نہیں کرے گا۔

چہار شنبہ (بدھ) کے دن تینتیس[۳۳] مرتبہ نادِ علی پڑھ کر مٹی پر دم کرے اور وہ اپنے دشمن پر ڈالے تو دُشمن مقہور ہوگا۔

اگر کسی کو دُشمنوں میں جانے کی ضرورت ہو تو تین بار نادِ علی پڑھ کر اپنے اوپر دم کر کے جائے تو دشمن کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

اگر دشمن کسی کی خرابی کے درپے ہوں تو سات مرتبہ سات قسم کی مٹی پر نادِ علی پڑھ کر دشمن کے آگے ڈالدیں تو دشمن مقہور ہوں گے۔

دشمنوں کی نابودی کے لئے پندرہ[۱۵] روز تک ہر روز پانچ مرتبہ نادِ علی پڑھ کر دشمنوں کے گھر کی طرف پھونک دے اِنشاءاللہ وہ نابود ہوں گے۔

۸- دوستی کے لئے نادِ علی کا ورد

اگر کوئی شخص جمعہ کے روز پہلی ساعت میں چھیالیس[۴۶] مرتبہ نادِ علی پڑھ کر جس کسی سے بات کرے گا وہ دوست ہو جائے گا۔ اگرچہ دشمن ہو۔

۹- برائے عداوت

دو اشخاص میں دشمنی ڈالنے کے لئے دس[۱۰] روز تک ہر روز پانچ مرتبہ نادِ علی پڑھے تو اُن میں عداوت پیدا ہوگی۔

اگر کوئی شخص دو اشخاص کے درمیان عداوت ڈالنے کی نیت سے آٹھ روز تک ہر روز بیس[۲۰] مرتبہ پڑھے گا تو اُن میں عداوت پیدا ہوگی۔

دو لوگوں میں عداوت ڈالنے کے لئے چوراہے کی مٹی پر اکتالیس[۴۱] مرتبہ پڑھ کر ان پر ڈالے تو وہ ایک دوسرے سے جُدا ہوں گے۔

۱۰- زبان بندی مخالفین کے لئے۔ نادِ علی کا عمل

دس روز تک ہر روز دس[۱۰] مرتبہ نادِ علی پڑھنے سے بدگویوں کی زبان بند ہو جائے گی۔

۱۱- دشمنوں کی ہلاکت و بربادی کے لئے

دشمنوں کی بربادی کے لئے ہر روز بیس[۲۰] مرتبہ نادِ علی پڑھے دشمن کا گھر برباد ہوگا۔

منافقین اور ظالموں کی ذلت کے لئے ہر روز صبح ڈیڑھ سو[۱۵۰] مرتبہ نادِ علی کے پڑھنے سے وہ ذلیل ہوگا۔

دُشمن کی ہلاکت کے لئے سات روز تک ہر روز ستّر[۷۰] مرتبہ نادِ علی پڑھے تو ضرور اس کی ہلاکت واقع ہوگی۔

اگر کوئی شخص اپنے دشمن کی منتقلی و آوارگی اس کے گھر سے چاہتا ہے تو وہ تین روز تک ہر روز بیس[۲۰] مرتبہ نادِ علی پڑھے۔ دشمن

دفع ہوگا۔

۱۲- برائے شجاعت و دلاوری

شجاعت و دلاوری کی نیت سے بیس[۲۰] روز تک ہر روز پچاس[۵۰] مرتبہ نادِ علی کے پڑھنے سے شجاعت میں زیادتی ہوگی۔

نادِ علی کبیر

جس شخص کو کوئی مہم درپیش ہو سات بار نادِ علی کبیر کو پڑھے۔ حاکم کے سامنے جانے کے لئے تین بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور واسطے طلب فرزند کے روزانہ دس بار پڑھے۔ اور طلب مال کے لئے روزانہ اکیس[۲۱] مرتبہ پڑھے۔ دشمن سے نجات کے لئے تیر بہدف کام کرتا ہے عورت کو درد زہ ہو تو پانچ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے۔ آسانی ہوگی۔ نادِ علی کبیر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَکَ فِی النَّوَائِبِ
کُلُّ هَمٍّ وَّ غَمٍّ اِلَی اللّٰہِ حَاجَتِیْ وَ عَلَیْهِ مُعَوَّلِیْ کُلَّمَا
رَمَیْتُ مُتَقَاضِیْ فِی اللّٰہِ یَدُ اللّٰہِ وَلِیُّ اللّٰہِ لِیْ اَدْعُوْکَ
کُلُّ هَمٍّ وَّ غَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِعَظَمَتِکَ یَا اَللّٰہُ بِنُبُوَّتِکَ یَا
مُحَمَّدُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِوَلَایَتِکَ یَا عَلِیُّ
یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ اَدْرِکْنِیْ بِحَقِّ لُطْفِکَ الْخَفِیِّ اَللّٰہُ اَکْبَرُ
اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَنَا مِنْ شَرِّ اَعْدَآئِکَ بَرِیٌّ اَللّٰہُ
صَمَدِیْ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ یَا اَبَا الْغَیْثِ

اَغِثْنِیْ یَا عَلِیُّ اَدْرِکْنِیْ یَا قَاهِرَ الْعَدُوِّ وَ یَا وَالِیَ الْوَلِیِّ یَا
مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ یَا مُرْتَضٰی عَلِیُّ یَا قَهَّارُ تَقَهَّرْتَ بِالْقَهْرِ
وَ الْقَهْرُ فِیْ قَهْرِ قَهْرِکَ یَا قَهَّارُ یَا ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ
اَنْتَ الْقَاهِرُ الْجَبَّارُ الْمُهْلِکُ الْمُنْتَقِمُ الْقَوِیُّ الَّذِیْ
لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ وَ اُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ
بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ وَ اِلٰهُکُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ حَسْبِیَ اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَ نِعْمَ
الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَ نِعْمَ النَّصِیْرُ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ
اَغِثْنِیْ یَا اَرْحَمَ الْمَسَاکِیْنَ اِرْحَمْنِیْ یَا عَلِیُّ اَدْرِکْنِیْ
یَا عَلِیُّ اَدْرِکْنِیْ بِرَحْمَتِکَ وَ مَنِّکَ وَ جُوْدِکَ یَا اَرْحَمَ
الرَّاحِمِیْنَ ۝

ہفتے کے دنوں کی دُعائیں

جمعرات کے دن کی دُعا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَذْهَبَ اللَّیْلَ مُظْلِمًا بِقُدْرَتِهٖ
وَجَآءَ بِالنَّهَارِ مُبْصِرًا بِرَحْمَتِهٖ وَکَسَانِیْ ضِیَآءَهٗ وَ اَنَا
فِیْ نِعْمَتِهٖ اَللّٰهُمَّ فَکَمَا اَبْقَیْتَنِیْ لَهٗ فَاَبْقِنِیْ لِاَمْثَالِهٖ وَ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

صَلِّ عَلَى النَّبِيِّ مُحَمَّدٍ وَّآلِهِ وَلَا تَفْجَعْنِي فِيهِ وَفِي غَيْرِهِ مِنَ اللَّيَالِي وَالْاَيَّامِ بِارْتِكَابِ الْمَحَارِمِ وَاكْتِسَابِ الْمَاٰثِمِ وَارْزُقْنِي خَيْرَهُ وَخَيْرَ مَا فِيهِ وَخَيْرَ مَا بَعْدَهُ وَاصْرِفْ عَنِّي شَرَّهُ وَشَرَّ مَا فِيهِ وَشَرَّ مَا بَعْدَهُ اَللّٰهُمَّ اِنِّي بِذِمَّةِ الْاِسْلَامِ اَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ وَبِحُرْمَةِ الْقُرْاٰنِ اَعْتَمِدُ عَلَيْكَ وَبِمُحَمَّدٍ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ اَسْتَشْفِعُ لَدَيْكَ فَاعْرِفِ اللّٰهُمَّ ذِمَّتِيَ الَّتِي رَجَوْتُ بِهَا قَضَاۤءَ حَاجَتِي يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ۔

اَللّٰهُمَّ اقْضِ لِي فِي الْخَمِيسِ خَمْسًا لَا يَتَّسِعُ لَهَا اِلَّا كَرَمُكَ۔

شب جمعہ پڑھنے کی دعاء

حیات القلوب جلد اوّل میں علاّمہ محمد باقر مجلسیؒ نے مندرجہ ذیل دُعاء پڑھنے کا بہت کثیر ثواب بیان کیا ہے۔ یہاں تک کہ اگر کوئی شخص اس دُعاء کی تلاوت شب جمعہ کرتا ہے تو اس کا اتنا ثواب ہے کہ فرشتے اس کے ثواب لکھنے سے آئندہ جمعہ تک عاجز رہتے ہیں۔ وہ دعاء یہ ہے ضرور پڑھیئے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مِنْ اَوَّلِ الدُّنْيَا اِلٰى فَنَائِهَا وَمِنَ الْاٰخِرَةِ اِلٰى بَقَائِهَا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ نِعْمَةٍ وَّاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوبُ اِلَيْهِ يَا اَرْحَمَ

الرَّاحِمِيْنَ ۝

دعائے ہلال

حضرت رسولؐ خدا نئے مہینہ کا چاند دیکھ کر مندرجہ دُعاء پڑھتے تھے۔ امام زین العابدین علیہ السلام بھی یہ دعا پڑھتے تھے۔ جناب حضرت محمد مصطفٰےؐ جس وقت چاند دیکھتے تھے تو تین مرتبہ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اور تین مرتبہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فرماتے تھے۔ اور پھر پڑھتے تھے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي اَذْهَبَ بِشَهْرِ كَذَا وَجَاۤءَ بِشَهْرِ كَذَا۔ چاند دیکھتے وقت سات مرتبہ سورہ الحمد پڑھنا مستحب ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَيُّهَا الْخَلْقُ الْمُطِيعُ الدَّائِبُ السَّرِيعُ الْمُتَرَدِّدُ

اے اطاعت شعار، سرگرم کار اور تیز رفتار مخلوق! اگلی بندھی منزلوں میں

فِي مَنَازِلِ التَّقْدِيرِ الْمُتَصَرِّفُ فِي فَلَكِ التَّدْبِيرِ اٰمَنْتُ

ترتیب سے آنے جانے والے سمجھے بوجھے مدار پر باقاعدگی سے حرکت میں رہنے

بِمَنْ نَوَّرَ بِكَ الظُّلَمَ وَاَوْضَحَ بِكَ الْبُهَمَ وَجَعَلَكَ اٰيَةً

والے! میں ایمان لایا اس ہستی پر جس نے تیرے ذریعہ گھُپ اندھیروں کو اُجالا بخشا!

مِنْ اٰيَاتِ مُلْكِهِ وَعَلَامَةً مِنْ عَلَامَاتِ سُلْطَانِهِ

..... اور تار و تاریک گوشوں کو روشنی عطا فرمائی! اور تجھے اپنے اقتدارِ اعلیٰ کی

وَامْتَهَنَكَ بِالزِّيَادَةِ وَالنُّقْصَانِ وَالطُّلُوعِ وَالْاُفُولِ

دلیلوں میں سے ایک دلیل نیز اپنی دولت وحکومت کی نشانیوں میں سے ایک نشانی

وَالْاِنَارَةِ وَالْكُسُوفِ فِي كُلِّ ذٰلِكَ اَنْتَ لَهُ مُطِيعٌ وَّاِلٰى

قرار دیا۔ اور پھر تجھے بڑھنے، گھٹنے، نکلنے، ڈوبنے، چمکنے اور گہنانے کی خدمت

اِرَادَتِهِ سَرِيعٌ سُبْحَانَهُ مَا اَعْجَبَ مَا دَبَّرَ فِي اَمْرِكَ وَ

پر مامور کیا ان تمام کرداروں تو اس کا بھید اور بڑی مستعدی کے ساتھ اس کے

وَاَلْطَفَ مَا صَنَعَ فِي شَاْنِكَ جَعَلَكَ مِفْتَاحَ شَهْرٍ

ارادوں پر رہ۔ سبحان اللہ! اس نے تیرے نظام کی تشکیل میں کتنے فکر انگیز سلیقے کا ثبوت دیا

حَادِثٍ فَاَسْئَلُ اللّٰهَ رَبِّي وَرَبَّكَ وَخَالِقِي وَخَالِقَكَ

ہے۔ اور تیری تخلیق کے سلسلہ میں کس قدر لطافت نیز صناعی کا مظاہرہ فرمایا ہے اس نے تجھے

وَمُقَدِّرِي وَمُقَدِّرَكَ وَمُصَوِّرِي وَمُصَوِّرَكَ اَنْ

پیش آنے والے حالات کیلئے نئے مہینے کی کنجی قرار دیا پس! میں اپنے اس اللہ سے جو میرا بھی

يُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِهِ وَاَنْ يَجْعَلَكَ هِلَالَ بَرَكَةٍ

رب ہے۔ اور تیرا پروردگار میرا خالق اور تیرا خالق میرا نقش آرا اور تیرا نقش آرا اور میرا صورت گر

لَا تَمْحَقُهَا الْاَيَّامُ وَطَهَارَةٍ لَا تُدَنِّسُهَا الْاٰثَامُ

تیرا صورت گر ہے سوال کرتا ہوں کہ وہ رحمت نازل کرے محمدؐ اور آل کی آل پر اور تجھے ایسی برکت والا

هِلَالَ اَمْنٍ مِّنَ الْاٰفَاتِ وَسَلَامَةٍ مِّنَ السَّيِّئَاتِ هِلَالَ

چاند قرار دے جسے دنوں کی گردشیں زائل نہ کر سکیں اور ایسی پاکیزگی والا جسے گناہ کی کثافتیں آلودہ نہ کر سکیں

سَعْدٍ لَا نَحْسَ فِيهِ وَيُمْنٍ لَا نَكَدَ مَعَهُ وَيُسْرٍ لَا يُمَازِجُهُ

ایسا چاند جو آفتوں سے بری اور برائیوں سے محفوظ ہو۔ سعادت کا چاند جس میں ذرا نحوست نہ ہو۔ اور

عُسْرٌ وَّخَيْرٍ لَا يَشُوبُهُ شَرٌّ هِلَالَ اَمْنٍ وَّاِيْمَانٍ وَّنِعْمَةٍ

سراپا خیر و برکت کا چاند جسے تنگی وعُسرت سے کوئی لگاؤ نہ ہو۔ اور ایسی آسائی اور کشائش کا جس میں

وَّاِحْسَانٍ وَّسَلَامَةٍ وَّاِسْلَامٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

دشواری کی آمیزش نہ ہو اور ایسی بھلائی کا جس میں بُرائی کا شائبہ نہ ہو غرض سراپا امن، ایمان نعمت

وَّآلِهِ وَاجْعَلْنَا مِنْ اَرْضٰى مَنْ طَلَعَ عَلَيْهِ وَاَزْكٰى مَنْ

حسن عمل، سلامتی اور اطاعت وفرمانبرداری کا چاند ہو۔ اے اللہ! محمدؐ اور ان کی آل پر رحمت

نَظَرَ اِلَيْهِ وَاَسْعَدَ مَنْ تَعَبَّدَ لَكَ فِيهِ وَوَفِّقْنَا فِيهِ

نازل فرما اور جن جن پر یہ اپنا پرتو ڈالے اُن سے بڑھ کر ہمیں خوشنود اور جو جو اسے دیکھے ان سب سے زیادہ

لِلتَّوْبَةِ وَاعْصِمْنَا فِيهِ مِنَ الْحَوْبَةِ وَاحْفَظْنَا فِيهِ

درست کار اور جو جو اس مہینہ میں تیری عبادت کرے ان سب سے زیادہ خوش نصیب قرار دے اور ہمیں اس میں

مِنْ مُّبَاشَرَةِ مَعْصِيَتِكَ وَاَوْزِعْنَا فِيهِ شُكْرَ نِعْمَتِكَ

توبہ کی توفیق دے اور گناہوں سے دور اور معصیت کے ارتکاب سے محفوظ رکھ اور ہمارے دل میں اپنی نعمتوں پر

وَاَلْبِسْنَا فِيهِ جُنَنَ الْعَافِيَةِ وَاَتْمِمْ عَلَيْنَا بِاسْتِكْمَالِ

ادائے شکر کا ولولہ پیدا کر اور ہمیں امن و عافیت کی سپر میں ڈھانپ لے۔ اور اس طرح ہم پر اپنی نعمت کو تمام کر کہ تیرے

طَاعَتِكَ فِيهِ الْمِنَّةَ اِنَّكَ الْمَنَّانُ الْحَمِيدُ وَصَلَّى اللّٰهُ

فرائض اطاعت کو پورے طور سے انجام دیں۔ بیشک تو نعمتوں کا بخشنے والا اور قابل ستائش ہے۔

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِهِ الطَّاهِرِيْنَ ۝

رحمت فراواں نازل کرے اللہ محمدؐ اور اُن کی پاک پاکیزہ آل پر۔

آغاز سال کی دُعاء

حضرت امام رضا علیہ السلام نئے سال کی پہلی تاریخ کو دو رکعت نماز ادا فرماتے تھے اور ہاتھوں کو بلند فرما کر یہ دعا پڑھتے تھے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْاِلٰهُ الْقَدِيْمُ وَهٰذِهٖ سَنَةٌ جَدِيْدَةٌ فَاَسْئَلُكَ فِيْهَا الْعِصْمَةَ مِنَ الشَّيْطٰنِ وَالْقُوَّةَ عَلٰى هٰذِهِ النَّفْسِ الْاَمَّارَةِ بِالسُّوْءِ وَالْاِشْتِغَالَ بِمَا يُقَرِّبُنِيْ اِلَيْكَ يَا كَرِيْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا عِمَادَ ——————— مَنْ لَا عِمَادَ لَهٗ يَا ذُخْرَ مَنْ لَا ذُخْرَ لَهٗ يَا حِرْزَ مَنْ لَا حِرْزَ لَهٗ يَا كَنْزَ مَنْ لَا كَنْزَ لَهٗ يَا حَسَنَ الْبَلَاءِ يَا عَظِيْمَ الرَّجَاءِ يَا عِزَّ الضُّعَفَاءِ يَا مُنْقِذَ الْغَرْقٰى يَا مُنْجِيَ الْهَلْكٰى يَا مُنْعِمُ يَا مُجْمِلُ يَا مُفْضِلُ يَا مُحْسِنُ اَنْتَ الَّذِيْ سَجَدَ لَكَ سَوَادُ اللَّيْلِ وَنُوْرُ النَّهَارِ وَضَوْءُ الْقَمَرِ وَشُعَاعُ الشَّمْسِ وَدَوِيُّ الْمَاءِ وَحَفِيْفُ الشَّجَرِ يَا اَللّٰهُ لَا شَرِيْكَ لَكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا خَيْرًا مِمَّا وَاغْفِرْ لَنَا مَا لَا يَعْلَمُوْنَ وَلَا تُؤَاخِذْنَا بِمَا يَقُوْلُوْنَ يَظُنُّوْنَ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اٰمَنَّا بِهٖ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّا اُولُوا الْاَلْبَابِ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ط

سفر پر جانے کی دُعائیں برائے حفاظت

جناب علی ابن طاؤس علیہ الرحمہ نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ ہر ماہ کی پہلی تاریخ نیک ہے ہر کام کے لئے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ کو پیدا کیا۔ ہر کام کی ابتدا کرے۔ خرید و فروخت طلب علم، خواستگاری عورت سفر پر جانا بہت نیک ہے۔ سفر کے لئے بہترین دنوں میں سے روز شنبہ (ہفتہ) ہے اور تاریخوں میں نحس تاریخیں جن میں سفر کرنے سے پرہیز کرے وہ یہ ہیں۔ بدترین تاریخیں تیسری، چوتھی، پانچویں، آٹھویں، تیرھویں، اٹھارھویں، اکیسویں، چوبیس، پچیسویں اور چھبیسویں ہیں دنوں میں علاوہ شنبہ کے منگل اور روز جمعہ بعد نماز جمعہ سفر کرنا بہتر ہے سفر اختیار کرنے سے پہلے مندرجہ ذیل دعاء پڑھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۱۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَوْدِعُكَ نَفْسِيْ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ وَذُرِّيَّتِيْ وَدُنْيَايَ وَاٰخِرَتِيْ وَاَمَانَتِيْ وَخَاتِمَةَ عَمَلِيْ

اور کچھ خاک شفا یا اس کی تسبیح ساتھ ہونی چاہئے۔ اور اُسے اُٹھاتے وقت کہے اَللّٰهُمَّ هٰذِهٖ طِيْنَةُ قَبْرِ الْحُسَيْنِؑ وَلِيُّكَ اتَّخَذْتُهَا حِرْزًا لِمَا اَخَافُ وَلِمَا لَا اَخَافُ اور گھر سے نکلتے وقت کہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ اور

۲۔ پھر یہ دعاء پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ حَسْبِيَ اللّٰهُ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ خَيْرَ اُمُوْرِيْ كُلِّهَا وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ اور یہ دعا بھی پڑھے۔

اَعُوْذُ بِمَا عَاذَتْ بِهٖ مَلَائِكَةُ اللّٰهِ مِنْ شَرِّ هٰذَا الْيَوْمِ الْجَدِيْدِ الَّذِيْ اِذَا غَابَتْ شَمْسُهٗ لَمْ تَعُدْ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ غَيْرِيْ وَمِنْ شَرِّ الشَّيَاطِيْنِ وَمِنْ شَرِّ السِّبَاعِ وَمِنْ شَرِّ رُكُوْبِ الْمَحَارِمِ كُلِّهَا اُجِيْرُ نَفْسِيْ بِاللّٰهِ مِنْ كُلِّ سُوْءٍ۔

سفر پر جانے کی دعائیں برائے حفاظت جان و مال

۳۔ دروازے پر کھڑے ہو کر پانچ مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے۔ ایک ایک مرتبہ چاروں قل پڑھ کر دم کرے اس کے بعد چھ مرتبہ سورہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ کی تلاوت اس طرح کرے اوّل پڑھ کر سامنے پھونکے دوسری مرتبہ دائیں جانب تیسری بار بائیں جانب چوتھی بار پیچھے کی طرف پانچویں دفعہ آسمان کی طرف اور پھر چھٹی مرتبہ زمین کی طرف پھونکے۔ اللہ تعالیٰ حفاظت کرے گا۔

۴۔ سات مرتبہ يَا وَكِيْلُ حَافِظُ، حَفِيْظُ يَا رَقِيْبُ پڑھ کر دم کرے اوّل آخر چودہ مرتبہ درود شریف پڑھے حفاظت رہے گی۔

۵۔ کثرت سے يَا مَلِكُ يَا قُدُّوْسُ پڑھے اور کثرت سے يَا رَقِيْبُ پڑھے۔ چوروں مکاروں سے حفاظت رہے گی سفر بڑے آرام سے

اور بخیر گذرے گا۔

۶۔ آیۃ الکرسی دائیں بائیں پڑھ کر اور یہ کہے اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ وَاحْفَظْ مَا مَعِيْ وَسَلِّمْنِيْ وَسَلِّمْ مَا مَعِيْ وَبَلِّغْنِيْ وَبَلِّغْ مَا مَعِيْ بِبَلَاغِكَ الْحَسَنِ الْجَمِيْلِ اور پھر کچھ صدقہ دے اور صدقہ دیتے وقت کہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اشْتَرَيْتُ بِهٰذِهِ الصَّدَقَةِ سَلَامَتِيْ وَسَلَامَةَ سَفَرِيْ۔

۷۔ چاہیے کہ دوران سفر میں (سورۃ طور پارہ ۲۷، اور سورۃ صف پارہ ۲۸) اور سورہ اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ پڑھتا رہے۔ تاکہ تمام بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔

۸۔ اگر دریا کا سفر ہو اور کشتی پر سوار ہو تو یہ دُعاء پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسٰهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔

اگر دریا میں طغیانی آئے اور موجوں میں بہت بیقراری ہو تو یہ پڑھے۔

قَرِّيْ بِقَرَارِ اللّٰهِ وَاسْكُنِيْ بِسَكِيْنَةِ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

جب زیادہ اضطراب دریا میں بڑھ جائے اور ڈوبنے کا خطرہ ہو تو سورہ محمدؐ پارہ ۱۶) پڑھے اور (سورہ اقرا، پارہ ۳۰) کی تلاوت کرے سکون کا باعث ہوگا۔

۹۔ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کا قول ہے کہ سفر میں جو راستہ بھول

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

جانے تو کہے۔

يَا صَالِحُ يَا اَبَا صَالِحٍ اَرْشِدُوْنَا اِلَى الطَّرِيْقِ يَرْحَمُكُمُ اللهُ اور اگر تنہا سفر کرے تو کہے

مَاشَاءَ اللهُ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَظِيْمِ اَللّٰهُمَّ اٰنِسْ وَحْشَتِيْ وَاَعِنِّيْ عَلٰى وَحْدَتِيْ وَارْدُدْ غَيْبَتِيْ۔

۹۔ سواری پر سوار ہو کر سفر کرنے سے پہلے یہ دعاء پڑھنا چاہیے۔ جو کہ امام رضا علیہ السلام نے تعلیم فرمائی۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ وَاِنَّا اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۝ (سورۃ الزخرف نمبر ۴۳۔ آیت ۱۳-۱۴)

۱۰۔ امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ جو شخص کہیں سفر پر جاتا ہے اور سورۃ اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللهِ وَالْفَتْحُ کی تلاوت نہیں کرتا وہ کیسے بخیریت گھر واپس آتا ہے۔

۱۱۔ سفر پر جانے سے پہلے گیارہ بار درود شریف اوّل اور آخر پڑھے اور پھر اکتالیس مرتبہ۔ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھے واپسی تک اللہ تعالیٰ کی امان میں رہے گا۔

نماز شروع کرنے سے پہلے پڑھنے کی دُعاء۔
(سورۃ الانعام (۶) آیت نمبر ۷۹)

اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ

وَالْاَرْضَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اِنَّ صَلَوٰتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝

تعقیباتِ نمازِ پنجگانہ و نمازِ تہجّد (نمازِ شب)

تعقیباتِ نمازِ پنجگانہ سے اُن اَدعیہ کی طرف اِشارہ ہے کہ جو کہ بالخصوص نمازِ فجر، ظہر، عصر، مغرب اور عشاء کی نمازوں کے بعد پڑھی جائیں۔ ان تعقیبات میں چند اسماءالحسنیٰ کی تسبیحات بھی شامل ہیں۔ یہ مختلف حاجات کے لئے پڑھی جاتی ہیں۔ یوں تو نماز کے بعد پڑھنے کے لئے دعائیں بہت ہیں مگر یہاں پر صرف ان اَدعیہ ماثورہ پر اکتفا کی گئی ہے جو کہ مؤلف کے وظائف میں شامل رہی ہیں۔

۱۔ تعقیباتِ نمازِ فجر

نمازِ فجر سے قبل اذان و اقامت کے بعد اُنیس مرتبہ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھئے۔ اوّل اور آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھئے طلبِ حاجات اور باریابیِ دعاء کے لئے قاضی الحاجات کی بارگاہ میں پیش کریں گے قبول ہوگی۔

(۱) نمازِ فجر پڑھنے کے بعد پھر بغیر گفتگو کئے اور بغیر بولے سات مرتبہ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝ پڑھئے۔ امام جعفر صادقؑ کی تعلیم فرمائی ہوئی ہے۔ روزی میں برکت اور فراوانی کے لئے مجرّب ہے۔

(۲) نماز تمام کرنے کے بعد بغیر زانو بدلے مندرجہ ذیل تہلیل دس مرتبہ پڑھئے۔ اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھئے۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ اِلٰهًا وَّاحِدًا اَحَدًا فَرْدًا صَمَدًا لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا

(۳) سات مرتبہ سورہ قل ہو اللہ احد پڑھئے۔

(۴) ایک ایک مرتبہ سورہ فلق، سورۃ الناس اور قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ پڑھئے۔

(۵) ایک مرتبہ آیت الکرسی کی تلاوت کیجئے۔

(۶) مندرجہ ذیل دعاء کی تلاوت کریں۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بِسْمِ اللهِ وَبِاللهِ وَصَلَّى اللهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْ اِلَى اللهِ اِنَّ اللهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ط فَوَقٰهُ اللهُ سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ط فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ج وَحَسْبُنَا اللهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ج فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ مَّاشَاءَ اللهُ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ مَاشَاءَ اللهُ لَا مَاشَاءَ النَّاسُ مَاشَاءَ اللهُ وَلَوْ كَرِهَ النَّاسُ حَسْبِيَ

الرَّبُّ مِنَ الْمَرْبُوْبِيْنَ حَسْبِيَ الْخَالِقُ مِنَ الْمَخْلُوْقِيْنَ حَسْبِيَ الرَّازِقُ مِنَ الْمَرْزُوْقِيْنَ ۝ حَسْبِيَ اللهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ حَسْبِيَ اللهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝

(۷) رزق کی فراوانی کے لئے بعد نمازِ فجر دس مرتبہ سورہ اِنَّا اَنْزَلْنَا پڑھئے۔

(۸) مزید رزق کی فراوانی کے لئے دس بار سورہ **الحمد** پڑھئے۔

(۹) خیر و برکت کے لئے دس مرتبہ مندرجہ ذیل کلمات پڑھئے جو کہ امام موسیٰ کاظمؑ کے تعلیم فرمائے ہوئے ہیں وسعت رزق بھی وارد ہے۔

سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللهَ اَسْئَلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ۔

(۱۰) پریشانی بدحالی، اندھے پن، دیوانگی، برص اور جذام سے بچنے کے لئے اور عافیت میں رہنے کے لئے دس مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ مِنْ عِنْدِكَ وَاَفِضْ عَلَيَّ مِنْ فَضْلِكَ وَانْشُرْ عَلَيَّ مِنْ رَحْمَتِكَ وَاَنْزِلْ عَلَيَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ

(۱۱) خداوندعالم کی معرفت، بیماریوں سے نجات، وُسعتِ رزق، برائیوں سے بچنے اور نیکی کی طرف رجوع ہونے کے لئے امام جعفر صادقؑ نے یہ دعاء تعلیم فرمائی ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ عَلَیۡکَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجۡعَلِ النُّوۡرَ فِیۡ بَصَرِیۡ وَالۡبَصِیۡرَۃَ فِیۡ دِیۡنِیۡ وَالۡیَقِیۡنَ فِیۡ قَلۡبِیۡ وَالۡاِخۡلَاصَ فِیۡ عَمَلِیۡ وَالسَّلَامَۃَ فِیۡ نَفۡسِیۡ وَالسَّعَۃَ فِیۡ رِزۡقِیۡ وَالشُّکۡرَ لَکَ اَبَدًا مَّا اَبۡقَیۡتَنِیۡ۝

(۱۲) فجر کی نماز کے بعد پڑھنے کے لئے چند تسبیحات ہیں جو کہ مندرجہ ذیل ہیں

۱ - تسبیح فاطمہ زہرہ پڑھنے کی بہت فضیلت بیان ہوئی ہے -

۲ - یا نُوۡرُ یا قُدُّوۡسُ ایک سَو مرتبہ پڑھے - اوّل و آخر درود شریف پڑھے - تین مرتبہ پڑھے

تعقیباتِ نماز صبح

لَا یَحۡتَسِبُ ط وَمَنۡ یَّتَوَکَّلۡ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسۡبُہٗ ط اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمۡرِہٖ ط قَدۡ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیۡءٍ قَدۡرًا۝

حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ ہر حاجت کے لئے ہر نماز فریضہ کے بعد تین مرتبہ یہ دعا پڑھ لیا کریں -

یَا مَنۡ یَّفۡعَلُ مَا یَشَآءُ وَلَا یَفۡعَلُ مَا یَشَآءُ غَیۡرُہٗ -

حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام کی تعلیم فرمائی دعا برائے قید سے رہائی کے لئے پڑھی جائے -

اَللّٰھُمَّ اجۡعَلۡ لِّیۡ فَرَجًا وَّمَخۡرَجًا وَّارۡزُقۡنِیۡ مِنۡ حَیۡثُ اَحۡتَسِبُ وَمِنۡ حَیۡثُ لَا اَحۡتَسِبُ

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق ہر نماز پنجگانہ کے بعد دس مرتبہ پڑھ لیا کریں - اوّل و آخر تین مرتبہ درود شریف بھی ضرور پڑھیں باعث برکت ہے -

سُبۡحَانَ اللّٰہِ الۡعَظِیۡمِ وَبِحَمۡدِہٖ وَلَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ

۱ - تعقیباتِ نماز صبح

۳ - یا ربّ کی تسبیح پڑھے

۴ - یا حیُّ یا قیّومُ کی ایک تسبیح پڑھے - (اسم اعظم کی تاثیر رکھتا ہے)

۵ - استغفار کی ایک تسبیح پڑھے -

۶ - درود شریف کی ایک تسبیح پڑھے -

۲ - تعقیباتِ نماز ظہر

(۱) سات مرتبہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۝ لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ۝

(۲) تین مرتبہ درود شریف پڑھے -

(۳) ایک ایک مرتبہ سورہ اَلۡفَلَق، سورہ الناس اور قُلۡ یٰۤاَیُّھَا الۡکٰفِرُوۡنَ پڑھے -

(۴) دس مرتبہ سورہ الحمد (صحت، حفاظت اور برکت کیلئے وارد ہے)

(۵) دس مرتبہ سورہ القدر (دولت کی فراوانی - پیسے سے کبھی ہاتھ خالی نہ رہنے کے لئے)

(۶) ایک تسبیح یَا رَافِعُ کی پڑھے (تجارت میں فروغ کے لئے منقول ہے)

(۷) ایک تسبیح استغفار کی پڑھے (ہر مرض کی دوا ہے)

(۸) ایک تسبیح درود شریف کی پڑھے (بہت با برکت ہے)

(۹) ایک تسبیح لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ کی پڑھے -

(۱۰) تسبیحات اربعہ کی ایک تسبیح - سُبۡحَانَ اللّٰہِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکۡبَرُ پڑھے -

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قول کے مطابق دین و دنیا کی دولت کے لئے پڑھے -

(۱۱) مندرجہ ذیل دعا پڑھے -

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ الۡحَکِیۡمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡکَرِیۡمِ ط وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ - اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ مُوۡجِبَاتِ رَحۡمَتِکَ وَعَزَآئِمَ مَغۡفِرَتِکَ وَالۡغَنِیۡمَۃَ مِنۡ کُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَۃَ مِنۡ کُلِّ اِثۡمٍ۝ اَللّٰھُمَّ لَا تَدَعۡ لِیۡ ذَنۡبًا اِلَّا غَفَرۡتَہٗ وَلَا کَرۡبًا اِلَّا کَشَفۡتَہٗ

وَلَا ھَمًّا اِلَّا فَرَّجۡتَہٗ وَلَا سُقۡمًا اِلَّا شَفَیۡتَہٗ وَلَا عَیۡبًا اِلَّا سَتَرۡتَہٗ وَلَا رِزۡقًا اِلَّا بَسَطۡتَہٗ وَلَا خَوۡفًا اِلَّا اٰمَنۡتَہٗ وَلَا سُوۡٓءًا اِلَّا صَرَفۡتَہٗ وَلَا حَاجَۃً ھِیَ لَکَ رِضًا وَّلِیَ فِیۡھَا صَلَاحٌ اِلَّا قَضَیۡتَھَا یَآ اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ اٰمِیۡنَ یَا رَبَّ الۡعٰلَمِیۡنَ۝

۳ - تعقیباتِ نماز عصر

(۱) تلاوتِ سورۃ القدر دس مرتبہ

(۲) تلاوتِ سورۃ اخلاص دس مرتبہ

(۳) تلاوت سورۃ والناس دس مرتبہ

(۴) تلاوت سورۃ الفلق دس مرتبہ

(۵) تلاوت سورۃ الکافرون دس مرتبہ

(۶) تسبیح فاطمہ زہرا

(۷) سات مرتبہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ -

(۸) پھر یہ دعا پڑھے - اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ الَّذِیۡ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِیۡمُ ذُو الۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ وَاَسۡئَلُہٗ اَنۡ یَّتُوۡبَ عَبۡدٍ ذَلِیۡلٍ خَاضِعٍ فَقِیۡرٍ بَآئِسٍ مِّسۡکِیۡنٍ مُّسۡتَکِیۡنٍ مُّسۡتَجِیۡرٍ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

لَا يَمْلِكُ لِنَفْسِهٖ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا وَّلَا مَوْتًا وَّلَا حَيٰوةً وَّنُشُوْرًا ۔

بحوالہ شیخ طوسی علیہ الرحمۃ اس دُعاء کو بعد نماز عصر پڑھنے سے ثواب عظیم حاصل ہوگا ۔

۹۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ نَفْسٍ لَّا تَقْنَعُ وَمِنْ بَطْنٍ لَّا يَشْبَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَّا يَخْشَعُ وَمِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ وَمِنْ صَلٰوةٍ لَّا تُرْفَعُ وَمِنْ دُعَاءٍ لَّا يُسْمَعُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْيُسْرَ بَعْدَ الْعُسْرِ وَالْفَرَجَ بَعْدَ الْكَرْبِ وَالرَّخَاءَ بَعْدَ الشِّدَّةِ اَللّٰهُمَّ مَا بِنَا مِنْ نِّعْمَةٍ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ ۔

۴ ۔ تعقیبات نماز مغرب

(۱) جو شخص کہ بعد نماز مغرب مندرجہ ذیل دعا کو پڑھے گا تو صبح تک تمام بلاؤں، ڈوبنے، جلنے اور چوروں کے شر سے محفوظ رہے گا ۔

بِسْمِ اللّٰهِ مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا يَصْرِفُ السُّوْٓءَ اِلَّا اللّٰهُ بِسْمِ اللّٰهِ مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا يَسُوْقُ الْخَيْرَ اِلَّا اللّٰهُ بِسْمِ اللّٰهِ مَا شَاءَ اللّٰهُ مَا يَكُوْنُ مِنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ بِسْمِ اللّٰهِ مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا

بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ مَا شَاءَ اللّٰهُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ ۔

(۲) مغرب کی نماز کے بعد پڑھنے کی دوسری تعقیب ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ وَّالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ وَمِنْ كُلِّ بَلِيَّةٍ وَّالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالرِّضْوَانَ فِیْ دَارِ السَّلَامِ وَجِوَارِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ السَّلَامُ ۝ اَللّٰهُمَّ مَا بِنَا مِنْ نِّعْمَةٍ فَمِنْكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ ط

۵ ۔ تعقیبات نماز عشاء

عبید ابن زرارہ سے مروی ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا کہ تنگدستی و محتاجی دور کرنے کے لئے اس دعاء کو آہستہ آہستہ پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اِنَّهٗ لَيْسَ لِیْ عِلْمٌ بِمَوْضِعِ رِزْقِیْ وَاِنَّمَا اَنَا اَطْلُبُهٗ بِخَطَرَاتٍ تَخْطُرُ عَلٰى قَلْبِیْ فَاَجُوْلُ فِیْ

طَلَبِهِ الْبُلْدَانَ وَاَنَا فِيْمَا اَنَا طَالِبٌ كَالْحَيْرَانِ لَا اَدْرِیْ اَفِیْ سَهْلٍ هُوَ اَمْ فِیْ جَبَلٍ اَمْ فِیْ اَرْضٍ اَمْ فِیْ سَمَاءٍ اَمْ فِیْ بَرٍّ اَمْ فِیْ بَحْرٍ وَّعَلٰى يَدَیْ مَنْ وَّمِنْ قِبَلِ مَنْ وَقَدْ عَلِمْتُ اَنَّ عِلْمَهٗ عِنْدَكَ وَاَسْبَابَهٗ بِيَدِكَ وَاَنْتَ الَّذِیْ تَقْسِمُهٗ بِلُطْفِكَ وَتُسَبِّبُهٗ بِرَحْمَتِكَ اَللّٰهُمَّ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاجْعَلْ يَا رَبِّ رِزْقَكَ لِیْ وَاسِعًا وَّمَطْلَبَهٗ سَهْلًا وَّمَاْخَذَهٗ قَرِيْبًا وَّلَا تُعَنِّنِیْ بِطَلَبِ مَا لَمْ تُقَدِّرْ لِیْ فِيْهِ رِزْقًا فَاِنَّكَ غَنِیٌّ عَنْ عَذَابِیْ وَاَنَا فَقِيْرٌ اِلٰى رَحْمَتِكَ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَجُدْ عَلٰى عَبْدِكَ بِفَضْلِكَ اِنَّكَ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ ۝

نماز عشاء کے بعد مندرجہ بالا دُعا پڑھنے کے بعد مندرجہ ذیل سورے اور تسبیحات پڑھے ۔

(۱) تسبیح فاطمہ زہرا پڑھے

(۲) صلوات کی تسبیح پڑھے

(۳) سات مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پڑھے ۔

(۴) سورۃ انّا انزلنا دس مرتبہ پڑھے ۔

(۵) سورۃ قل ہو اللہ احد سات مرتبہ پڑھے

(۶) سورۃ معوذتین (سورہ والنّاس اور سورہ الفلق

ایک ایک بار پڑھے ۔

(۷) سورۃ الحمد دس مرتبہ پڑھے ۔

(۸) ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھے

(۹) سات مرتبہ حفاظت کے لئے يَا وَكِيْلُ ۔ يَا حَافِظُ ۔ يَا حَفِيْظُ يَا رَقِيْبُ پڑھے ۔ اول و آخر چودہ مرتبہ صلوات پڑھے ۔

(۱۰) چودہ مرتبہ بعد نماز عشاء سجدہ شکر میں يَا وَهَّابُ پڑھے ۔

(۱۱) وسعت رزق کے لئے مخصوص اعمال ۔

(۱) سورۃ واقعہ کی تلاوت کیجئے ۔

۲ ۔ سورۃ مزّمّل کی تلاوت کیجئے ۔

۳ ۔ سورۃ ملک کی تلاوت کیجئے ۔

۴ ۔ سورۃ انّا انزلنا دس مرتبہ ۔

(۱۲) حفاظت کے لئے چاروں قل اور آیت الکرسی کی تلاوت ایک مرتبہ کیجئے ۔

تعقیباتِ نماز پنجگانہ

دُعائے وحدت ہر نماز کے بعد

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِلٰهًا وَّاحِدًا وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّا اِيَّاهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

اٰبَائِنَا الْاَوَّلِيْنَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ وَحْدَهٗ اَنْجَزَ
وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَاَعَزَّ جُنْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ
وَحْدَهٗ فَلَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَيُمِيْتُ
وَيُحْيِيْ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ
شَيْءٍ قَدِيْرٌ پھر کہے -
اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ
وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ پھر کہے -
اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ مِنْ عِنْدِكَ وَاَفِضْ عَلَيَّ مِنْ
فَضْلِكَ وَانْشُرْ عَلَيَّ مِنْ رَّحْمَتِكَ وَاَنْزِلْ عَلَيَّ مِنْ
بَرَكَاتِكَ سُبْحَانَكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اِغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ كُلَّهَا
جَمِيْعًا فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ كُلَّهَا جَمِيْعًا اِلَّا اَنْتَ -
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ اَحَاطَ بِهٖ
عِلْمُكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ كُلِّ شَرٍّ اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ عَافِيَتَكَ فِيْ اُمُوْرِيْ كُلِّهَا وَاَعُوْذُ
بِكَ مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ وَاَعُوْذُ بِوَجْهِكَ
الْكَرِيْمِ وَعِزَّتِكَ الَّتِيْ لَا تُرَامُ وَقُدْرَتِكَ الَّتِيْ لَا يَمْتَنِعُ
مِنْهَا شَيْءٌ مِنْ شَرِّ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنْ شَرِّ الْاَوْجَاعِ

كُلِّهَا وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَابَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّيْ
عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ
الْعَظِيْمِ تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَالْحَمْدُ
لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ
وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا

تعقیباتِ نمازِ صبح

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اَصْبَحْتُ اللّٰهُمَّ مُعْتَصِمًا بِذِمَامِكَ الْمَنِيْعِ الَّذِيْ
لَا يُطَاوَلُ وَلَا يُحَاوَلُ مِنْ شَرِّ كُلِّ غَاشِمٍ وَطَارِقٍ مِّنْ
سَائِرِ مَنْ خَلَقْتَ وَمَا خَلَقْتَ مِنْ خَلْقِكَ الصَّامِتِ
وَالنَّاطِقِ فِيْ جُنَّةٍ مِّنْ كُلِّ مَخُوْفٍ بِلِبَاسٍ سَابِغَةٍ وِلَاءِ
اَهْلِ بَيْتِ نَبِيِّكَ مُحْتَجِبًا مِنْ كُلِّ قَاصِدٍ لِيْ اِلٰى اَذِيَّةٍ
بِجِدَارٍ حَصِيْنٍ الْاِخْلَاصِ فِي الْاِعْتِرَافِ بِحَقِّهِمْ
وَالتَّمَسُّكِ بِحَبْلِهِمْ مُوْقِنًا اَنَّ الْحَقَّ لَهُمْ وَمَعَهُمْ وَ
فِيْهِمْ وَبِهِمْ اُوَالِيْ مَنْ وَالَوْا وَاُجَانِبُ مَنْ جَانَبُوْا فَاَعِذْنِيْ
اَللّٰهُمَّ بِهِمْ مِنْ شَرِّ كُلِّ مَا اَتَّقِيْهِ يَا عَظِيْمُ حَجَزْتُ

الْاَعَادِيْ عَنِّيْ بِبَدِيْعِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِنَّا جَعَلْنَا
مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ
فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ -

ایک اور دعاء

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْكَ
صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلِ النُّوْرَ فِيْ بَصَرِيْ
وَالْبَصِيْرَةَ فِيْ دِيْنِيْ وَالْيَقِيْنَ فِيْ قَلْبِيْ وَالْاِخْلَاصَ فِيْ
عَمَلِيْ وَالسَّلَامَةَ فِيْ نَفْسِيْ وَالسَّعَةَ فِيْ رِزْقِيْ وَالشُّكْرَ
لَكَ اَبَدًا مَّا اَبْقَيْتَنِيْ -

تعقیباتِ نمازِ صبح

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَ
اُفَوِّضُ اَمْرِيْ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ فَوَقٰهُ
اللّٰهُ سَيِّئٰتِ مَا مَكَرُوْا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ
كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ
وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ
فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ
مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا

مَا شَآءَ النَّاسُ مَا شَآءَ اللّٰهُ وَاِنْ كَرِهَ النَّاسُ حَسْبِيَ الرَّبُّ
مِنَ الْمَرْبُوْبِيْنَ حَسْبِيَ الْخَالِقُ مِنَ الْمَخْلُوْقِيْنَ حَسْبِيَ
الرَّازِقُ مِنَ الْمَرْزُوْقِيْنَ حَسْبِيَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ
حَسْبِيْ مَنْ لَّمْ يَزَلْ حَسْبِيْ حَسْبِيْ مَنْ كَانَ مُذْ كُنْتُ
لَمْ يَزَلْ حَسْبِيْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ
تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝

ایک اور دعاء برائے حاجات اور کامیابی معاش وعزت وتوقیر۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَ
تَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ
تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

مال و دولت دنیا میں حاصل کرنے کے لئے ثروت بڑھانے کے لئے سورہ طلاق کی آیت ۲، ۳ پڑھی جائیں جو کہ ہم کو ہمارے قم ایران کی زیارات کے سفر کے دوران میں استاذ حوزہ علمیہ عالیجناب آیت اللہ العظمیٰ سید طیب الجزائری صاحب کے دولت خانہ پر شب جمعہ دوران مجلس ع۰۱ء خود آیت اللہ الجزائری صاحب نے مجلس میں خطاب کرتے ہوئے فرمائی تھی۔ ان کا بیان ہے کہ "اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ جو شخص اپنی دنیا کی دولت میں اضافہ کرنا چاہے اور مال وثروت کو بڑھانا چاہے جس کو روزی کی تنگی ہو وہ ان دو آیتوں کی تلاوت فجر کی نماز کے بعد کیا کرے خداوند عالم اپنے رحم و کرم سے اُس کی دولت میں اضافہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

فرمائے گا۔" یہ ۱۹۹۴ء کا واقعہ ہے میں نے خود اِس کا عمل کرکے آزمایا ہے اِس کے بعد سے میرے کاروبار میں ترقی ہوئی ہے اور میرے (nel wortk) کل اثاثہ میں یقیناً اضافہ ہوا ہے۔ اس لئے میں نے یہ دو آیات نماز صبح کے بعد کے وظیفہ میں شامل کر دیئے ہیں تاکہ ضرورت مند مومنین ان کی تلاوت کرکے ثوابِ دارین حاصل کریں اور خداوندعالم کی رحمت سے لُطف اندوز ہوں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَمَنۡ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجۡعَلۡ لَّہٗ مَخۡرَجًا ۙ وَّ یَرۡزُقۡہُ مِنۡ حَیۡثُ لَا یَحۡتَسِبُ ؕ وَ مَنۡ یَّتَوَکَّلۡ عَلَی اللّٰہِ فَہُوَ حَسۡبُہٗ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمۡرِہٖ ؕ قَدۡ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیۡءٍ قَدۡرًا ۝

نقوش روزانہ کے دیکھنے کیلئے

حضرت امام علی ابن الحسین علیہ السلام سے منقول ہے کہ مندرجہ ذیل تسبیح کو تین مرتبہ پڑھ کر روزانہ کا نقش دیکھے۔ اور یَا بَاعِثُ سونے سے پہلے ایک سو مرتبہ اپنے سینہ پر ہاتھ رکھ کر پڑھے۔ اس اسم کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کے قلب کو قوی بنائے گا۔ اور روحانی اور ایمانی طاقت کو برداشت کرنے کے قابل ہو جائے گا۔ آئندہ آنے والے صفحات پر نقوش دیئے گئے ہیں جن کے متعلق ذیل میں ان کے دیکھنے کے فوائد بیان کئے گئے ہیں۔

تین بار پڑھنے کی تسبیح

سُبۡحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمۡدِہٖ سُبۡحَانَ اللّٰہِ الۡعَظِیۡمِ وَبِحَمۡدِہٖ۔

۱۔ بروز جمعہ اس نقش کو دیکھنے سے خلائق میں محترم ہوگا۔ دشمن دوست ہوں گے۔ حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ جو شخص بعد نماز فجر یا

مغرب بغیر کسی سے کلام کئے سات مرتبہ یہ دُعا پڑھے تو اللہ تعالیٰ اُس پر سے ستر آفات کو دفع فرماتا ہے اگر دس مرتبہ پڑھے تو اس کے تمام گناہ معاف کر دے گا۔ دُعا یہ ہے۔

بروز جمعہ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ لَاحَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ ۝

نقوش برائے دیدن

بروز جمعہ نقش کو دیکھے تو خلائق میں محترم ہوگا۔ دشمن دوست ہوں گے اور ہر طرح سے محفوظ رہے گا۔ اللہ سُبحانہٗ تعالیٰ کی امان میں رہے گا۔

بروز جمعہ بعد نماز فجر اِسم الٰہی "یَا نُوۡرُ" کو ۲۵۶ مرتبہ پڑھئے۔ تو اَللہ تعالیٰ اپنے اس اسم کی برکت سے اس کے پڑھنے والے کو لوگوں کی نظر میں محترم و بزرگ بنا دے گا۔ اُس پر رحمت کا نور برسے گا۔

بروز شنبہ (ہفتہ) کا نقش

اس نقش کو دیکھنے والے کو اللہ سبحانہٗ تعالیٰ سلاطین، افسران کے خوف سے محفوظ رکھے گا۔ اور ہفتہ بلاؤں سے مامون رکھے گا۔

بروز یکشنبہ (اتوار) کا نقش

جو شخص بروز اتوار اس نقش کو دیکھے گا اُسے اُمور دنیا و آخرت میں آسانی پیدا ہوگی۔ دشمن زیر دست ہوگا۔ جہنم سے نجات پائے گا۔ لوگوں میں محترم ہوگا۔

بروز دوشنبہ (پیر) کا نقش

بروز پیر اس نقش کو دیکھے اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے لوگوں میں

پسندیدہ ہوگا۔ ارضی و سماوی بلاؤں سے محفوظ رہے گا اس کی دعائیں قبول ہوں گی۔

بروز سہ شنبہ (منگل) کا نقش

اس نقش کو دیکھنے والے تمام آفتوں سے اور ہر طرح کے گناہوں سے محفوظ رہیں گے۔ دلی مرادیں پوری ہوں گی۔

بروز چہارشنبہ (بدھ) کا نقش

بدھ کے دن اس نقش کو دیکھنے والے کو اللہ تعالیٰ جملہ آفات سے بچائے گا۔ شرعی و جائز حاجات کو پورا کرے گا۔ لوگ احترام کریں گے۔

بروز بدھ کے نقش دیکھنے سے پہلے مندرجہ ذیل لکھی ہوئی دُعاء پڑھئے پھر نقش دیکھئے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ عَزِیۡزًا جَلِیۡلًا یَا عَزِیۡزُ یَا جَلِیۡلُ۔

بروز پنجشنبہ (جمعرات) کا نقش

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ خَالِقُ کُلِّ شَیۡءٍ وَّھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ۝

مذکورہ دُعاء پڑھنے کے بعد مندرجہ ذیل عبارت پڑھے۔ اور اس دن کے نقش کو دیکھے۔

اس نقش کو دیکھنے سے اس کو دولت و مال ملے اور عزت ملے۔ کارہائے آخرت بہتر ہوں، مصائب سے نجات حاصل ہو ۳۰۸ مرتبہ "یَا رَزَّاقُ" ورد کرے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے روزی میں اضافہ اور برکت ہوگی۔ اوّل آخر صلوات گیارہ مرتبہ پڑھئے۔

٧١١٨	ص١١	اع ١١ص	٢٢١	١٨١١٢
ع١٨	٥ع٧١	١١٥	١٢٢٢	٢١٢١ع٨
١٧١١	٩١١	ص٣١	١١ع٧٢	١٩ع
٩١٩	٥١١٩	١١ی٩	ص١٨	١١١٩
٤٢١٥٦	١١١ ١١١	١٢ و	١١٣٩	١٧١
اع ١١ً	١٢٠	١١٩٩	١١٦	١٧

یَا بَاعِثُ۔ سونے سے قبل سو مرتبہ اپنے سینے پر ہاتھ رکھ کر پڑھے ہتھیلی کو پورے سینے اور قلب پر پھیرتا رہے۔ اللہ تعالیٰ قلب کو قوی بنائے گا۔

جمعہ کا نقش دیکھئے۔ یَا نُوۡرُ (۲۵۶ مرتبہ پڑھئے)

مليقا	مليقا	انت تعلم	مافی قلوبھم	مليقا
١	ع١	٢	ع	١٨
ع	٥ع٥	٥٥٧٨	١٢	١٢
٧٢	ع	١٢	٥ع	١٣
٥٢٥	ع	١٣١	١٩ع	٣ی
لَآ اِلٰہَ	اِلَّا	مُحَمَّدٌ	رَسُوۡلُ	اللّٰہِ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

(سنیچر) شنبہ کا نقش
یَا غَنِیُّ ۱۰۶۰ مرتبہ ورد کریں

وَاُفَوِّضُ	اَمْرِیْ	اِلَی اللّٰہِ	اِنَّ اللّٰہَ	بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ
مُحَمَّدٌ عَلِیٌّ	۵۳	۷۶	۱۲۰۲	۷
۱۷۳	ے	۱۲	ع	۱۷
۶	و ۷۰	۸۱۷۵	وا	۱۷
۱۸	۱۷	۶و	ع	۱۰۷۱
لَا	اِلٰہَ	اِلَّا اللّٰہُ	مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ	اللّٰہِ

(اتوار) یکشنبہ کا نقش دیکھئے
یَا فَتَّاحُ ۴۸۸ مرتبہ ورد کریں

اِنَّا فَتَحْنَا	لَکَ فَتْحًا	مُّبِیْنًا	یَا سُبُّوْحُ	یَا قُدُّوْسُ
۱	۱۱۶۱	۹۷	۱۸۱	۲۵۸
۸۷	۷	۲	۵۹۵	۶و
ع	ع ۱۸	۱۹۲	۱۶۵	۵ع۵۵
وا ۲	۶و	سح	ع ۱	۱۸
لَا	اِلٰہَ	اِلَّا اللّٰہُ	مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ	اللّٰہِ

(پیر) دوشنبہ کا نقش
یَا لَطِیْفُ ۱۲۹ مرتبہ ورد کریں

نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ	فَتْحٌ قَرِیْبٌ	وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ	فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا	وَھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ
۱	۱۸۱	۸	۷	۱۵
۸	ع	۷	۱۷۳	۵ عہ
۶	ع ۱	۲۷۲	۷	۸۶
۶۲	۱۸	ع ۳	۷	ع ۷۱
لَآ اِلٰہَ	اِلَّا اللّٰہُ	مُحَمَّدٌ	رَّسُوْلُ	اللّٰہِ

(منگل) سہ شنبہ کا نقش دیکھئے
یَا قَابِضُ ۹۰۳ مرتبہ ورد کریں

یَا نُوْرَ النُّوْرِ	یَا مُنَوِّرَ	النُّوْرِ	یَا خَالِقَ	النُّوْرِ
۱و	۱۸	۷۱ و	۸	و ع
۵۶۳	۷	۲۶	۷	۷۲
۲۲	۲۴	۲	۲	۳ع۵
و۳	عہ ۵	ع ۱	۷۶	عہ۴۶
لَآ اِلٰہَ	اِلَّا اللّٰہُ	مُحَمَّدٌ	رَّسُوْلَ	اللّٰہِ

(بدھ) چہارشنبہ کا نقش دیکھئے
یَا مُتَعَالِیْ ۵۵۱ مرتبہ ورد کریں

یَا اَللّٰہُ	یَا فَتَّاحُ	یَا اَللّٰہُ	یَا قُدُّوْسُ	یَا رَزَّاقُ
۱	۱۸۱	۸۱۸۸	۱۱۸	۸و
و	۱۸	۷	۳	۳
ع	ع	۲۱	۲۸۲	۳
۱۴	عہ	ع	عہ	۵۲۵
۱	۱۱	۱۱	۲۸	۳

(جمعرات) پنجشنبہ کا نقش دیکھئے
یَا رَزَّاقُ ۳۰۸ مرتبہ ورد کریں

یَا بُدُّوْحُ	یَا وَدُوْدُ	یَا اَللّٰہُ	یَا فَتَّاحُ	یَا سُبُّوْحُ
۱۰	۲۱	۱۰۰	۷	۲۰۲
۱۲	۶	۱۳	۳	۲
عہ	ع	و	و	وا
۲	و	و۱۲	ع	وو۱
۶۹	۸	۳۱	۳	۳

مؤلف کی وہ کُتُب

جو کہ قارئین کرام کی خدمت میں تقسیم کی جا چکی ہیں۔

(۱) وَظائفُ الصّالِحِین حِصّہ اوّل
(۲) وَظائفُ الصالِحِین حِصّہ دوم
(۳) فرشتے
(۴) جنات و شیاطین

وہ کتب جو زیرِ طبع ہیں

(۵) وَظائفُ الصّالِحِین حِصّہ سوم (پاکستان ایڈیشن)
(۶) وظائفُ الصّالِحِین حصّہ چہارم (انبیاء و ائمۂ اطہار کی دعائیں)
(۷) وظائفُ الصّالِحِین حِصّہ پنجم (انوارِ اسماءُ الحُسنیٰ)
(۸) وظائفُ الصّالِحِین حِصّہ ششم
(عملیات آیاتِ قرآنی برائے حُصولِ حاجات برائے دین و دنیا)
(۹) وَظائفُ الصّالِحین حِصّہ ہفتم
(نقوش آیاتِ قرآن مجید اُن کے خواص برائے حُصولِ حاجات)
(۱۰) وظائفُ الصّالِحِین حِصّہ ہشتم (رہبرِ زائرین مقاماتِ مقدّسہ)

نمازِ شب کا بیان

نمازِ شب کل گیارہ رکعت ہے۔ اس کا وقت آدھی رات سے لیکر طلوعِ صبحِ صادق تک باقی رہتا ہے۔ جناب صادق آلِ محمدؑ فرماتے ہیں کہ بندۂ مومن کا شرف نمازِ شب کے بجا لانے میں ہے۔ نمازِ شب صبح کی نماز کی طرح دُو دُو رکعت کر کے آٹھ رکعت ہیں اور نمازِ شفع دو رکعت اور نمازِ وِتر

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

ایک رکعت ۔ اِن تمام نمازوں کی رکعتوں کی تعداد گیارہ بنتی ہے ۔

اوّل رکعت میں بعد سورہ الحمد کے تین بار سورہ توحید (قل ھو اللہ) اور دوسری رکعت میں الحمد کے بعد سورۃ جحد (قل یا ایّہا الکٰفرون) پڑھے اور باقی چھ رکعتوں میں بڑی بڑی سورتیں جیسے اِنعام سورہ کہف، سورہ یٰسین وغیرہ پڑھے ۔ آٹھ رکعت پڑھنے کے بعد تسبیح فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا پڑھے دعا مانگے ۔ اور یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَارْحَمْنِیْ وَ ثَبِّتْنِیْ عَلٰی دِیْنِكَ وَدِیْنِ نَبِیِّكَ وَلَا تُزِغْ قَلْبِیْ بَعْدَ اِذْ ھَدَیْتَنِیْ وَھَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَھَّابُ ط

اس کے بعد دو رکعت نماز شفع اور ایک رکعت نماز وتر پڑھی جاسکتی ہے اگر وقت کی تنگی ہو تو دونوں پر صرف الحمد پر اکتفا کی جاسکتی ہے ۔

پھر نمازِ وتر ایک رکعت سنّت کی نیت سے پڑھے ۔ سورہ الحمد کے بعد سورہ معوذتین (سورہ النّاس و فلق) پڑھے ۔ اور ہاتھوں کو اٹھاکر گریہ وزاری کے ساتھ دعاء قنوت پڑھے ۔

نمازِ شب کی رکعتوں میں اختصار کی سہولت

۱ ۔ اگرچہ نماز شب کل گیارہ رکعت ہے ، اگر کوئی شخص کسی مجبوری کے تحت پوری گیارہ رکعت ادا نہ کرنا چاہے تو صرف آخری تین رکعت جوکہ دو رکعت نماز شفع اور ایک رکعت نماز وتر کہلاتی ہے ادا کردے تو بھی صحیح ہے ۔ آیت اللہ خوئیؒ کے فتوے کے مطابق آخری صرف ایک رکعت وتر کی نیت سے ادا کی جائے تو بھی صحیح ہے ۔ وقت کی

تنگی کی بناء پر آیت اللہ خمینی کے نزدیک ایک رکعت نماز وتر بھی صحیح ہے ۔ اگر وقت وسیع ہے یا نصف شب سے قبل نماز پڑھے پھر بھی وتر کی صرف ایک رکعت پڑھی جاسکتی ہے ۔ مگر نیت رجاء مطلوبیت کی جائے یعنی یہ نیت کی جائے ایک رکعت نمازِ وتر رجاء مطلوبیت کی نیت سے پڑھتا ہوں قربۃً الی اللہ ۔

بحوالہ العروۃ الوثقیٰ مع حواشی (الخمینی ۔ الخوئیؒ ۔ گلپیگانی و مرعشی) جلد ۱ ص۵۲۵ منہاج الصالحین آیۃ اللہ الخوئیؒ جلد ۱ ص۱۳۴ تحریر الوسیلہ آیۃ اللہ الخمینی جلد ۱ ص۱۳۶ ۔

۲ ۔ پوری نمازِ شب جو کہ گیارہ رکعت یوں پڑھی جاتی ہے دو دو رکعت کرکے چار مرتبہ نماز صبح کی طرح نماز شب کی نیّت سے ہر مرتبہ تشہد اور سلام پھیرا جائے ۔ پھر دو رکعت نمازِ شفع اور ایک رکعت نمازِ وتر الگ الگ سلام پھیر کر مکمل کی جاتی ہے ۔ دوران ہر رکعت میں قیام کے دوران سورۂ الحمد ہی کافی ہے اور دعائے قنوت میں سبحان اللہ یا پھر درود شریف پر اکتفا کی جاسکتی ہے (بحوالہ مفاتیح الجنان ۔ تحفۃ العوام)

قنوت کی سہولت

نماز شب بلکہ تمام مستحب نمازوں کے قنوت کو جس زبان میں چاہیں ادا کرسکتے ہیں یعنی انگلش ۔ اردو ۔ پنجابی ۔ گجراتی ۔ پشتو ۔ فرانسیسی ۔ جرمن ۔ چینی ۔ جاپانی وغیرہ ۔ حاجات طلب کرے ۔ مناجات کرے ۔ اُس سے پہلے اور بعد میں صلوات پڑھنا ضروری ہے ۔

بحوالہ العروۃ الوثقیٰ مع حواشی آیت اللہ الخمینی ۔ الخمینی جلد ۱ ص۷۰۰ ۔

ادائیگی نمازِ شب میں سہولت

۱ ۔ یہ نماز بلکہ ہر مستحب نماز بغیر کسی مجبوری کے بیٹھ کر بھی پڑھی جاسکتی ہے پس

اگر چاہیں تو یہ گیارہ رکعت یا ان کی تین آخری رکعتیں بھی بیٹھ کر پڑھ سکتے ہیں ۔

بحوالہ توضیح المسائل مع حواشی آیت اللہ الخوئیؒ ۔ آیت اللہ الخمینی مسئلہ ۷۷۴ ص۱۹۶ ۔

۲ ۔ یہ نماز بلکہ ہر مستحب نماز چلتے پھرتے پڑھی جاسکتی اِس صورت میں قبلہ رُخ ہونے کی شرط نہیں ہے کل نماز کی نہیں بلکہ صرف پہلی نماز کی نیّت قبلہ رُخ ہوگی ۔ بس باوضو ہونا چاہیئے اور کوئی مبطلِ نماز کام انجام نہ دیا جائے ۔ رکوع اور سجدے کے لئے سر سے اشارہ کیا جائے گا ۔

بحوالہ العروۃ الوثقیٰ مع حواشی آیت اللہ الخوئیؒ ۔ آیت اللہ الخمینی جلد ۱ ص۵۴۶

نمازِ شب کی اہمیت کا اندازہ

یہ توقیع حضرت امام حسن عسکریؑ سے منقول ہوئی ہے جس کے پڑھنے سے اِس نماز کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے ۔

"تم پر نمازِ شب (تہجّد) کا پڑھنا لازم ہے کیونکہ نبی اکرمؐ نے حضرت علیؑ سے وصیّت کی ۔ پس فرمایا کہ جو نماز شب کو معمولی سمجھے وہ ہم میں سے نہیں ہے ۔ پس میری وصیّت پر عمل کرو ۔ میرے شیعوں کو حکم دو وہ عمل کریں ۔

بحوالہ احسن المقال تحریر کردہ شیخ عباس قمی (اردو) جلد ۴ ص۴۷۴

نماز شب (تہجّد) کے چند فوائد مندرجہ ذیل ہیں ۔

★ صاحبان عصمتؑ سے آخر رات میں اُٹھنے کی فضیلت میں کافی روایات وارد ہوئی ہیں ۔ رات میں اُٹھنا مومن کا شرف ہے ۔

★ بدن کی صحت کا باعث ہے ۔

★ گناہوں کا کفّارہ ۔ قبر کی وحشت کو دور کرنے والا ۔ سفید رُو ہونا ۔ چہرے کا پُرنور ہونا ۔

★ روزی کے آنے کا سبب ہوتا ہے ۔

★ مال اور اولاد دنیا کی زینت ہے ۔ نماز شب کا پڑھنا آخرت کی زینت ہے ۔

★ خداوند عالم کی خوشنودی ۔ اور نورِ معرفت ۔

★ پیغمبروں کی سُنّت ۔ فرشتوں کی دوستی کا سبب

★ ایمان کو مضبوط بنیاد پر قائم رکھنے کا باعث ۔

★ شیطان سے بیزاری کا باعث ۔ دشمنوں پر فتحیابی ۔

★ دعاء کی قبولیت و روزی میں اِضافہ ۔ اعمال کی قبولیت ۔

★ قبر کے لئے چراغ ۔ قبر کا فرش ۔ منکر و نکیر کو جواب دینے والی سفارش ۔

★ نمازی کے سر پر سایۂ رحمت ۔ قبر میں غمگسار نمازی کی ساتھی ۔

★ قیامت تک نمازی کی دیکھ بھال کی ضامن

★ نمازی کے سر کا تاج اور بدن کا لباس ۔ اور اس کے پاس رہنے والا نور ۔

★ نمازی اور آتش دوزخ کے درمیان پردہ ۔

★ خدا کے حضور اِس کے حق میں محبت ۔

★ نیکیوں کا پلّہ بھاری ہونے کا سبب ۔

★ پُل صراط عبور کرنے کی سواری ۔

★ جنّت کے دروازے کی چابی ۔

★ ذہن بہت تیز ہوتا ہے حافظہ بہت اچھا ہوتا ہے ۔

★ طالب علموں کے لئے اکسیر ہے ۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

- ★ تجارت کاروبار ملازمت میں ترقی ہوتی ہے۔
- ★ صحت اچھی رہتی ہے۔ عمر لمبی ہوتی ہے۔ زندگی کی غرض پوری ہوتی ہے
- ★ آفات و دشمن کے شر سے نجات ہوتی ہے۔ دشمن مغلوب ہوتے ہیں۔
- ★ طبیعت میں سکون ہوتا ہے۔
- ★ ترقی کی راہیں کھلتی ہیں۔
- ★ ہردل عزیز اور پُرکشش شخصیت کا مالک بن جاتا ہے۔
- ★ ہر چیز میں خیر و برکت ہوتی ہے۔
- ★ جب انسان ہر طرف سے مایوس ہو جائے تو نمازِ وتر میں قنوت کے بعد اپنی مادری زبان میں حاجات طلب کرے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور پوری ہوں گی۔
- ★ والدین اپنی اولاد سے خصوصاً اِس تکریم والی نماز میں دعاؤں کے متمنی رہتے ہیں۔ یہ مرحومین کے لئے بہترین تحفہ ہے۔
- ★ آخر شب بیدار نہ ہونا مکروہ ہے۔
- ★ اِس نماز کا پڑھنے والا ہی اِس کیفیت کو سمجھتا اور محسوس کرسکتا ہے۔

(۱) نمازِ شب کے آداب اور فضیلت

(۲) نمازِ شب پڑھنے کا طریقہ

(۳) نمازِ شب کا وقت

(۴) نمازِ شب کل گیارہ رکعت ہے

پہلے آٹھ رکعت اس طرح پڑھے کہ جس طرح نماز صبح پڑھی جاتی ہے۔ ہر دو رکعت پر سلام پڑھے پھر دو رکعت نماز شفع پڑھے۔

۱ - کتاب الارشاد القلوب میں لکھا ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔

کہ جب کوئی شخص بستر کی لذت کو چھوڑ کر اس حال میں اٹھتا ہے کہ نیند اس کی آنکھوں میں ہوتی ہے اور غرض اٹھنے کی یہ ہوتی ہے کہ وہ نماز شب پڑھے خدائے تعالیٰ کی رضا کی خاطر تو اللہ تعالیٰ اِس بندے کے بارے میں فرشتوں پر فخر کرتا ہے۔ اور فرماتا ہے کہ میرے بندے کو دیکھو کہ جو نماز میں نے اس پر فرض نہیں کی تھی اس کے لئے رات کو اٹھتا ہے۔ تم میری طرف سے گواہ رہنا کہ میں نے اس تہجد گزار کے گناہوں کو معاف کر دیا ہے۔

۲ - کتاب بحار الانوار میں لکھا ہے کہ

رسولؐ خدا نے فرمایا کہ نماز شب پڑھنے میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی ہے۔ تہجد گزار سے فرشتے محبت کرتے ہیں۔ اس نماز سے شیطان کو تکلیف ہوتی ہے۔ یہ نماز دشمن کے خلاف ایک قسم کا ہتھیار ہے۔ نماز شب قبولیت دعا اور قبولیت اعمال کا سبب ہے اور رزق میں برکت کا ذریعہ ہے اور موت میں آسانی کا باعث ہے۔ نماز شب قبر میں روشنی سوالات قبر میں آسانی کا باعث بنے گی۔ روزِ قیامت تک مومن کے لئے قبر میں مونس و غمخوار ہے۔

۳ - کتاب امالی شیخ طوسی میں لکھا ہے کہ

امام جعفر صادقؑ ارشاد فرماتے ہیں۔

قرآن پاک کی اس آیت سے نیکیاں بُرائیوں کو ختم کرتی ہیں۔ اس سے مراد یہ ہے کہ نماز شب دن بھر کے گناہوں کو ختم کر دیتی ہے۔

۴ - کتاب تہذیب الاحکام میں لکھا ہے کہ

جناب امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ جن گھروں میں نماز شب تلاوت

قرآن کے ساتھ پڑھی جاتی ہے وہ گھر اہل آسمان کے لئے یوں چمکتے ہیں جس طرح ستارے اہل زمین کے لئے چمکتے ہیں۔

۵ کتاب تہذیب الاحکام میں لکھا ہے کہ

حضرت موسیٰؑ کی طرف وحی آئی تھی کہ میری یاد کی خاطر رات کی تاریکی میں اٹھیں میں تمھاری قبر کو جنت کے خاص باغوں کی مثل ایک باغ بنا دوں گا۔

۶ - کتاب ثواب الاعمال میں لکھا ہے کہ

امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جب کوئی بندہ رات کی تاریکی میں اٹھتا ہے اور نیند اس کو دائیں اور بائیں جھکا دیتی ہے اور اس کی ٹھوڑی اُس کی چھاتی سے لگتی ہے تو حکم خدا سے آسمان کے دروازے کھل جاتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرماتا ہے کہ دیکھو ایک امر جو میں نے فرض نہیں کیا میری بارگاہ میں نزدیکی حاصل کرنے کے لئے اِس امر کے باعث میرے اِس بندہ کو تکلیف پہنچ رہی ہے یہ بندہ میرا تین چیزوں کی خواہش رکھتا ہے۔

(۱) گناہ کی بخشش کی۔

(۲) توبہ کی قبولیت کی۔

(۳) رِزق کی زیادتی کی۔

۷ - کتاب ثواب الاعمال میں لکھا ہے کہ

رسول پاکؐ نے ارشاد فرمایا ہے کہ اگر مجھے اپنی اُمّت کی مشقت کا خطرہ نہ ہوتا تو میں نماز شب کو بحکم خدا اپنی اُمّت پر فرض کر دیتا۔

۸ - کتاب ثواب الاعمال میں لکھا ہے کہ

حضرت امام جعفر صادقؑ ارشاد فرماتے ہیں کہ نماز شب مومن کے غم کو دور کرتی ہے اور حُسن اخلاق اور چہرہ میں حُسن اور رزق میں وُسعت اور قرض کی ادائیگی کا سبب بنتی ہے۔ اور آنکھوں میں روشنی پیدا کرتی ہے اور جسموں سے بیماری کو دور کرتی ہے۔

۹ - کتاب مفاتیح الجنان میں لکھا ہے کہ

رسول پاکؐ نے حضرت علیؑ کو نماز شب کے بارے میں اس طرح تاکید فرمائی کہ تین مرتبہ فرمایا۔ عَلَيْكَ بِصَلٰوةِ اللَّيْل کہ نماز شب کو ضرور پڑھو۔

۱۰ - کتاب مفاتیح الجنان میں لکھا ہے کہ

مال اور اولاد دنیا کی زینت ہے اور نماز شب کی آٹھ رکعت بمع وتر کے آخرت کی زینت ہے۔ ربِّ تعالیٰ کبھی یہ دونوں خوبصورتیاں بعض بندوں کے لئے جمع کر دیتا ہے۔

۱۱ - کتاب مفاتیح الجنان میں یہ بھی لکھا ہے کہ

وہ شخص جھوٹ بولتا ہے جو کہتا ہے کہ میں دن میں بھوکا رہا ہوں جبکہ رات میں اس نے نماز شب پڑھی ہے۔

نماز شب کے آداب

جب انسان نماز شب کے لئے اُٹھے اور مُرغ کی آواز سُنے تو یہ دعا

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

پڑھے۔

۱۲- سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ سَبَقَتْ رَحْمَتُكَ غَضَبَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ عَمِلْتُ سُوْءً وَظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ اِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ

۱۳- اگر بیت الخلاء میں جانے کی ضرورت محسوس کرے تو ضرور جائے کیونکہ پیشاب و پاخانہ کو روک کر نماز پڑھنا مکروہ ہے اور خضوع و خشوع بھی ختم ہو جاتا ہے۔

۱۴- مسواک کرے یا پھر دانت برش کرے۔

۱۵- اس کے بعد پھر کامل طور پر وضو کرے۔

۱۶- وضو کے بعد اگر حالات اجازت دیں تو خوشبو لگائیں۔

نوٹ: مندرجہ بالا امور میں صرف وضو کرنا فرض ہے باقی چار سُنّت و مستحب ہیں۔ ان کو ترک کرنے کے باوجود بھی نماز شب صحیح اور دُرست ہے۔

۱۷- نماز شب کا وقت

نماز شب کا وقت آدھی رات سے شروع ہوتا ہے اور سحر تک رہتا ہے۔

نماز شب جتنا سحر ہونے کے قریب نماز شب کو پڑھا جائے فضیلت زیادہ ہے۔ اگر تہجد کی ۸ رکعت نمازیں پڑھ چکا ہے اور پھر نورِ سحر طلوع ہو گیا ہے تو اس کو چاہئے کہ وہ باقی رکعات میں صرف الحمد شریف کو پڑھے ورنہ نماز شب کو تمام کرلے۔

۱۸- نماز شب پڑھنے کا طریقہ

نماز شب پڑھنے کے کئی طریقے ہیں جو کہ کُل گیارہ رکعت ہیں۔ پہلی آٹھ رکعت دو دو رکعت نماز صبح کی طرح پڑھی جاتی ہیں۔ دو رکعت نماز شفع بھی نماز صبح کی دو رکعت کی طرح ہے اس کے بعد ایک رکعت کھڑے ہو کر پڑھی جاتی ہے جس میں قنوت میں دعا کے بعد ستر بار استغفار پڑھا جاتا ہے۔

محمد بن علی ماجیلویہ نے مجھ سے بیان کیا انھوں نے کہا کہ ان سے محمد بن یحییٰ عطار نے روایت کرتے ہوئے محمد بن احمد سے انھوں نے محمد بن حسن بن شمعون سے انھوں علی بن نوفلی سے انھوں نے کہا کہ میں نے امام موسیٰ کاظمؑ کو فرماتے ہوئے سُنا کہ اگر کوئی بندہ نماز شب کے لئے کھڑا ہوتا ہے اور شدید غنودگی کی وجہ سے دائیں بائیں مائل ہوتا ہے اور اس کی ٹھڈی اُس کے سینے پر گرنے لگتی ہے تو اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کے حکم سے آسمان کے دروازے کھُل جاتے ہیں پھر خدا ملائکہ سے کہتا ہے ذرا میرے اس بندے کو دیکھو کہ وہ اس تقرب کی منزل پر پہنچا کہ جو نماز میں نے اُس پر فرض بھی نہیں کی وہ اِس نماز میں مشغول ہے اور مجھ سے تین چیزوں میں سے کسی ایک کا امیدوار ہے یعنی یہ کہ اُس کے گناہ معاف کر دوں یا اُس کی توبہ کو قبول کر لوں یا اُس کے رزق میں زیادتی کر دوں مگر اے میرے ملائکہ میں تم لوگوں کو گواہ کر کے کہتا ہوں کہ میں نے اِس کے لئے یہ تینوں باتیں پوری کر دیں۔

حضرت امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ رات کے آخری حصّہ میں جو شخص نماز شب کے لئے کھڑا ہو تو وہ بلند آواز سے قرأت کرے اور نماز شب بلند آواز سے پڑھے۔ یہاں تک کہ گھر والے اس کی نماز کی آواز سے بیدار ہو جائیں۔

حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سُنا آپ نے قول خدا کے متعلق بیان فرمایا ہے۔ وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ (پچھلے پہر کو اپنی مغفرت کی دعائیں کرتے تھے)

(سورۃ الذاریات نمبر ۵۱ آیت نمبر ۱۸)

انھیں حضرت سے منقول ہے کہ نماز وتر میں ستر (۷۰) مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ کہو داہنے ہاتھ سے شمار کرو اور بائیں ہاتھ کو درست رکھو۔

بیان کیا روایت میں۔ کسی نے احمد بن عبد العزیز رازی سے اور انھوں نے ایک شخص سے اور اُس نے حضرت علی علیہ السلام سے روایت کی ہے۔ اُس کا بیان ہے جب آپ نماز وتر کی آخری رکعت کے رکوع سے سیدھے کھڑے ہوتے تو یہ فرماتے کہ پروردگار تو نے اپنی نازل کی ہوئی کتاب میں فرمایا ہے۔

كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ اللَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ

(وہ لوگ عبادت کی وجہ سے رات کو بہت کم سوتے اور پچھلے پہر کو اپنی مغفرت کی دعائیں کرتے ہیں) (سورۃ الذّاریات ۵۱ آیات نمبر ۱۷-۱۸)

بحمداﷲ میری کم خوابی طویل ہے اور میرا قیام نماز کم ہے اور یہ وقتِ سحر میں تجھ سے اپنے گناہوں کی معافی چاہتا ہوں ایسے شخص کی مانند جس کو نہ اپنے نفع و نقصان پر اختیار ہے اور نہ اپنی موت و حیات اور نہ اپنے حشر و نشر پر اور سجدے میں چلے جاتے تھے۔

بیان کیا مجھ سے جعفر بن علی بن حسن بن علی بن عبداللہ بن مُغیرہ نے روایت کرتے ہوئے اپنے جد حسن بن علی سے انھوں نے عباس بن عامر سے انھوں نے جابر سے انھوں نے ابی عبیدہ حذاء سے اور انھوں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا (قول خدا) سورہ

سجدہ نمبر ۳۲ آیات نمبر ۱۶) میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا

ترجمعہ: (رات کے وقت ان کے پہلو اپنے بستروں سے آشنا نہیں ہوتے اور عذاب کے خوف اور رحمت کی امید پر اپنے رب کی عبادت کرتے ہیں)

اللہ تعالیٰ کا یہ بیان سورہ سجدہ آیت ۱۶ کا (یہ ساری قوم کے لئے نہیں بلکہ) امیر المومنین علیہ السلام کے لئے اور ہمارے شیعوں میں سے ان کا اتباع کرنے والوں کے لئے یہ آیت نازل ہوئی ہے۔ یہ لوگ رات کے ابتدائی حِصّہ میں سو لیتے اور جب رات کا دو تہائی حِصّہ گذر جاتا تو اپنے پروردگار کی طرف رغبت کے ساتھ، عذاب سے خوفزدہ ہو کر اور جو کچھ اللہ کے پاس نعمتیں ہیں ان کی طمع رکھتے ہوئے رجوع کرتے ہیں۔

نماز شب پڑھنے والوں کا چہرہ تمام لوگوں سے زیادہ بارونق اور منوّر ہوتا ہے۔

شیخ صدوّق کے والد رحمۃ اللہ نے فرمایا کہ بیان کیا مجھ سے سعد بن عبداللہ نے روایت کرتے ہوئے۔ یعقوب بن یزید سے انھوں نے اسمٰعیل بن موسیٰ بن جعفر سے انھوں نے اپنے بھائی حضرت علی ابن موسیٰ سے انھوں نے اپنے پدر بزرگوار سے انھوں نے اپنے جد نامدار علیہم السلام سے روایت کی ہے کہ حضرت امام علی ابن الحسین زین العابدین علیہ السلام سے دریافت کیا گیا کہ نماز شب پڑھنے والوں کا چہرہ اور تمام لوگوں سے بارونق اور پُرنور کیوں ہوتا ہے؟ آپ نے فرمایا چونکہ یہ لوگ اللہ تعالیٰ سے تخلیہ میں باتیں کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ انھیں اپنے نور کا لباس پہنا دیتا ہے۔

شیخ صدوّق عِلَل الشّرائع

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

نمازِ شب کے متعلق ائمہ اطہار علیہم السّلام کے ارشادات

۱ - وہ اسباب جن کی بنا پر انسان نمازِ شب سے محروم ہو جاتا ہے ۔
شیخ الصدوقؒ کے والد نے ان سے فرمایا کہ محمد بن یحییٰ عطّار نے روایت کی ہے عمران بن موسیٰ سے انھوں نے کہا کہ بیان کیا حسن علی بن نعمان نے انھوں نے اپنے باپ سے اور انھوں نے روایت کی ہے کہ ایک شخص امیرالمومنین علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی یا امیرالمومنین میں تو نمازِ شب سے بالکل محروم رہا ہوں۔ آپ نے فرمایا پھر تم کو گناہوں نے قید کر رکھا ہے ۔
حضرت امام جعفر صادقؑ نے حسین بن حسن کندی سے فرمایا انسان جھوٹ بولتا ہے تو نمازِ شب سے محروم ہو جاتا ہے ۔ اور جب نماز سے محروم ہوتا ہے تو رزق سے بھی محروم ہو جاتا ہے ۔

۲ - امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا آدم بن اسحاق سے اور انھوں نے ابی زہیر ہندی اور ان سے محمد بن احمد نے اور محمد بن یحییٰ عطار نے روایت کی ہے کہ تم لوگوں پر نمازِ شب لازم ہے کہ نمازِ شب پڑھو اس لئے کہ یہ تمھارے نبی کی سنّت ہے اور تمھارے صالحین کا دستور ہے اور تمھارے اجساد سے امراض کو دور رکھنے والا ہے ۔ نیز امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ نمازِ شب چہرہ کو نورانی بنا دیتی ہے ۔ نمازِ شب خوشبودار بنا دیتی ہے نمازِ شب رزق کو کھینچ لاتی ہے ۔ (علل الشرائع شیخ صدوق صفحہ ۲۸۵)

۳ - امام جعفر صادقؑ نے محمد بن سلیمان دیلمی سے ارشاد فرمایا کہ تم نمازِ شب کبھی نہ چھوڑنا اس لئے کہ جو نمازِ شب سے محروم ہے وہ گھاٹے میں ہے ۔

۴ - حضرت ابوالحسن رضا علیہ السلام نے محمد بن علی بن ابی عبداللہ سے اللہ تعالیٰ کے اس قول کی تفسیر میں "وَرَهْبَانِیَّةَ ابْتَدَعُوْهَا مَا كَتَبْنٰهَا عَلَیْهِمْ اِلَّا ابْتِغَآءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ" (اور ترکِ دنیا کو خود انھوں نے اپنی طرف سے نکالا (اگرچہ) ہم نے اُسے اُن پر واجب نہیں کیا مگر اُن لوگوں نے خدا کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے خود ہی ایسا کر لیا) (سورۃ حدید ۵۷ آیت نمبر ۲۷)
آپ نے فرمایا اس سے مراد نمازِ شب ہے ۔

۵ - محمد بن علی نے انھوں نے محمد بن رازی اور انھوں نے محمد بن یحییٰ عطّار سے روایت کی ہے رسولِ اللہ کے ارشاد کے مطابق جو شخص نمازِ شب پڑھے گا اس کا چہرہ دن میں حسین نظر آئے گا ۔
علل الشرائع ۔ شیخ صدوقؒ

۶ - نمازِ شب کے متعلق اللہ تعالیٰ سورۃ مُزّمّل کی آیت نمبر ۶ میں ارشاد فرماتا ہے کہ وَّاَقْوَمُ قِیْلًا ۝ سے مراد یہ ہے کہ انسان اپنے بسترِ خواب سے اٹھ کر اللہ تعالیٰ کے سامنے جائے اور اس سے اسکا مقصد اور کوئی نہ ہو ۔ علی بن ابراہیم نے روایت کرتے ہوئے اپنے باپ سے اور انھوں نے محمد بن ابی عمیر سے انھوں نے ہشام بن سالم سے انھوں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس کلام اللہ کی تصدیق کی ہے ۔ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّیْلِ هِیَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِیْلًا ۔ (اس میں شک نہیں کہ رات کا اٹھنا بہت پامال کن ہے مگر بہت ٹھکانے کا ذکر ہے)

۷ - محمد بن حریش نے اپنے جد کو کہتے سُنا کہ میں نے انس بن مالک کو یہ کہتے ہوئے سُنا کہ رسولِ اللہ نے فرمایا کہ رات کے آخری حصّہ میں دو رکعت نماز مجھے دنیا و مافیہا سے زیادہ پسند ہے ۔

۸ - امام محمد باقرؑ سے روایت ہے کہ آیت "اٰنَآءَ الَّیْلِ سَاجِدًا وَّقَآئِمًا یَّحْذَرُ الْاٰخِرَةَ وَیَرْجُوْا رَحْمَةَ رَبِّهٖ قُلْ هَلْ یَسْتَوِی الَّذِیْنَ یَعْلَمُوْنَ وَالَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ" (جو شخص رات کے اوقات میں سجدہ کرے یا کھڑے کھڑے اللہ کی عبادت کرتا ہے اور آخرت سے ڈرتا ہو اور اپنے پروردگار کی رحمت کا امیدوار ہو ۔ اے رسولؐ اُن سے پوچھو کہ کیا جاننے والے اور نہ جاننے والے برابر ہو سکتے ہیں) اس سے مراد نمازِ شب ہے ۔
(سورۃ الزُمَر ۳۹، آیت نمبر ۹)

نمازِ شب میں نمازِ شفع کے بعد پڑھنے کی دُعاء

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِلٰهِیْ تَعَرَّضَ لَكَ فِیْ هٰذَا اللَّیْلِ الْمُتَعَرِّضُوْنَ وَقَصَدَكَ الْقَاصِدُوْنَ وَاَمَّلَ فَضْلَكَ وَمَعْرُوْفَكَ الطَّالِبُوْنَ وَلَكَ فِیْ هٰذَا اللَّیْلِ نَفَحَاتٌ وَجَوَائِزُ وَعَطَایَا وَمَوَاهِبُ تَمُنُّ بِهَا عَلٰی مَنْ تَشَآءُ مِنْ عِبَادِكَ وَتَمْنَعُهَا مَنْ لَّمْ تَسْبِقْ لَهُ الْعِنَایَةُ مِنْكَ وَهَا اَنَا ذَا عُبَیْدُكَ الْفَقِیْرُ اِلَیْكَ الْمُؤَمِّلُ فَضْلَكَ وَمَعْرُوْفَكَ فَاِنْ كُنْتَ یَا مَوْلَایَ تَفَضَّلْتَ فِیْ هٰذِهِ اللَّیْلَةِ عَلٰی اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ وَعُدْتَ عَلَیْهِ بِعَآئِدَةٍ مِّنْ عَطْفِكَ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ

الْخَیِّرِیْنَ الْفَاضِلِیْنَ وَجُدْ عَلَیَّ بِطَوْلِكَ وَمَعْرُوْفِكَ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَاٰلِهِ الطَّاهِرِیْنَ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا اِنَّ اللّٰهَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَدْعُوْكَ كَمَا اَمَرْتَ فَاسْتَجِبْ لِیْ كَمَا وَعَدْتَ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ۝

نوٹ : یہ دعا کتاب مفاتیح الجنان میں اعمالِ شبِ نیمہ شعبان میں موجود ہے ۔

نمازِ شب میں نمازِ وتر جو کہ ایک رکعت ہے اس کے دعائے قنوت میں پڑھنے کی دُعاء ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِیْ فِیْ مَنْ هَدَیْتَ وَعَافِنِیْ فِیْ مَنْ عَافَیْتَ وَتَوَلَّنِیْ فِیْ مَنْ تَوَلَّیْتَ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ مَآ اَعْطَیْتَ وَقِنِیْ شَرَّ مَا قَضَیْتَ فَاِنَّكَ تَقْضِیْ وَلَا یُقْضٰی عَلَیْكَ سُبْحَانَكَ رَبَّ الْبَیْتِ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَیْكَ وَاُؤْمِنُ بِكَ وَاَتَوَكَّلُ عَلَیْكَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ یَا رَحِیْمُ ۔

نوٹ : یہ دعا کتاب مفاتیح الجنان نمازِ وتر کے ذیل میں لکھی ہے ۔

انبیاءؑ کی دعائیں

حضرت سلیمانؑ کی دُعاء مشکلات کو حل کرنے کے بعد شکرانہ ۔
(سورہ نمل ۲۷ - آیت نمبر ۱۹)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

رَبِّ اَوْزِعْنِیْ اَنْ اَشْکُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَاَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِكَ فِیْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِیْنَ ○

ترجمہ: پروردگارا! مجھے توفیق عطا فرما کر جیسی جیسی نعمتیں تونے مجھ پر اور میرے والدین پر نازل فرمائی ہیں۔ میں (ان کا) شکریہ ادا کروں اور میں ایسے نیک کام کروں جیسے تو پسند فرمائے اور تو اپنی خاص مہربانی سے مجھے (اپنے) نیکوکار بندوں میں داخل کر۔

حضرت موسیٰ کی دُعاء۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دشمنوں سے پناہ اور حفاظت کے لئے اور مغفرت کی دعاء۔ (سورہ القصص ۲۸۔ آیت نمبر۱۶)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

رَبِّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ لِیْ فَغَفَرَ لَهٗ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ○

ترجمہ: پروردگار! بیشک میں نے اپنے اوپر آپ ظلم کیا (کہ شہر میں آیا) تو تو مجھے (دشمنوں سے) پوشیدہ رکھ۔ غرض خدا نے انھیں پوشیدہ رکھا اس میں تو شک نہیں کہ وہ بڑا پوشیدہ رکھنے والا مہربان ہے۔

ایک رات کا واقعہ ہے جبکہ حضرت موسیٰؑ فرعون کے شہر میں جا رہے تھے کہ اُن کے ایک شیعہ دوست نے اُن کو مدد کے لئے پکارا انھوں نے فوراً اپنے شیعہ کی مدد کی اور اُس کی حمایت میں اس کے دشمن کو ایک مُکّا مار دیا۔ اُس کی زد سے وہ شخص جاں بحق ہو گیا اور حضرت موسیٰؑ نے اللہ تعالیٰ سے دعاء کی۔ یہ دعاء اُس موقع کی ہے اور قرآن شریف میں موجود ہے۔

انبیاء علیہم السّلام سے منسوب چند دعائیں

۱- دُعائے حضرت پیغمبر آخر الزّمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم

یہ دُعا آنحضرتؐ نے غار میں تلاوت فرمائی تھی اور شرِّ کفّار سے محفوظ رہے۔ آنحضرت کا فرمان ہے جو اس دُعا کی تلاوت کرے گا خداوند عالم اس کی اعانت و مدد کرے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا مُوْنِسَ الْمُسْتَوْحِشِیْنَ وَیَا اَنِیْسَ الْمُتَفَرِّدِیْنَ وَیَا ظَهْرَ الْمُنْقَطِعِیْنَ وَیَا قُوَّةَ الْمُسْتَضْعَفِیْنَ وَکَنْزَ الْفُقَرَآءِ وَیَا مَوْضِعَ شَکْوَی الْغُرَبَآءِ وَیَا مُنْفَرِدًا بِالْجَلَالِ وَیَا مَعْرُوْفًا بِالنَّوَالِ وَیَا کَثِیْرَ الْاَفْضَالِ اَغِثْنِیْ عِنْدَ کُرْبَتِیْ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ۔

۲- دعاء حضرت آدم علیہ السّلام

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَکُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ○

(سورۃ الاعراف۔ آیت ۲۳)

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! ہم نے ظلم کیا اپنی جانوں پر اور تو اگر نہ بخشش فرمائے تو ہمارے لئے اور نہ رحم فرمائے

ہم پر تو یقیناً ہم نقصان اٹھانے والوں سے ہو جائیں گے۔

۳- دعاء حضرت ابراہیمؑ و حضرت اسماعیلؑ

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

(سورہ بقرہ آیت ۱۲۷)

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار ہماری (یہ خدمت) قبول فرما کر بے شک تو ہی سُننے والا ہے جاننے والا ہے۔

۴- دعاء حضرت زکریاؑ

رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ۔ (سورہ آل عمران۔ آیت ۳۸)

ترجمہ: اے پالنے والے تو مجھ کو اپنی بارگاہ سے پاکیزہ اولاد عطا فرما۔ بے شک تو ہی دُعا کا سننے والا ہے۔ نیک اور اللہ تعالیٰ کے فرمانبردار بیٹے کی پیدائش کے لئے اس دُعا کو بار بار پڑھئے۔

ہر نماز فریضہ کے بعد اس دعا کو سات بار پڑھنے سے اولاد نیک اور فرمانبردار رہتی ہے۔

۵- حضرت زکریاؑ کی دوسری دُعاء

فَهَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِیًّا (سورہ مریم آیت ۵)

ترجمہ: اے پروردگار! مجھ کو اپنی بارگاہ سے ایک وارث عطا فرما۔

حضرت ذکریاؑ نے یہ دعاء مانگی تھی کہ انھیں اللہ تعالیٰ ایک

بیٹا عطا فرمائے جو ان کا جانشین بنے۔

حضرت ابراہیمؑ نے اللہ تعالیٰ سے دعاء کی کہ اُن کو توفیق عطا فرمائے کہ وہ اللہ کے بندوں کو راہ راست کی ہدایت کر سکیں اور مُتّقی بننے کے لئے خدا کا فرمان سُنائیں۔

(سورۃ الشعراء۔ آیت نمبر ۸۳ سے ۸۹)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

رَبِّ هَبْ لِیْ حُکْمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ۙ وَاجْعَلْ لِّیْ لِسَانَ صِدْقٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ ۙ وَاجْعَلْنِیْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِیْمِ ۙ وَاغْفِرْ لِاَبِیْٓ اِنَّهٗ کَانَ مِنَ الضَّآلِّیْنَ ۙ وَلَا تُخْزِنِیْ یَوْمَ یُبْعَثُوْنَ ۙ

یَوْمَ لَا یَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ۙ

اِلَّا مَنْ اَتَی اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ ؕ

ترجمہ: اے پروردگار! مجھے علم و فہم عطا فرما اور مجھے نیکوں کے ساتھ شامل کر اور آئندہ آنے والی نسلوں میں میرا ذکر خیر قائم رکھ اور مجھے بھی نعمت کے باغ (بہشت) کے وارثوں میں سے بنا اور میرے (منہ بولے) باپ (چچا آزر) کو بخش دے کیونکہ وہ گمراہوں میں سے ہے اور جس دن لوگ قبروں سے اٹھائے جائیں گے مجھے رُسوا نہ کرنا جس دن نہ تو مال ہی کچھ کام آئے گا اور نہ لڑکے بالے مگر جو شخص اللہ کے سامنے (گناہوں سے) پاک دل لئے ہوئے حاضر ہوگا (وہ فائدہ میں رہے گا)۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

۶- حضرت زکریاؑ کی تیسری دعاء

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ۔

(سورہ انبیا۔ آیت ۸۹)

ترجمہ: اے پالنے والے مجھے تنہا (بے اولاد) نہ چھوڑ اتو سارے وارثوں میں سب سے اعلیٰ وارث ہے۔

۷- حضرت یونسؑ کی دُعاء

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

(سورہ انبیا۔ آیت ۸۷)

ترجمہ: تیرے سوا کوئی آقا نہیں تو پاک وپاکیزہ ہے میں بیشک قصوروار ہوں۔

یہ دعاء حضرت یُونسؑ نے اسوقت مانگی تھی جب ان کو مچھلی نے نگل لیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی دعاء قبول کی اور اُن کو اس مصیبت سے نجات دی۔ ہر طرح کی مصیبت سے چھٹکارا پانے کے لئے دو رکعت نماز حاجت پڑھ کر ۷۰۰ مرتبہ یہ آیت کریمہ کی تلاوت کرے۔ عموماً ایک نشست میں بہت سے لوگ مل کر ایک لاکھ کی تعداد میں پڑھ کر ختم کرتے ہیں۔ مُراد پوری ہوتی ہے۔

حضرت ایوب علیہ السلام کی دُعاء

اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ۔

(سورہ انبیا۔ آیت ۸۳)

ترجمہ: نقد ان نے مجھے گھیر لیا ہے تو سب رحم کرنے والوں میں

سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔

خدا نے حضرت ایوبؑ کے سخت امتحان لئے کبھی دولت سے کبھی اولاد سے کبھی صحت سے مگر وہ نہ گھبرائے اور انھوں نے ہمیشہ یہ دعاء پڑھی۔

۹- حضرت لوطؑ کی دُعاء

رَبِّ انْصُرْنِیْ عَلَی الْقَوْمِ الْمُفْسِدِیْنَ۔

(سورہ عنکبوت۔ آیت ۳۰)

ترجمہ: اے پالنے والے فسادی گروہ کے مقابلہ میں میری مدد فرما۔

اس دُعاء میں حضرت لوطؑ نے اپنی قوم کی شرمناک بداعمالیوں کے خلاف اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کی تھی۔

۱۰- حضرت یوسفؑ کی دُعاء

تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ۔

ترجمہ: تو مجھے مُسلمان اٹھا اور تو مجھے نیکوکاروں میں شامل فرما۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت یوسفؑ کو ان کے شریر بھائیوں کے شر سے بچایا۔ قید سے نجات دی۔ بچھڑے ہوئے ماں باپ سے ملایا عقل ودانش عطا فرمائی۔ حکومت عطا فرمائی۔ تب حضرت یوسفؑ نے یہ دعاء پڑھی تھی۔ مصیبت سے جلدی چھٹکارا حاصل کرنے، محنت اور کوشش سے خواہشات کی تکمیل کے لئے یہ دعا پڑھے۔

۱۱- حضرت ابراہیمؑ کی ایک اور دعاء

رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ رَبَّنَا وَ

تَقَبَّلْ دُعَآءِ۔ (سورہ ابراہیم۔ آیت ۴۰)

ترجمہ: اے پالنے والے! مجھے اور میری اولاد کو نماز کا پابند بنادے اے ہمارے رَبّ ہماری دُعا قبول فرما۔

ہر سُنّت اور فرض نماز کے بعد یہ دعاء پڑھنی چاہیے۔

۱۲- دعاء اصحاب کہف

رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَیِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا۔

(سورہ کہف۔ آیت ۱۰)

ترجمہ: اے ہمارے پالنے والے اپنی بارگاہ سے رحمت عطا فرما۔ ہمارے لئے ہمارے کام میں کامیابی عنایت کر۔

یہ دعاء اصحاب کہف نے اس وقت مانگی تھی جب انھوں نے ظالم بادشاہ کے گھوڑوں اور اس کے سپاہیوں کی آمد کی آواز سُنی تھی جو کہ ان کو اس لئے قتل کرنا چاہتے تھے کہ انھوں نے بتوں کی پوجا کرنے سے انکار کیا تھا۔ دُشمنوں کے مکروفریب اور چالوں سے بچنے کے لئے یہ دُعاء پڑھی جائے اور اللہ تعالیٰ سے نجات طلب کی جائے۔

۱۳- حضرت موسیٰؑ کی دعائیں

اَنْتَ وَلِیُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الْغٰفِرِیْنَ۔

(سورہ اعراف۔ آیت ۱۵۵)

ترجمہ: تو ہی ہمارا مالک ہے تو ہمارے قصور معاف کر ہم پر رحم کر۔ تو تمام بخشنے والوں میں سب سے زیادہ بہتر ہے۔

حضرت موسیٰؑ نے ستّر افراد کا انتخاب اپنی قوم کے لوگوں میں سے کیا۔ جنھوں نے اللہ تعالیٰ کو اپنی آنکھوں سے دیکھنے کی خواہش کی

تھی۔ جب حضرت موسیٰؑ ان لوگوں کو پہاڑ پر لے کر گئے تو ایک بڑی چمک اور زلزلہ نے ان سب کو تباہ کردیا۔ اس وقت حضرت موسیٰؑ نے اپنے اور اپنے نیک ساتھیوں کے لئے یہ دعا مانگی۔

۱۴- حضرت موسیٰؑ کی ایک اور دُعاء

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ۔ (سورہ یونس۔ آیت ۸۵-۸۶)

ترجمہ: اے ہمارے پالنے والے تو ہمیں ظالموں کا (ذریعہ) امتحان نہ بنا۔ اپنی رحمت سے تو ہمیں کافروں کے گروہ سے نجات دے۔

جب حضرت موسیٰؑ نے دیکھا کہ سوائے چند افراد کے ان کی بات ان کی قوم کے لوگ نہیں سنتے، فرعون اور اس کے سرداروں کے ڈر اور خوف سے موسیٰؑ کے بتائے ہوئے راستے پر نہیں چلتے تو ان چند نیکوکار لوگوں کو ہدایت کی کہ وہ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھیں۔ تب انھوں نے یہ دعا پڑھی۔

۱۵- حضرت موسیٰؑ کی ایک اور دعاء

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ۔ (سورہ طٰہٰ۔ آیت ۲۵-۲۶)

ترجمہ: اے پالنے والے! میرے لئے میرے سینہ کو کشادہ فرما (ہمت دے) میرا کام میرے لئے آسان کردے۔ اور میری زبان کی گرہ کھول دے۔

جب اللہ تعالیٰ نے موسیٰؑ سے کہا کہ وہ فرعون کے سامنے جاکر

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

خدا کی قدرت کا مظاہرہ کریں ان دو معجزوں کی مدد سے جو انھیں عطا کئے گئے تھے تو موسیٰؑ نے جاتے وقت یہ دعاء مانگی ۔

۱۶ - حضرت عیسیٰؑ کی دعاء

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ بِاَنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنۡتَ اللّٰہُ الۡقَیُّوۡمُ الطَّاھِرُ الۡمُطَھَّرُ نُوۡرُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَاَنۡ تَفۡعَلَ بِیۡ ۔

۱۷ - حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم

کی تعلیم فرمائی ہوئی دعائیں ۔

اَللّٰھُمَّ اھۡدِنِیۡ مِنۡ عِنۡدِکَ وَاَفِضۡ عَلَیَّ مِنۡ فَضۡلِکَ وَانۡشُرۡ عَلَیَّ مِنۡ رَّحۡمَتِکَ وَاَنۡزِلۡ عَلَیَّ مِنۡ بَرَکَاتِکَ ۔

رسول اکرمؐ نے مندرجہ بالا دعاء شَہ ہَنَدلی کو آخرت میں بہتر مندی کے لئے تعلیم فرمائی ۔ اور یہی دعا ۔ اندھے پن ، دیوانگی ، سفید داغ ، کوڑھ اور پریشانی سے عافیت میں رہنے کیلئے بتائی ہے ۔

۱۸ - رسول خداؐ کی تعلیم کردہ دعاء

شیخ ابو الدّرداء کو خبر دی کہ تیرا گھر جل گیا ہے تو وہ کہنے لگا کہ نہیں جلا ہے ۔ کسی اور آدمی نے آکر کہا پھر اس نے یہی جواب دیا ۔ پھر معلوم ہوا کہ اس کے اطراف کے گھر جل گئے اور اس کا گھر نہیں جلا ہے ۔ لوگوں نے پوچھا کہ تجھے کیسے معلوم کہ تیرا گھر نہیں جلا ہے ۔

کہنے لگا کہ میں نے رسول خداؐ سے سُنا تھا کہ جو شخص صبح کو مندرجہ ذیل دعاء پڑھے گا تو اس دن اس کو کوئی بدی نہیں پہنچے گی ۔ اور میں نے اِس دعا کو آج صبح پڑھا تھا ۔

اَللّٰھُمَّ اَنۡتَ رَبِّیۡ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنۡتَ عَلَیۡکَ تَوَکَّلۡتُ وَاَنۡتَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ وَلَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ مَا شَاءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَا لَمۡ یَشَاۡ لَمۡ یَکُنۡ اَعۡلَمُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ وَاَنَّ اللّٰہَ قَدۡ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیۡءٍ عِلۡمًا اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِکَ مِنۡ شَرِّ نَفۡسِیۡ وَمِنۡ شَرِّ قَضَآءِ السُّوۡءِ وَمِنۡ شَرِّ کُلِّ ذِیۡ شَرٍّ وَمِنَ الۡجِنِّ وَالۡاِنۡسِ وَمِنۡ شَرِّ کُلِّ دَآبَّۃٍ اَنۡتَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیۡ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ ۔

۱۹ - بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ عَلَیۡہِ تَوَکَّلۡتُ وَھُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ مَا شَآءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَا لَمۡ یَشَاۡ لَہٗ لَمۡ یَکُنۡ اَشۡھَدُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ وَاَنَّ اللّٰہَ قَدۡ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیۡءٍ عِلۡمًا اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِکَ مِنۡ شَرِّ نَفۡسِیۡ وَمِنۡ شَرِّ کُلِّ دَآبَّۃٍ اَنۡتَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیۡ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ ۔

۲۰ - اَنسؓ سے روایت ہے کہ حضرت رسول خداؐ نے فرمایا کہ جو شخص اس

دعا کو ہر صبح و شام پڑھے تو خداوند عالم موکل چار فرشتوں کو جو اُس کی حفاظت کریں گے ۔ اگر جن و انس نقصان پہنچانا چاہیں تو نہیں پہنچا سکیں گے ۔ وہ دعا یہ ہے ۔

